بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار
Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified
روزنامہ امروز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر حکیم اکمل
جلد نمبر 12 | بروز جمعہ 08 جنوری 2021ء 24 جمادی الاول 1442ھ | شمارہ 193 | قیمت 10
www.imroz.com.pk

عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں، جام کمال

تمام کوئلہ کانوں میں سیفٹی انتظامات کیلئے اقدامات اٹھانے اور سہولیات یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ تمام کول فیلڈ سائٹس کا معائنہ کر کے حفاظتی انتظامات کا از سر نو جائزہ لیا جائے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

صوبے بھر میں سیکورٹی کے سخت انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے تمام دستیاب سائل کو بروئے کار لایا جائے، صوبے بھر میں عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیلئے موثر اقدامات کئے جا رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت امن وامان کی صورتحال سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس جمعرات کے روز یہاں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت حاجی محمد خان لہڑی، صوبائی مشیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ، پارلیمانی سیکرٹری محترمہ بشریٰ رند، چیف

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم کی جانب سے سانحہ مچھ پر اہم مشاورتی اجلاس، کوئٹہ متوقع روانگی پر بریفنگ

اب تک وزیر اعظم عمران خان کی کوئٹہ روانگی کے حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کی جانب سے سانحہ مچھ پر اہم مشاورتی اجلاس میں وزیر اعظم کی کوئٹہ متوقع روانگی پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں ملکی سیکورٹی صورتحال، قومی امور کا جائزہ اور مچھ متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی سے متعلق بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی وزراء اور تحریک

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سانحہ مچھ پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، وزیر اعظم رواں ہفتے ہی کوئٹہ جائیں گے، وزیر اطلاعات

ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانا چاہیے، ورثہ میں ملے مسائل دو سال میں ختم کر کے ملک سویڈن نہیں بنا سکتے، شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ سانحہ مچھ پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، وزیر اعظم رواں ہفتے ہی کوئٹہ جائیں گے، ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانا چاہیے، ورثہ میں ملے مسائل دو سال میں ختم کر کے ملک سویڈن نہیں بنا سکتے۔ وزیر اطلاعات شبلی فراز نے غیر رسمی

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، نائب صدر ن لیگ مریم نواز شریف اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سانحہ مچھ کے شہداء کے لواحقین سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے

بلاول بھٹو
مریم نواز

مائیں، بہنیں، بیٹیاں اپنے پیاروں کی لاشیں رکھ کر عمران خان کو دہائی دے رہی ہیں کہ خدارا ہمارے سر پر ہاتھ رکھو، عمران خان اپنی انا کی وجہ سے نہیں آرہے، مرکزی رہنماء ن لیگ مریم نواز

نیشنل ایکشن پلان پر حقیقی روح کے مطابق عملدرآمد کیا جائے، بدقسمتی سے ہم ایسے ملک میں رہتے ہیں جہاں شہداء اور لاش کو بھی احتجاج کرنا پڑتا ہے، بلاول بھٹو زرداری کوئٹہ میں خطاب کے دوران آبدیدہ ہوگئے

کوئٹہ (امروز نیوز + نیوز ایجنسیاں + مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کوئٹہ میں ہزارہ برادری کے شہداء کے لواحقین سے خطاب کے دوران آبدیدہ ہوگئے۔ جمعرات کو ہزارہ برادری کے شہدا کے لواحقین سے خطاب کے دوران بلاول

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان پیپلز پارٹی کا وفد کوئٹہ کا دورہ مکمل کر کے کراچی روانہ

مسلم لیگ (ن) کا وفد اپنا دورہ مکمل کر کے (آج) روانہ ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کا وفد کوئٹہ کا دورہ مکمل کر کے کراچی روانہ جبکہ مسلم لیگ (ن) کا وفد (آج) جمعہ کو روانہ ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ہزارہ برادری سے اظہار یکجہتی کے لئے آنے والا پیپلز پارٹی کا

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسامہ ستی قتل کیس، جے آئی ٹی کا (آج) اجلاس طلب کر لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسامہ ستی قتل کیس کے حوالے سے بننے والی جے آئی ٹی کا اجلاس (آج) جمعہ کو طلب

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سبی، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جمال خان مندوخیل ڈسٹرکٹ جیل کے دورے کے موقع پر چاک و چوبند دستہ سلامی پیش کر رہا ہے

نیب ایک خود مختار ادارہ ہے، ڈی جی آپریشن نیب

نیب کا ادارہ ملک میں کرپشن کے خلاف آزادانہ اور بلا تفریق کام کر رہا ہے، ظاہر شاہ

نیب کا کام بدعنوانی کی روک تھام کرنا ہے صاف ستھرے طریقے سے کاروبار کرنے والے کاروباری لوگ نیب سے خوفزدہ نہ ہوں

گوادر (خ ن) ڈی جی آپریشنل نیب پاکستان ظاہر شاہ نے کہا ہے کہ نیب ایک خود مختار ادارہ ہے جو ملک میں احتساب کے عمل کو کسی امتیاز کے بغیر آگے بڑھا رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں گوادر دورے کے موقع پر چیمبر آف کامرس، رئیل اسٹیٹ ایسوسی ایشن اور فش پراسیسنگ انڈسٹری سمیت مختلف صنعتی اداروں کے کاروباری افراد کے ساتھ ملاقات کے موقع پر غیر رسمی گفتگو کے دوران کیا، اس موقع پر نیب کے اعلیٰ افسران اور

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

یونیورسٹی درپیش مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے، جسٹس جمال مندوخیل

درس و تدریس کے معاملے میں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کریں تاکہ طلباء کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے

سبی یونیورسٹی کا قیام نا صرف سبی کے لیے بلکہ دیگر قرب و جوار کے علاقے والوں کے لئے بھی ایک عظیم نعمت سے کم نہیں ہے، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ

سبی (خ ن) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل دو روزہ دورے پر سبی پہنچ گئے ہیں ان کے ہمراہ جسٹس محمد ہاشم کاکڑ، جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس نذیر احمد لانگو، جسٹس روزی خان بڑیچ، راشد محمود رجسٹرار ہائی کورٹ موجود تھے چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ اور دیگر جج صاحبان کا سبی پہنچنے پر ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی، ایس ایس پی سبی ملک فاروق فیض لہڑی اور دیگر افسران نے پرتپاک استقبال کیا چیف جسٹس

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شبلی فراز صاحب وزیر اعظم کو مشورہ دیں کہ وہ کوئٹہ آئیں، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے ہے کہ شبلی فراز صاحب

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے بہت جلد مثبت نتائج برآمد ہوں گے، گورنر بلوچستان

اس ضمن میں صوبے بھر کے تمام اضلاع بالخصوص دور افتادہ علاقوں کے عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانا موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں

پل پل بدلتی دنیا میں جدید وقت کے تقاضوں اور انسانی ضروریات کو مدنظر رکھ کر ہی قلیل، درمیانہ اور طویل المدت منصوبوں کا صحیح اور بروقت تعین کیا جا سکتا ہے، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ پل پل بدلتی دنیا میں جدید وقت کے تقاضوں اور انسانی ضروریات کو مدنظر رکھ کر ہی قلیل، درمیانہ اور طویل المدت منصوبوں کا صحیح اور بروقت تعین کیا جا سکتا ہے۔ اس ضمن میں صوبے بھر کے تمام اضلاع بالخصوص دور افتادہ علاقوں کے عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانا موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں تحریک انصاف کے صوبائی رہنما نواب خان دومڑ کی قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر یاسین زئی نے کہا ہے صوبے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عوامی نیشنل پارٹی کا صوبہ بھر کے میڈیکل طلبہ و طالبات کے دھرنے کی حمایت کا اعلان

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی خیبر پختونخوا نے صوبہ بھر کے میڈیکل طلبہ و طالبات کی جانب سے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم نے راوی اربن ڈویلپمنٹ منصوبے پر پیش رفت کو تسلی بخش قرار دیدیا

منصوبے کے طے شدہ اہداف کو مقررہ وقت پر پورا کیا جائے، عمران خان کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے راوی اربن ڈویلپمنٹ منصوبے پر پیش رفت کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ منصوبے کے طے شدہ اہداف کو مقررہ وقت پر پورا کیا جائے اور ماحولیاتی تحفظ کے تمام قانونی تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے اس میں کسی قسم کی

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم کے متوقع دورے سے قبل کوئٹہ شہر کی سڑکوں کی صفائی اور خصوصی انتظامات کئے گئے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعظم کے متوقع دورے سے قبل کوئٹہ شہر کی سڑکوں کی صفائی اور خصوصی انتظامات کئے گئے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مردم شماری کو سیاسی منافقت کی نظر نہیں ہونے دینگے، مصطفیٰ کمال

کراچی (آن لائن) پاک سر زمین پارٹی کے چیئرمین سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کراچی سندھ کو 95 فیصد جبکہ

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہماری حکومت افریقی ممالک کیساتھ معاشی روابط کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، شاہ محمود قریشی

افریقہ اور پاکستان کے مابین دوطرفہ تعلقات اور معاشی وتجارتی تعاون کے فروغ کے بہت سے مواقع موجود ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ہماری حکومت افریقی ممالک کے ساتھ معاشی روابط کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، افریقہ اور پاکستان کے مابین دوطرفہ تعلقات اور معاشی وتجارتی تعاون کے فروغ کے بہت سے مواقع موجود ہیں، پاکستان اور افریقی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں عدم استحکام سے سی پیک کو نقصان پہنچے گا، شاہ محمود قریشی

کئی بار کہہ چکا ہوں بھارت کا ایک واضح ایجنڈا ہے جس کے ذریعے ملک میں عدم استحکام پیدا کیا جا رہا ہے، وزیر خارجہ

ہمارے دشمن ہمیں پریشان کرنے کیلئے ہر حربہ استعمال کرینگے، بھارتی حکومت اس سے توجہ ہٹانے کے لیے ہر حربہ استعمال کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ملک میں عدم استحکام بھارت کی ہائبرڈ وار کا ایک حصہ ہے، کوشش ہے کہ بھارت کی ایسی سازشوں کو ناکام بنائیں، بلوچستان میں عدم استحکام سے سی پیک کو نقصان پہنچے گا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہمارے دشمن ہمیں پریشان کرنے کیلئے ہر حربہ استعمال کرینگے، کئی بار کہہ چکا ہوں بھارت کا ایک واضح ایجنڈا ہے جس کے ذریعے ملک میں عدم

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سانحہ مچھ کیخلاف حب میں دھرنا، قومی شاہراہ بلاک

لسبیلہ پریس کلب حب کے سامنے احتجاجی کیمپ قائم

لسبیلہ (این این آئی) سانحہ مچھ کے خلاف حب میں دھرنا، قومی شاہراہ بلاک ہوگئی، لسبیلہ پریس کلب حب کے سامنے احتجاجی کیمپ قائم کر دیا گیا۔ مجلس وحدت المسلمین

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نومبر، دسمبر میں ہماری برآمدات بھارت اور بنگلہ دیش سے بہتر رہیں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ نومبر، دسمبر 2020 میں ہماری برآمدات کے مقابلے میں پڑوسی ممالک بھارت اور بنگلہ دیش کی برآمدات منفی رہی ہیں۔ عمران خان نے سوشل میڈیا سائٹ ٹوئٹر پر جاری اپنے پیغام میں کہا کہ علاقائی

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سانحہ کے 7 افغان شہریوں کی لاشیں افغانستان منتقلی میں معاونت کرے، افغانستان

معلومات ہیں افغان کان کن رسول ولد غلام علی حملے میں محفوظ رہا، معلومات ہیں رسول ولد غلام علی اس وقت بلوچستان میں زیر حراست ہے

افغان سفارتخانے کو افغان شہری رسول تک قونصلر رسائی دی جائے، کوئٹہ میں موجود افغان قونصل جنرل پاکستان سے رابطے میں رہے، افغان سفارتخانہ

اسلام آباد (این این آئی) افغان سفارتخانے نے وزارت خارجہ کو ایک اور مراسلہ لکھ کر کہا ہے کہ پاکستان مچھ سانحے میں جاں بحق 7 افغان شہریوں کی لاشیں افغانستان منتقلی میں معاونت کرے۔ مراسلہ کے مطابق مچھ میں حالیہ دہشت گردی کے واقعے میں 11 کان کن جاں بحق ہوئے جس میں 7 افغان شہری تھے، واقعے کی تحقیقات میں افغانستان، پاکستان کی معاونت کریگا اور دونوں ممالک ملکر ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچائیں

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حمزہ شہباز ضمانت کیس میں نیب نے مزید دستاویزات عدالت میں جمع کروا دیں

اسلام آباد (این این آئی) حمزہ شہباز ضمانت کیس میں نیب نے مزید دستاویزات عدالت میں جمع کروا دیں۔

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مچھ میں ظلم و بربریت پر پوری پاکستانی قوم اور وزیر اعظم رنجیدہ ہیں، شبلی فراز

یہ انسانی مسئلہ ہے کسی کو سیاست نہیں کرنی چاہیے، وزیر اعظم کوئٹہ ضرور جائیں گے، کسی کی تکلیف پر سیاسی سکورنگ نہیں ہونی چاہیے، شہریوں کے جان و مال کی حفاظت حکومت کا فرض ہے، وزیر اطلاعات

دہشتگردی بالکل ختم نہیں ہوئی، ہم سب کو ملکر دشمن کے عزائم کو خاک میں ملانا چاہیے، شہریوں کا تحفظ حکومت کا فرض ہے، ہماری اولین ترجیح ہے مستقبل میں ایسے واقعات نہ ہوں اور گھناؤنے لوگوں کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ مچھ میں ظلم و بربریت پر پوری پاکستانی قوم اور وزیر اعظم رنجیدہ ہیں، یہ انسانی مسئلہ ہے، وزیر اعظم کوئٹہ ضرور جائیں گے، کسی کی تکلیف پر سیاسی سکورنگ نہیں ہونی چاہیے، شہریوں کے جان و مال کی حفاظت حکومت کا فرض ہے، دہشتگردی بالکل ختم نہیں ہوئی، ہم سب کو ملکر دشمن کے عزائم کو خاک ملانا چاہیے، شہریوں کا تحفظ حکومت کا فرض ہے، ہماری اولین ترجیح ہے مستقبل میں ایسے واقعات نہ ہوں اور گھناؤنے لوگوں کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات نے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پیپلز پارٹی کا حکومت کے خلاف ریفرنس دائر کرنے کیلئے عدالتوں سے رجوع کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کے خلاف ریفرنس دائر

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، ڈی سی قائم لاشاری باکسر صنوبر خان کو سوینئر دے رہے ہیں، جویریہ ترین، ضیاء الرحمٰن اے سی حضرت ولی کاکڑ بھی موجود ہیں

حکومت دہشتگردوں کا مقابلہ کرنے میں ناکام ہو چکی ہے، سراج الحق

معصوم لوگوں کو چوکوں، چوراہوں میں بے دردی سے ذبح کیا جا رہا ہے، مچھ میں درندگی اور بربریت کا مظاہرہ کیا گیا

وزیر اعظم کے جانے سے وارثین کو تسلی ہوتی ہے تو انھیں سو بار جانا چاہئے، مدینہ کی اسلامی ریاست کا یہی مطلب ہے، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ حکومت دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے میں ناکام، معصوم لوگوں کو چوکوں، چوراہوں میں بے دردی سے ذبح کیا جا رہا ہے۔ مچھ میں درندگی اور بربریت کا مظاہرہ کیا گیا اگر وزیر اعظم کے جانے سے وارثین کو تسلی ہوتی ہے تو انھیں ایک نہیں سو بار وہاں جانا چاہیے۔ مدینہ کی اسلامی ریاست کا یہی مطلب ہے۔ مارشل لاز اور مختلف سیاسی پارٹیوں کی حکومتوں کو عوام نے آزما لیا۔ ظلم و جبر کے نظام سے چھٹکارا حاصل کیے بغیر لوگوں کے دکھوں کا مداوا ممکن نہیں۔ وڈیروں، جاگیرداروں اور استعمار کے نمائندوں نے گزشتہ 73 برسوں میں اپنے کارخانوں اور جائیدادوں میں اضافہ کیا جب کہ غریب کے بچے سے روٹی کا نوالا بھی چھین لیا۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے منصورہ میں کارکنان سے گفتگو، کسووال میں سابق امیر جماعت اسلامی چیچہ وطنی حاجی مشتاق احمد کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹر

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکی شہری نے 88 ہزار امریکی ڈالرز کے عوض مارخور کا شکار کر لیا

امریکی شہری نے 88 ہزار امریکی ڈالر کے عوض شکار کی اجازت حاصل کی

چترال (این این آئی) صوبہ خیبر پختونخواہ کے شہر چترال میں امریکی شہری نے 88 ہزار امریکی ڈالرز کے عوض مارخور کا شکار کر لیا۔ محکمہ تحفظ جنگلات کے مطابق چترال میں امریکی شہری نے 88 ہزار امریکی ڈالر کے عوض مارخور کا شکار کیا جس کی پاکستانی روپے میں مالیت ایک کروڑ

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں 4 لاکھ 50 ہزار کورونا وائرس کے مریض شفایاب ہو گئے

اسلام آباد (این این آئی) کورونا مریضوں کی تعداد کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں پاکستان ایک بار پھر 28 ویں نمبر پر آگیا ہے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کا گائیڈڈ ملٹی لانچ راکٹ سسٹم فتح ون کا کامیاب تجربہ

صدر، وزیر اعظم اور آرمی چیف کی کامیاب تجربے پر سائنسدانوں کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے دشمن کے علاقے میں دور تک ہدف کو نشانہ بنانے والے گائیڈڈ ملٹی لانچ راکٹ سسٹم فتح ون کا کامیاب تجربہ کر لیا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان نے گائیڈڈ ملٹی لانچ راکٹ سسٹم فتح ون کا کامیاب تجربہ کیا ہے، ملکی طور پر تیار کردہ فتح

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مقدمات کی تفتیش میں بہتری لانے کیلئے سی سی پی او کی پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سے اہم ملاقات

سنگین مقدمات کی ایف آئی آر سے چالان تک پراسیکیوشن اور پولیس میں باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق بھی کیا گیا

لاہور (این این آئی) مقدمات کی تفتیش میں بہتری لانے اور ملزمان کو عدالتوں سے سزائیں دلوانے کے لئے سی سی پی او غلام محمود ڈوگر کی پراسیکیوٹر جنرل پنجاب رانا عارف کمال نون کے درمیان اہم ملاقات کی ہوئی، سنگین مقدمات کی ایف آئی آر سے چالان تک پراسیکیوشن اور پولیس میں باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق بھی کیا گیا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب آفس میں ہونے والی ملاقات

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزارت اطلاعات کا ملک بھر کے اخبار فروشوں کیلئے امدادی پیکج کا اعلان

وزیر اعظم عمران خان نے ہر پالیسی میں غریب طبقے کا خصوصی خیال رکھا ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات کی جانب سے بیت المال کے اشتراک سے ملک بھر کے اخبار فروشوں کے لیے امدادی پیکج کا اعلان کر دیا گیا ہے جبکہ وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز نے کہا ہے کہ وزیر اعظم عمران خان نے ہر پالیسی میں غریب طبقے کا خصوصی خیال رکھا ہے، اخبار فروشوں کے لیے پیکج سے ان کے مسائل حل ہوں گے۔ جمعرات کو یہاں وزیر اطلاعات، سیکرٹری

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مریم نواز شریف کا ایم پی اے منیرہ یامین ستی کی وفات پر رنج و غم اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز شریف نے ایم پی اے منیرہ یامین ستی کی وفات پر رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دھرنے کے شرکاء کے تمام مطالبات تسلیم کر لئے ہیں، ضیاء لانگو

مچھ واقعہ کے سات شہداء افغانی ہیں جن میں سے تین کے لواحقین نے میتیں افغانستان منتقل کرنے کی درخواست کی ہے، وزیر داخلہ بلوچستان

سانحہ مچھ بہت دلخراش واقعہ ہے، ہم جس خطے میں رہتے ہیں وہاں دشمن ہمسایہ ملک نے پہلے بھی ایسے واقعات گاہے بگاہے کرنے کی کوششیں کی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ وزیر اعظم جلد کوئٹہ آئیں گے مغربی بائی پاس دھرنے کے شرکاء کے تمام مطالبات تسلیم کر لئے ہیں مسئلہ جلد حل ہو جائیگا، دشمن ہمسایہ ملک صوبے میں حالات خراب کرنے میں ملوث ہے، مچھ واقعہ کے سات شہداء افغانی ہیں جن میں سے تین کے لواحقین نے میتیں افغانستان منتقل کرنے کی درخواست کی ہے، یہ بات انہوں نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی انہوں

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے وزیر اعظم کے معاون خصوصی سید ذوالفقار عباس بخاری ملاقات کر رہے ہیں

وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی نومنتخب چیئرمین رویت حلال کمیٹی کو بریفنگ دی گئی

سائنس سے استفادہ کرنے والی اقوام ہی ترقی کی منزلیں طے کرتی چلی جا رہی ہیں، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی جانب سے نومنتخب چیئرمین رویت حلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر کو سائنسی اعتبار سے چاند کی رویت اور وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی اس ضمن میں کاوشوں پر بریفنگ دی گئی۔ وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری بھی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شاہد خاقان عباسی و دیگر کیخلاف ایل این جی ریفرنس کیس پر سماعت پندرہ جنوری تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت نے شاہد خاقان عباسی و دیگر کے خلاف ایل این جی ریفرنس کیس

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ نے 2018 میں کیمیکل قبضے میں لینے کے معاملے پر کلکٹر کسٹم لاہور کو 10 ہزار روپے کا جرمانہ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے 2018 میں کیمیکل قبضے میں لینے کے معاملے پر کلکٹر کسٹم

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ماڈل ٹاؤن کے ذمہ دار ڈھٹائی سے سانحہ مچھ پر سیاست کر رہے ہیں، شہباز گل

گھٹیا سیاست چمکانے کے لیے کرپٹ کردار سلامتی اداروں کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ہے کہ ماڈل ٹاؤن کے ذمہ دار ڈھٹائی سے سانحہ مچھ پر سیاست کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر شہباز گل نے پاکستان مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہ کہ سانحہ مچھ قومی سانحہ ہے،

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

امید ہے امریکہ میں اقتدار کی منتقلی کا معاملہ جلد ہو گا، پاکستان

واشنگٹن ڈی سی میں ہونے والے واقعات پر نگاہ رکھے ہوئے ہیں، بھارت کے جنگی جنون کا جواب پاکستان اپنی امن کی خواہش سے دیگا، ترجمان دفتر خارجہ

بھارتی ڈس انفارمیشن کا جواب دنیا کو سچ بتا کر دیں گے، بھارت پاکستان میں دہشت گردوں کی مالی معاونت، تربیت، منصوبہ بندی اور آپریشنز میں معاونت فراہم کر رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے کہا ہے کہ واشنگٹن ڈی سی میں ہونے والے واقعات پر نگاہ رکھے ہوئے ہیں، امید ہے امریکہ میں اقتدار کی منتقلی کا معاملہ جلد ہوگا، بھارت کے جنگی جنون کا جواب پاکستان اپنی امن کی خواہش سے دیگا، بھارتی ڈس انفارمیشن کا جواب دنیا کو سچ

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کی ہزارہ برادری کے مقتولین کے لواحقین کے مطالبات تسلیم ہونے چاہئیں، نیئر بخاری

پیپلز پارٹی چاہتی ہے آپ کے خاندانوں کو قانون کے مطابق انصاف ملے، پیپلز پارٹی کے رہنما کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ہزارہ برادری کے مقتولین کے لواحقین کے مطالبات تسلیم ہونے

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، نائب صدر ن لیگ مریم نواز ہزارہ برادری کی خواتین سے اظہار یکجہتی کر رہی ہیں

بقیہ 1

میں موجود سہولیات اور کورسز قابل تعریف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کے روک تھام کے لئے ریسرچ پر زیادہ کام ہونا چاہئے، بہتر ریسرچ سے مدد لے کر مزید موثر اقدامات لئے جاسکتے ہیں۔ اعجاز احمد شاہ نے کہا کہ آپریشنز اور دیگر کاروائیوں کے لئے بھی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریننگ میں مزید بہتری کے لئے بھرپور تعاون کریں گے۔ اعجاز احمد شاہ نے کہا کہ منشیات سے پاک معاشرہ ہماری آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لئے بے حد ضروری ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اعجاز احمد شاہ کی ڈی جی اے این ایف سے الگ سے ملاقات بھی ہوئی۔ منشیات کے خاتمے کے لیے ہر ممکن کاروائی کر کے مثبت نتائج کے حصول پر اتفاق رائے۔

بقیہ 2

رینک کے 40 افسران واہلکاروں کو تعریفی اسناد اور نقد انعام کیلئے نامزد کردیا گیا۔ نامزد افسران واہلکاروں میں 4 انسپکٹرز 3 سب انسپکٹرز، اے ایس آئیز جبکہ 28 کانسٹیبلز اور ہیڈ کانسٹیبلز شامل ہیں۔ نامزد ہونے والوں میں لاہور پولیس، سی آئی اے، سی ٹی ڈی سمیت دیگر یونٹس کے اہلکار شامل ہیں۔ چند روز قبل لاہور انوسٹی گیشن ونگ کی جانب سے 43 افسران کی فہرست بھجوائی گئی تھی۔ فہرست میں سابق ڈی آئی جی انوسٹی گیشن شہزادہ سلطان، ایس ایس پی سی ٹی ڈی جواد قمر اور سابق ایس پی سی آئی اے عاصم افتخار کے نام شامل بھی تھے۔ تینوں افسران کے نام انعام حاصل کرنے والوں میں شامل نہیں کیے گئے، صرف کانسٹیبل سے انسپکٹر رینک کے افسران کو انعامات اور تعریفی اسناد سے نوازا جائے گا۔ اگلے ہفتے آئی جی پنجاب کی جانب سے انعامی رقم جاری اور باقاعدہ تقریب کا انعقاد کیا جائے گا۔

بقیہ 3

مدعی مقدمات کے حوالے کیا، پولیس نے 2550 مقدمات کے تفتیش مکمل کر کے ان کے چالان مجاز عدالتوں کو بھجوائے، 94 گینگ کے 230 ملزمان کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی، جرائم میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق صدر زون پولیس نے ڈی آئی جی آپریشنز کی ہدایات پر ایس پی صدر زون سرفراز احمد ورک کی سربراہی میں صدر زون پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے سال 2020 میں 265 اشتہاری، 346 عدالتی مفروروں اور 40 فوجی مفروران سمیت کل 4146 ملزمان کو گرفتار کیا ہے، رپورٹ کے مطابق پولیس نے 94 گینگ کے 230 ملزمان کی گرفتاری بھی عمل میں لاتے ہوئے پانچ کروڑ 55 لاکھ چار ہزار پانچ سو روپے کا مال مسروقہ برآمد کر کے مدعی مقدمات کے حوالے کیا، اشتہاریوں میں قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، سرقہ بالجبر اور دیگر جرائم میں بھی اشتہاری مجرمان تھے، اسلحہ و ایمونیشن کے 1239 مقدمات میں 1273 ملزمان کو گرفتار کر کے، اسی طرح قبضہ مافیا کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے کل 32 مقدمات درج کر کے ان میں ملوث 103 ملزمان کو گرفتار کر کے چالان عدالت کیا، کار وموٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 140 کی گرفتاری عمل میں لاتے ہوئے 59 گاڑیاں اور 49 موٹر سائیکل کی برآمدگی عمل میں لائی، جبکہ منشیات وشراب فروشی کے 548 مقدمات درج کر کے اس میں ملوث 596 ملزمان کو چالان عدالت کیا گیا اور گرفتار ملزمان سے کروڑوں روپے مالیت کی بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد کی گئی، اسی طرح اسلحہ کے 361 مقدمات میں 376 کو گرفتار کر کے چالان عدالت کیا گیا، ملزمان کے قبضہ سے چار کلاشنکوفیں/رائفلیں، 12 آٹو میٹک گنیں اور 331 پستول، 17 خنجر، اور 4098 روند برآمد کیے۔ جو کہ صدر زون پولیس کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے، ایس پی صدر زون سرفراز احمد ورک نے تمام افسران کو رواں سال کے دوران اپنی کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 4

لئے استعمال کی جارہی تھی۔ دوسری کارروائی میں خان کولہ کے علاقے میں خزانہ شوگر مل کے سامنے منقطع سروس لائنوں پر نصب تین مختلف براہ راست استعمال پائپوں کو ہٹا دیا گیا۔ تیسری کاروائی میں ٹاسک فورس نے پشاور کے علاقے رام کشن، مسلم آباد، بخشی پل جہاں گھریلو احاطے میں براہ راست استعمال ہونے والی منقطع سروس لائنوں پر نصب دو بڑے پائپوں کو ہٹا دیا گیا اور ایک بائی پاس کو ہٹا دیا گیا۔ جس کو ہیوی ڈیوٹی گیس جنریٹر چلانے کے لئے استعمال کیا جارہا تھا۔ اس کے بعد ٹاسک فورس نے پشاور کے شہر نئے گھر کے علاقے میں جا کر تین (3) پائپوں کو ہٹا دیا۔ جن کے ذریعے گھریلو احاطے میں گیس کا استعمال براہ راست کیا جارہا تھا۔ یہ کاروائی رات گئے جاری رہی، بائی پاس کو ہٹا دیا گیا اور لائن مرمت بھی موقع پر ہی کردی گئی۔ ان کیسز پر قانون کے مطابق چوری شدہ گیس کی مقدار کی بلنگ کی جارہی ہے۔ مزید یہ کہ گیس چوری کرنے والوں کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کے لئے مقامی پولیس اسٹیشن میں درخواست بھی جمع کروادی گئی ہے۔

بقیہ 5

تحقیقات شروع کردی ہیں۔ مظفر گڑھ کے علاقے چوک قریشی میں 5 افراد نے 2 بچیوں پر مبینہ طور پر پٹرول چھڑک کر آگ لگا دی جس کے نتیجے میں ڈیڑھ سالہ اسوہ اور 3 سالہ عروہ جھلس کر جاں بحق ہوگئیں۔ بچیوں کی لاشیں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردی گئی ہیں، بچیوں کے والد عبدالحمید کے مطابق اس کی دوسری بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی تھی۔ بیٹی کے روٹھ کر میکے آنے کی رنجش میں سسر اور اس کے رشتے داروں نے پہلی بیوی کی بچیوں کو آگ لگائی ہے۔ پولیس ترجمان وسیم خان کے مطابق سسر سمیت 2 افراد کو گرفتار کر کے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ 6

کی۔ دوران سماعت چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ چند سول سرونٹس کے تحفظات پر قانون کو غلط قرار نہیں دیا جاسکتا۔ انہوں نے ریمارکس دیے کہ قانون بنانا حکومت کا کام ہے جبکہ عدالتیں قانون پر عملدرآمد کراتی ہیں۔ علاوہ ازیں بینچ میں شامل جسٹس منیب اختر نے ریمارکس دیے کہ جب روٹی پک جاتی ہے تو یہ پوچھنا بیکار ہے کہ آٹا کہاں سے آیا۔ عدالت عظمٰی نے خیبر پختونخوا حکومت کی درخواست پر فیصلہ سناتے ہوئے معاملہ دوبارہ پشاور ہائی کورٹ بھجوا دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ پشاور ہائیکورٹ قانون کے مطابق فیصلہ کرے۔ چیف جسٹس نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ صرف وضاحتوں سے قانون چیلنج نہیں ہوتے کیونکہ قانون آئین کے تحت بنتا ہے رولز آف بزنس سے نہیں۔ جسٹس منیب اختر نے ریمارکس دیے کہ اگر کسی کو اسمبلی کی کارروائی پر اعتراض ہے تو اسمبلی میں جا کر شکایت کرے۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا کہ جب قانون پر گورنر کے دستخط ہوگئے تو معاملہ ختم ہوگیا جبکہ قانون سازی میں کسی کا موقف سننے کا تصور نہیں ہے۔

بقیہ 7

پر ملازمین نے اسپتال کے تمام نان کلینکل سروسز کے دفاتر بند کروا دیے۔ ملازمین نے اسکول آف ڈینٹسٹری، نرسنگ کالج سمیت ایڈمنسٹریشن کے تمام دفاتر کو تالے لگا دیے، مظاہرین کی جانب سے ای ڈی آفس کا گھیراؤ کرلیا گیا۔ مظاہرین کے مطابق حکومت نے ایک طرف ہم سے مذاکرات کی بات کی، دوسری طرف تیزی سے ایم ٹی آئی پر کام جاری ہے، آج اسپتال ڈائریکٹر کا اخبار میں اشتہار دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر اسفندیار نے کہا کہ پیر کے دن تمام کلینکل سروسز بھی بند کردیں گے، بدھ کے روز احتجاج کیلئے بنی گالہ جائیں گے۔

بقیہ 8

فراہم کیے ہیں، وزیراعظم عمران خان کے وژن میں صحت کے شعبے کو اولین ترجیح حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے صحت کے شعبے کے لیے بھرپور فنڈز فراہم کریں گے، بنیادی ہیلتھ یونٹ سے لے کر بڑے ہسپتالوں کو تمام بنیادی سہولیات فراہم کریں گے، ہسپتالوں میں سی ٹی سکین، الٹراساؤنڈ مشینز، لیبارٹریز اور جدید بیڈز کی سہولیات کو یقینی بنائیں گے۔ وزیر صحت گلگت بلتستان نے کہا کہ گلگت بلتستان میں صحت انصاف کارڈ کی فراہمی کا فیصلہ تحریک انصاف کی حکومت کا انقلابی قدم ہے، وزیراعظم عمران خان کے وژن کے مطابق صحت کے شعبے میں بھرپور کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کے اعتماد پر پورا اتریں گے۔

بقیہ 9

ماہرین وفاقی ہسپتالوں کے عملے کی ٹریننگ کررہے ہیں، وفاقی ہسپتال کی تین رکنی ٹیم ویکسی نیشن ٹریننگ سیشن میں شریک ہے۔ ویکسی نیشن ٹیم نرس، میڈیکل ٹیکنیشن اور ویکسینیٹر پر مشتمل ہے، تربیت یافتہ ٹیم اسپتالوں کے عملے کو ویکسی نیشن کی ٹریننگ دے گی۔ واضح رہے کہ نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر (این سی او سی) کے اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر میں کورونا وائرس سے انتقال کرنے والوں کی مجموعی تعداد 10 ہزار 511 ہوگئی ہے، جبکہ کل مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 95 ہزار 75 ہوچکی ہے۔

بقیہ 10

مطابق آئی پی پیز کے ساتھ مذاکرات میں تابش گوہر سخت موقف اپنائے ہوئے تھے، وہ آئی پی پیز کو اضافی ادائیگیوں کے پیسے واپس کروانا چاہتے تھے۔ یہ بھی کہا جارہا ہے کہ تابش گوہر توانائی کے شعبے میں اہم کردار نہ ملنے پر بھی دلبرداشتہ تھے۔

بقیہ 11

جماعتیں اپنی چوریاں چھپانے میں مصروف ہیں۔ پی ڈی ایم کے غبارے سے ہوا نکل چکی ہے۔ گیس پریشر میں اضافہ کیلئے حکام کو احکامات جاری کیے ہیں۔ کوشش کررہے ہیں ملک سے گی بحران کو ختم کریں۔ عمران خان کی قیادت میں پاکستان جلد ترقی کرے گا ایم این اے ثناء اللہ خان مستی خیل نے کہا موجودہ حکومت نے تعمیر وترقی کی طرف اہم قدم اٹھا رہی ہے دریا خان اور اسکے مضافات کو گیس کی فراہمی کے لئے سنگ بنیاد کا کام شروع کر کے حکومت نے عوام دوستی کا ثبوت دیا ہے انہوں نے وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب سے اس منصوبہ کی تکمیل کے بعد دیوالہ جنڈ نوالہ اور کلور کوٹ کو بھی گیس کی فراہمی کا مطالبہ کیا جس پر وفاقی وزیر نے موقع پر موجود محکمہ کے افسران کو فوری طور پر سروے کر کر رپورٹ کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 12

سلیم خان جھگڑا، وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی برائے اطلاعات و اعلیٰ تعلیم کامران بنگش، ممبران قومی اسمبلی شوکت علی، ناصر موسیٰ زئی اور شاہد خان خٹک جبکہ ایم پی ایز ارباب وسیم، فضل الٰہی اور محمد فہیم خان بھی شامل تھے۔ مقامی رہنماؤں اور عمائدین سمیت پارٹی کارکنان نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت وخزانہ تیمور سلیم جھگڑا کا کہنا تھا صوبے کو خالص بجلی منافع اور گیس رائلٹی اور اس مد میں بقایاجات کے حصول میں اسد قیصر کا کردار اہم ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اسپیکر قومی اسمبلی آئندہ بھی صوبے کو درپیش مسائل وفاقی سطح پر اٹھائیں گے اور ان کے حل میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کا کہنا تھا کہ سی پیک منصوبوں کے لیے بہت جدوجہد کی ہے۔ جنوبی اضلاع کا صوبے کی معیشت میں اہم کردار ہے اسی لیے پشاور ڈیرہ اسماعیل خان موٹروے کو سی پیک کا حصہ بنایا گیا ہے۔ اسد قیصر کا کہنا تھا کہ افغانستان کے ساتھ ریل کے ذریعے بھی منسلک ہونے کا منصوبہ زیر غور ہے تاکہ وسطی ایشیائی ریاستوں کی منڈیوں تک رسائی حاصل ہو سکے۔ ان تمام منصوبوں کی تکمیل سے خیبر پختونخوا کے عوام براہ راست مستفید ہوں گے۔ اسپیکر قومی اسمبلی کا کہنا تھا کہ پشاور کے منتخب ایم این ایز اور ایم پی ایز کو صوبائی دارالحکومت کو درپیش مسائل پر اعتماد میں لے کر انہیں حل کرنے کی جامع حکمت عملی بنائی جائے گی۔ انہوں نے منتخب نمائندوں کو یقین دلایا کہ پشاور کو درپیش بجلی اور سوئی گیس کی کمی کا مسئلہ وفاقی سطح پر اٹھایا جائے گا اور اسے حل کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں کی جائیں گی۔

بقیہ 13

روپے لوٹ کر فرار ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے دو افراد شدید زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق تھانہ سہالہ کو پولیس اطلاع کے باوجود پولیس نے مدد فراہم نہیں کی۔ تاجر محمد ذوالفقار نے کہا کہ اپنی مدد آپ کے تحت زخمیوں کو ہسپتال لے کر جارہے ہیں۔

بقیہ 14

برآمد ہوئی تاہم تاحال بچی کی شناخت نہیں ہوسکی۔ پولیس کے مطابق لڑکی کی عمر تقریباً سولہ سال ہے، لڑکی کی لاش سنگ جانی پل کے نیچے سے ملی، بظاہر لڑکی کے جسم پر کوئی تشدد کے نشانات نہیں ہیں، لڑکی کی لاش کو پمز ہسپتال شفٹ کیا جارہا ہے۔

بقیہ 15

ٹوڈ پر موٹر سائیکل گدھا گاڑی سے ٹکرانے کے باعث 32 سالہ محمد وسیم ولد محمد اکرم زخمی ہوگیا جبکہ اٹک پٹرول پمپ پسرور سے نارووال روڈ پر کار اور موٹر سائیکل کے تصادم کے نتیجے میں 50 سالہ ارشد ولد شریف اور اس کی 48 سالہ بیوی اللہ رکھی زخمی ہوگئے۔ شیخ مولا تالاب کنگرہ روڈ پر رکشہ کی ٹکر سے 13 سالہ موٹر سائیکل سوار ابراہیم بیگ ولد مرزا مقصود گر کر زخمی ہوگیا جبکہ راکے سٹاپ سیالکوٹ سے پسرور روڈ پر موٹر سائیکل اور گدھا گاڑی کے تصادم کے نتیجے میں 81 سالہ محمد سلطان زخمی ہوگیا ان تمام زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے دینے کے بعد ریسکیو 1122 کی ٹیم نے متعلقہ ہسپتالوں میں منتقل کر دیا۔ کنگرہ روڈ پر موضع اوراہیں موٹر سائیکل سلپ ہونے کی وجہ سے ٹریکٹر ٹرالی 45 سالہ خاتون تسنیم دختر غلام رسول کے سر کے اوپر سے گزر گئی جس سے وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگئی۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے ضروری کارروائی کے بعد لاش لواحقین کے سپرد کردی۔ سیالکوٹ کے علاقہ جھلکی میں نالہ پھلکو کے کنارے 8 سالہ حسن ولد ضیاء کھیلتے ہوئے گر کر ڈوب گیا۔ ریسکیو 1122 کے غوطہ خوروں نے بچے کی لاش کو نکال کر لواحقین کے سپرد کردی۔

بقیہ 16

ہیلتھ کیئر ورکرز کا شکریہ ادا کرتا ہے، فرنٹ لائن ورکرز اور ہیلتھ پروفیشنلز ہمارے ہیرو ہیں، کورونا وائرس کی وباء کی روک تھام میں ان کا کردار مثالی ہے، حکومت ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور فرنٹ لائن ورکرز کی زندگیوں کی حفاظت کو اولین ترجیح دیتی ہے۔ ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا کہ دنیا محو حیرت تھی کہ ایک ترقی پزیر ملک نے کورونا کو اتنے بہتر طریقے سے کیسے نمٹا، شروع میں دنیا کو شکوک وشبہات ہوئے بعد میں واضح ہوگیا، سب سے اہم چیز ایک مربوط ریسپونس تھا، ریسپونس میں سائنس اور ڈیٹا کے اوپر انحصار کا بڑا اہم کردار رہا جب کہ ہیلتھ کیئر ورکرز کی تیاری ایک آسان کام نہیں رہا۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی نے کہا کہ ڈاکٹر ایک مقدس پیشہ ہے ان کا احترام پورا معاشرہ کرتا ہے، دنیا بھر میں 25 سال کا نوجوان جب ڈاکٹر بنتا ہے 80 سال کا آدمی اُسے ڈاکٹر صاحب بولتا ہے، ہمارے ہیلتھ ورکرز کی عزت اس لیے ہے کہ وہ اپنے آپ کو خطرے میں ڈال کر آگے آئے اور ہمارے ڈاکٹرز کی جانب سے اس وبا کے دوران جانوں کی قربانیاں بھی دی گئیں، آج آپ سب کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتے ہیں۔

روزنامہ
امروز
کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز جمعہ 08 جنوری 2021ء

امریکی کانگریس نے جو بائیڈن کی جیت کی باضابطہ تصدیق کردی

امریکی سینیٹ کو کسی بھی صورت مرضی کے نتائج حاصل کرنے کے لیے ڈرایا نہیں جاسکتا، ہم کسی بھی صورت لاقانونیت کے آگے سر نہیں جھکائیں گے اور آئین کے تحت اپنی ذمہ داری ادا کرتے رہیں گے

ٹرمپ کے حامیوں کی جانب سے پرتشدد مظاہروں کے دوران 4 افراد ہلاک بھی ہوئے جس کے بعد واشنگٹن اور دیگر ریاستوں میں نیشنل گارڈ کے دستے بلالیے گئے اور دارالحکومت میں کرفیو نافذ کردیا گیا ہے

واشنگٹن (آن لائن) امریکی کانگریس نے ڈیموکریٹ امیدوار جو بائیڈن کی کامیابی کی تصدیق کردی ہے۔ کانگریس نے کیپیٹل ہل میں ہنگامہ آرائی کے باعث تاخیر کا شکار ہونے مشترکہ اجلاس کے بعد نومنتخب صدر جو بائیڈن کی جیت کی توثیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ جو بائیڈن اگلے امریکی صدر جبکہ کملا ہیرس نائب صدر رہوں گی، حلف برداری کی تقریب 20 جنوری کو ہوگی جس کے بعد ڈیموکریٹ امیدوار جو بائیڈن امریکا کے 46 ویں صدر بن جائیں گے۔ ریپبلکن سینیٹر مچ مکونیل نے مشترکہ اجلاس کے دوران کہا کہ امریکی سینیٹ کو کسی بھی صورت مرضی کے نتائج حاصل کرنے کے لیے ڈرایا نہیں

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عراق نے جنرل سلیمانی قتل کیس میں ٹرمپ کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے

قاسم سلیمانی کو ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت قتل کیا گیا تاہم واقعہ سے متعلق مزید تحقیقات ابھی بھی جاری ہیں

جب کہ امریکی صدر کے وارنٹ گرفتاری عدالت کے جج نے مہدی المہندس کی بیٹی کا بیان ریکارڈ کرنے کے بعد جاری کیے

بغداد (آن لائن) عراقی عدالت نے جنرل قاسم سلیمانی کے قتل کیس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیے ہیں۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق عراقی عدالت نے ایرانی جنرل قاسم سلیمانی اور مہدی المہندس کے قتل کیس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیے ہیں، عدالت کے مطابق قاسم سلیمانی کو ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت قتل کیا گیا تاہم واقعہ سے متعلق مزید تحقیقات ابھی بھی جاری ہیں۔ ایرانی جنرل سلیمانی کے قتل سے متعلق عراق کے دارالحکومت بغداد کی عدالت میں تحقیقات جاری ہیں جب کہ امریکی صدر کے وارنٹ گرفتاری عدالت کے جج نے مہدی المہندس کی بیٹی کا بیان ریکارڈ کرنے کے بعد جاری کیے۔ واضح رہے کہ گزشتہ برس ایران نے جنرل قاسم سلیمانی کی ہلاکت کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے امریکی

بقیہ صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چمن، [illegible] چیمبر آف کامرس کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی اور رکن بلوچستان اسمبلی شاہینہ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

20 جنوری کو اقتدار کی منظم منتقلی ہوگی، ٹرمپ

انتخابی نتائج سے مکمل طور پر اختلاف کرتے ہیں، ریاست پنسلوانیا میں جو بائیڈن کی جیت پر اعتراض کانگریس کے دونوں ایوانوں نے مسترد کردیا، میڈیا رپورٹس

ٹرمپ بالآخر اقتدار کی منتقلی کے لئے آمادہ، امریکی کانگریس نے صدر بائیڈن کی جیت کی توثیق کی ہے جس کے بعد ڈیموکریٹس کے جو بائیڈن امریکا کے 46 ویں صدر بن گئے ہیں

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بالآخر اقتدار کی منتقلی کے لئے آمادہ ہوگئے۔ ان کا کہنا ہے کہ انتخابی نتائج سے مکمل طور پر اختلاف کرتا ہوں تاہم 20 جنوری کو اقتدار کی منظم منتقلی ہوگی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی کانگریس کی جانب سے صدر جو بائیڈن کی جیت کی توثیق پر ٹرمپ نے ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ وہ انتخابی نتائج سے مکمل طور پر اختلاف کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ امریکی کانگریس نے صدر بائیڈن کی جیت کی توثیق کی ہے جس کے بعد ڈیموکریٹس کے جو بائیڈن امریکا کے 46 ویں صدر بن گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ریاست پنسلوانیا میں جو بائیڈن کی جیت پر اعتراض کانگریس کے دونوں ایوانوں نے مسترد کردیا۔ امریکی میڈیا کا کہنا ہے کہ سینٹ کے بعد ایوان نمائندگان میں بھی پنسلوانیا میں بائیڈن کی

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کیپٹل ہل حملہ کے بعد وائٹ ہاؤس سے استعفوں کی لائن لگ گئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر کے حامیوں کی جانب سے پارلیمنٹ پر حملے اور اس پر ٹرمپ کے ردعمل کے بعد وائٹ ہاؤس سے استعفوں کی لائن لگ گئی۔ امریکی میڈیا کے مطابق ٹرمپ کے حامیوں کی

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

قابض اسرائیلی فوج کے ہاتھوں زیتون کے ہزاروں درختوں کا قتل عام

دیر بلوط میں ہونے والی اس کارروائی میں فلسطینی شہریوں کے نجی باغات کو نشانہ بنایا گیا، چیئرمین بلدیہ

سلفیت (این این آئی) قابض صیہونی حکام نے مقبوضہ مغربی کنارے کے شمالی شہر سلفیت میں فلسطینیوں کے زیتون کے باغات پر حملہ کرکے زیتون کے دو ہزار پھل دار پودے کاٹ ڈالے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق غرب اردن کے شمالی شہر سلفیت میں دیر بلوط بلدیہ کے چیئرمین یحییٰ عودہ نے بتایا کہ اسرائیلی فوج نے سیکٹری میں فلسطینی شہریوں کے زیتون کے باغات میں بڑی تعداد میں

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جو بائیڈن امریکا کے 46 ویں آئینی صدر بن گئے

امریکی کانگریس نے جو بائیڈن کی کامیابی کی توثیق کر دی، 20 جنوری کو حلف اٹھائیں گے

سیکورٹی فورسز نے کیپیٹل ہل کی عمارت کو خالی کرالیا، تاہم اب تمام انتخابی مراحل مکمل ہو گئے ہیں اور جو بائیڈن کی فتح کا اعلان کر دیا گیا ہے

واشنگٹن (آن لائن) جوزف بائیڈن امریکا کے 46 ویں آئینی صدر منتخب ہو گئے ہیں، کانگریس نے امریکی صدر جو بائیڈن کی کامیابی کی توثیق کر دی، نومنتخب جو بائیڈن 20 جنوری کو حلف اٹھائیں گے۔ نتائج کی کانگریس سے تصدیق انتخابات کا آخری مرحلہ تھا۔ اس سے قبل صدر ٹرمپ کے حامیوں نے امریکی پارلیمنٹ میں ہنگامہ آرائی کی تھی۔ امریکی پارلیمنٹ عمارت پر صدر ٹرمپ کے حامیوں کی ہنگامہ آرائی کے بعد واشنگٹن ڈی سی میں کرفیو

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

صیہونی خاتون کو جہنم واصل کرنے والے فلسطینی کا گھر مسمار کرنے کا حکم

محمد مروح کا تعلق غرب اردن کے شمالی شہر جنین کے جنوبی قصبے طورہ سے ہے، اسرائیلی میڈیا رپورٹ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیلی ذرائع ابلاغ نے بتایا ہے کہ فوج نے زیر حراست فلسطینی شہری محمد مروح قبھا کا مکان مسمار کرنے کا حکم جاری کر دیا ہے۔ اسیر محمد مروح قبھا کو اسرائیلی فوج نے گذشتہ ماہ کے آخر میں حراست میں لیا تھا۔ اس پر ایک یہودی آبادکار خاتون کے سرے میں پتھر مار کر اسے جہنم واصل کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ محمد مروح کا تعلق غرب اردن کے شمالی شہر جنین کے جنوبی قصبے طورہ سے ہے۔ اسرائیل کے عبرانی اخبار نے شائع ایک رپورٹ میں بتایا کہ فوج نے طورہ

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی فوج کا جیل پر دھاوا، فلسطینی قیدیوں پر آنسو گیس کی شیلنگ

مقبوضہ غرب اردن (این این آئی) قابض صیہونی فوج اور جیل کے سیکیورٹی اہلکاروں نے عوفر جیل میں قیدیوں پر دھاوا بول دیا اور قیدیوں پر آنسو گیس کی شیلنگ کی گئی۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کلب برائے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا، سوڈان کے معاہدہ ابراہیم پر دستخط، اسرائیل سے تعلقات کی راہ ہموار

یہ ایک بہت اہم سمجھوتا ہے، اسرائیل اور سوڈان کے عوام پر نمایاں اثرات مرتب ہوں گے، امریکی وزیر خزانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور سوڈان نے معاہدہ ابراہیم پر دستخط کر دیئے۔ اس کے تحت سوڈان اسرائیل کے ساتھ معمول کے سفارتی اور تجارتی تعلقات استوار کرے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق خرطوم میں امریکی سفارت خانہ نے ایک ٹویٹ میں کہا کہ ہم سویلین کی قیادت میں (سوڈان کی) عبوری حکمراں کونسل کو معاہدہ ابراہیم پر آج دستخط ثبت کرنے پر مبارک باد پیش

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی آرٹسٹ کی جی سی سی سمٹ پر ریت پر پینٹنگ توجہ کا مرکز بن گئی

برسوں پہلے جزیرۃ العرب میں استعمال ہونے والے المسند رسم الخط کو استعمال کرتے ہوئے ڈیزائن تیار کیا، آرٹسٹ

ریاض (این این آئی) دو روز پیشتر سعودی عرب کے تاریخی شہر العلا میں منعقد ہونیوالے خلیج تعاون کونسل کے سربراہ اجلاس پر ملک کے مختلف طبقات کی طرف سے اپنے مخصوص انداز میں الگ الگ پیرائے میں ردعمل ظاہر کیا جارہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس حوالے سے العلا سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون آرٹسٹ نے جی سی سی سمٹ کی ریت پر خوبصورت پینٹنگ بنا کر اپنی فن کارانہ مہارت کا مظاہرہ کرنے کے ساتھ ساتھ خلیج تعاون کونسل کے بارے میں اپنے محبت بھرے جذبات کا بھی منفرد انداز میں اظہار کیا۔ العلا کی آرٹسٹ بسمہ البلوی نے جی سی سی سمٹ کی ریت پر پینٹنگ عوامی توجہ کا مرکز بنی ہوئی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

1948 میں اسرائیلی ریاست کے قیام کے بعد ایک لاکھ فلسطینی شہید ہو چکے

رام اللہ (این این آئی) فلسطین میں سات جنوری 2021 کو یوم شہدا فلسطین منایا گیا۔ یہ دن سنہ 1969 کے بعد سے مسلسل منایا جارہا ہے۔ دوسری طرف اس دن کے موقعہ پر جاری کردہ ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، ڈی سی قائم لاشاری، جویریہ ترین، ضیاء الرحمٰن اور اے سی حضرت ولی اور دیگر یگ اینڈ ایمر جنگ بلوچستان کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

جی سی سی میں ملازمتیں 2020 میں بعض پیشوں پر کرونا کے باوجود مثبت اثرات

34 فیصد ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ، 48 فی صد حضرات کی تن خواہوں میں کوئی کمی نہیں ہوئی، رپورٹ

ریاض (این این آئی) خطہ خلیج میں مختلف پیشوں سے وابستہ افراد کی تن خواہوں میں 2020 کے دوران میں مثبت اثرات مرتب ہوئے ہیں جبکہ بعض پیشوں سے وابستہ افراد کی ماہانہ اجرتوں میں کمی واقع ہوئی ہے اور قریباً نصف آجروں نے کہا ہے کہ وہ 2021 میں اپنے ملازمین کی تن خواہوں میں اضافے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے رکن ممالک میں آجروں اور اجیروں کے معاملات سے متعلق حیس 2021 کی تن خواہوں اور روزگار سے متعلق رپورٹ جاری کردی گئی۔ اس کے مطابق 2020 کے دوران میں کرونا وائرس کی وبا کے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

نئے صدر کو اقتدار 20 جنوری کو منظم طور پر منتقل کردوں گا، ٹرمپ کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے کانگریس کی جانب سے نومنتخب صدر جو بائیڈن کی جیت کی توثیق کے ردعمل میں کہا ہے کہ وہ 20 جنوری کو اقتدار نئے صدر کو منظم طور پر منتقل کرتے ہوئے وائٹ ہاؤس سے رخصت ہو جائیں گے۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب میں بحر احمر کے ہوائی اڈے کا ٹھیکہ آئرش کمپنی کے حوالے کر دیا گیا

آئرش کمپنی ہوائی اڈے کی آپریشن مینجمنٹ کو تین مختلف مراحل کے ذریعے انجام دے گی، عرب میڈیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں سیاحتی ترقی ساز کمپنی دی ریڈ سی ڈویلپمنٹ نے آئرلینڈ کی کمپنی ڈی ڈی انٹرنیشنل کو بحر احمر کے منصوبے کے ہوائی اڈے کا آپریٹر مقرر کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ ریڈ سی ڈویلپمنٹ کمپنی مکمل طور پر سعودی پبلک انویسٹمنٹ فنڈ کی ملکیت ہے۔ معاہدے کے مطابق مذکورہ آئرش کمپنی ہوائی اڈے پر ایئر فیلڈ اینڈ ٹرمینل آپریشنز، ایوی ایشن سروسز، سہولتوں کے انتظام اور کمرشل سرگرمیوں کے علاوہ کارپوریٹ اور فنانشل سروسز بھی فراہم کرے گی۔ عرب میڈیا کے مطابق آئرش کمپنی ہوائی اڈے کی آپریشن مینجمنٹ کو تین مختلف مراحل کے ذریعے انجام دے گی، دنیا کی آبادی کے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب کی نصابی کتب میں تبدیلی، یہودیوں کیخلاف مواد نکال دیا گیا

ریاض (این این آئی) سعودی حکومت کی جانب سے نصابی کتب میں تبدیلی کردی گئی ہے۔ جس کے تحت نصابی کتب میں سے یہودیوں کے خلاف زیادہ تر مواد یا تو ہٹا دیا گیا یا پھر الفاظ کی شدت کم کردی گئی ہے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق اس سعودی پالیسی کا مقصد رواداری کو فروغ دینا ہے۔ دنیا بھر میں نصابی کتب اور ان میں شائع شدہ مواد پر نظر رکھنے والے ادارے ریسرچ انسٹی ٹیوٹ

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کیپٹل ہل عمارت میں ٹرمپ کے حامیوں کا پائپ بموں سے حملہ چار افراد ہلاک

ٹرمپ کے حامیوں نے کیپٹل ہل پر کئی گھنٹے جاری رہنے والے قبضے کے دوران کیمیائی مواد سے بھرے بم استعمال کیے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حامیوں کی جانب سے کیپٹل ہل پر پرتشدد دھاوے کے دوران ایک خاتون سمیت چار افراد ہلاک ہو گئے جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے 52 مظاہرین کو حراست میں لے لیا۔ ٹرمپ کے حامیوں نے کیپٹل ہل پر کئی گھنٹے جاری رہنے والے قبضے کے دوران کیمیائی مواد سے بھرے بم استعمال کیے جبکہ کیپٹل کے علاقے سے کاکٹیل پیٹرول بم اور ایک گاڑی سے کولر بھی ملا ہے۔ جس کے ساتھ لمبی نالی کی بندوق لگائی گئی تھی، غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق واشنگٹن ڈی سی کے پولیس سربراہ رابرٹ کونٹی نے بتایا کہ ہلاک ہونے والوں میں ایک

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، گوادر سیف سٹی پراجیکٹ پیشرفت بارے منعقدہ اجلاس کی صدارت کمشنر مکران ڈویژن طارق قمر کر رہے ہیں

امریکہ میں صدر کو برطرف کرنے کا مطالبہ، مشاورت جاری

دھاوے کے بعد صدر کو 25 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے برطرف کرنے کا مطالبہ، پارلیمنٹ کے باہر احتجاج نہیں بغاوت ہوئی

ٹرمپ حامی مظاہرین کا کیپیٹل ہل پر دھاوا، جھڑپوں میں ایک خاتون سمیت 4 افراد ہلاک، واشنگٹن میں بارہ گھنٹے کے لئے کرفیو نافذ

واشنگٹن (آن لائن) امریکی پارلیمنٹ پر دھاوے کے بعد صدر ٹرمپ کو 25 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے برطرف کرنے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ ٹرمپ کے حامی مظاہرین کے کیپیٹل ہل پر دھاوا بولنے اور سکیورٹی اہلکاروں کیساتھ جھڑپوں میں ایک خاتون سمیت 4 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مائیک پنس کو 14 روز کیلئے صدر کی ذمہ داریاں سونپنے کیلئے مشاورت جاری ہے۔ صدر کو 25 ویں آئینی ترمیم سے جسمانی اور دماغی بیماری کے بعد عہدے سے ہٹایا جاسکتا ہے۔ اس کیلئے کابینہ کے اکثریت رہنماؤں کے علاوہ نائب صدر مائیک پنس کی حمایت درکار ہوگی۔ اگر ایسا ہوا تو 25 ویں آئینی ترمیم 1967 کے بعد پہلی بار استعمال کیا جائے گا۔ اس معاملے میں سب سے اہم کردار نائب صدر پنس کا ہوگا لیکن ان کی جانب سے فی الحال کوئی بیان

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، گورنر بلوچستان امان اللہ خان یٰسین زئی سے پی ٹی آئی کے صوبائی رہنما نواب خان دمڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

بھارتی کسانوں، مودی سرکار میں ڈیڈلاک برقرار، ٹریکٹر مارچ دہلی کی جانب رواں

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کسانوں اور مودی سرکار میں مذاکرات ڈیڈلاک برقرار ہے، ہزاروں کاشتکاروں نے ٹریکٹر مارچ کرتے ہوئے لوگوں کو دلی دھرنے میں شرکت کی دعوت دی، مظاہرین کا کہنا ہے کہ مطالبات سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق بھارت میں متنازع قوانین کے خلاف سراپا احتجاج کسانوں کی ٹریکٹر ریلیاں راجستھان، ہریانہ، پنجاب سے کسانوں نے ہزاروں ٹریکٹروں پر مارچ کیا اور لوگوں

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ نے بغاوت کردی ہے، مظاہرین تحمل کا مظاہرہ کریں، جو بائیڈن کی اپیل

ہماری جمہوریت کو ایک بے مثال حملے کا سامنا ہے اور افراتفری اور یہ پرتشدد

واشنگٹن (آن لائن) امریکا کے منتخب صدر جو بائیڈن نے امریکی ایوان نمائندگان کیپیٹل ہل پر دھاوا بولنے والے مظاہرین سے تحمل کا مظاہرہ کرنے کی اپیل کرتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو بغاوت کا مرتکب قرار دیا۔ سینیٹ کی جانب سے ممکنہ طور پر توثیق کے بعد بائیڈن نے ایک ایسی تقریر کا ارادہ کیا تھا جس میں انہیں اس بارے میں بات کرنا تھی کہ معیشت کی بحالی کیسے کی جائے گی اور کورونا وائرس سے متاثرہ چھوٹے کاروباری مالکان کو مالی ریلیف فراہم کیا جاسکے لیکن ان کے کچھ بولنے سے قبل ہی مظاہرین کیپٹل کی عمارت میں گھس کر سینیٹ کی منزل تک پہنچ گئے۔ بائیڈن نے کہا کہ جدید جمہوری دور میں ہمیں ایسی چیز دیکھنے کو نہیں ملی اور ہماری جمہوریت کو ایک بے مثال حملے کا سامنا ہے اور افراتفری اور یہ پرتشدد واقعات قانون کی حکمرانی پر حملہ ہیں۔ حملے کے بعد کیپٹل ہل کی عمارت کو مقفل کردیا گیا تھا اور نائب صدر مائیک پنس اور

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

شام میں ایرانی ملیشیاؤں کے ٹھکانوں پر اسرائیلی حملہ، شدید جانی ومالی نقصان

پاسداران انقلاب کے مراکز اور ایرانی حمایت یافتہ ملیشیاؤں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا، شامی فوج کے منحرف اہلکار

دمشق (این این آئی) شام کے دارالحکومت دمشق کے جنوبی علاقے الکسوہ میں مبینہ ایرانی مراکز پر تازہ اسرائیلی بمباری کی اطلاعات ملی ہیں۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق دمشق کی فضا زوردار دھماکوں سے گونج اٹھی۔ یہ بمباری ایرانی پاسداران انقلاب کے کمانڈروں کے دورہ شام کے 48 گھنٹے کے اندر اندر کی گئی ہے۔ تاہم اس کے نتیجے میں ہونیوالے جانی اور مالی نقصان کی تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔ شام کے سرکاری ٹی وی چینل پر نشر ایک خبر میں بتایا گیا کہ ملک کے جنوبی علاقے میں اسرائیلی طیاروں نے متعدد اہداف پر بمباری کی ہے۔ یہ حملہ 10 روز میں اس علاقے میں اسرائیل کا تیسرا حملہ ہے۔ شامی فوج کے منحرف اہلکاروں کا کہنا تھا کہ بمباری میں پاسداران انقلاب کے مراکز اور ایرانی حمایت یافتہ ملیشیاؤں کے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

خلیجی ممالک میں مصالحت پر حماس رہنما ہنیہ کی امیر قطر کو مبارک باد

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے سیاسی شعبے کے سربراہ اسماعیل ہنیہ نے خلیجی ممالک میں مصالحت پر امیر قطر تمیم بن حمد آل ثانی کو مبارک باد پیش کی ہے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق حماس کے دفتر سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا کہ اسماعیل ہنیہ نے گذشتہ روز قطر کے امیر الشیخ تمیم بن حمد آل ثانی سے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔ اس موقعہ پر انہوں نے امیر قطر کو خلیجی ممالک میں اتحاد اور سعودی عرب

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے صدر انجینئر ہادی عسکری پریس کلب میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

تاریخ اور خون کے رشتے ہر طرح کے اختلافات سے بالاتر ہیں، خالد بن سلمان

نائب وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان کی جی سی سی سمٹ کے کامیاب انعقاد پر سعودی قیادت کو مبارک باد

اختلافات سے قطع نظر دانش مندی اور برد باری سے ہم اپنے مسائل حل کرنے کی پوری صلاحیت رکھتے ہیں

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے نائب وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے تاریخی شہر العلا میں خلیج تعاون کونسل کے رکن ممالک کی سربراہ کانفرنس کے کامیابی سے انعقاد پر خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کو مبارکباد پیش کی ہے۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق شہزادہ خالد بن سلمان نے ٹویٹر پر ٹویٹ کیا کہ سربراہ اجلاس نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ جو چیز عام طور پر عربوں اور جزیرے کے لوگوں کو تاریخ، خون اور اعتقاد کے تعلقات سے جوڑتی ہے وہ کسی بھی طرح کے اختلاف سے بالاتر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جی سی سی سربراہ اجلاس اور اس موقعے پر جاری العلا اعلامیہ خطے کے ممالک کے مابین تعلقات کا ایک نیا باب ہے۔ جس میں ہم اپنے خطے کے لیے ایک روشن مستقبل کی روشنی محسوس کرتے ہیں۔ یہ

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایرانی عالم دین کی خامنہ ای سے سنی مسلمانوں کیساتھ امتیازی سلوک کی شکایت

وزارتوں، مسلح افواج، سنی اکثریتی علاقوں میں سرکاری ملازمتوں میں اہل سنت کو دانستہ طور پر نظرانداز کیا جارہا ہے

ایرانی سپریم لیڈر سنیوں کے گھمبیر مسائل کے انبار اور خوف نے ان کا اپنے ملک سے اعتماد ختم کر دیا ہے، بیان

تہران (این این آئی) ایران میں ممتاز سنی مذہبی رہنما اور صوبہ بلوچستان کے مرکز زاہدان میں جمعہ کے امام الشیخ عبدالحمید اسماعیل زئی نے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے نام اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ایران کے سنی مسلمان اب بھی دوسرے درجے کے شہری سمجھے جاتے ہیں۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق 72 سالہ مولانا عبدالحمید زئی نے کہا کہ ایران میں سنیوں کے ساتھ امتیازی سلوک کا بنیادی مسئلہ فیصلہ سازی کے مراکز میں مخصوص گروپوں اور لیڈروں سے تعلق رکھتا ہے۔ ایران کی اعلیٰ قیادت کی طرف سے اہل سنت مسلک کے مسلمانوں کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جاتا ہے۔ مولانا عبدالحمید نے کہا کہ اسلامی انقلاب کی فتح کے 42 سال بعد ایران میں سنیوں کو اب بھی شہری حقوق کے بارے میں بہت سی پریشانیوں اور خدشات کا سامنا ہے۔ امتیازی سلوک اس

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جو بائیڈن امریکا کے 46 ویں صدر امریکی قانون سازوں نے توثیق کردی

سینیٹ اور ایوان نمائندگان کے مشترکہ اجلاس میں تمام اعتراضات مسترد، سینیٹ میں ٹرمپ کے موقف کے حق میں صرف 7 ووٹ سامنے آئے

واشنگٹن (آن لائن) امریکی دارالحکومت واشنگٹن میں جاری سینیٹ اور ایوان نمائندگان کے مشترکہ اجلاس نے نومنتخب صدر جو بائیڈن اور نائب صدر کاملا ہیرس کی جیت کی توثیق کردی ہے سینیٹ میں ہونے والی ووٹنگ میں 92 اراکین نے صدر ٹرمپ کے موقف اور اعتراضات کو مسترد کیا جبکہ صرف 7 ووٹ اس کے حق میں آئے جس پر اکثریتی بنیادوں پر فیصلہ دیتے ہوئے جو بائیڈن کے امریکا کے 46 ویں صدر اور کاملا ہیرس کے نائب صدر ہونے کی توثیق کردی ہے۔ آئین کے مطابق سینیٹ اور ایوان نمائندگان کی مشترکہ توثیق کے بعد اس فیصلے کو تبدیل کرنے کا اختیار کسی کو حاصل نہیں ہے واضح رہے کہ سفید فام انتہا پسند تنظیموں کی جانب سے اس مشترکہ اجلاس کو رکوانے کے لیے کیپٹل ہل پر حملہ کیا گیا تھا جہاں کل صبح

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

حج وعمرہ زائرین کووڈ 19 کی ویکسین لگوائے، سعودی عرب کی ہدایت

الریاض (آن لائن) سعودی عرب کے وزیر حج وعمرہ نے عمرہ عازمین کو کووڈ 19- کی ویکسین لگوانے کی ہدایت کردی۔ سعودی عرب کے وزیر حج وعمرہ ڈاکٹر محمد صالح بن طاہر بنتن نے عمرہ زائرین کو مکہ مکرمہ میں آمد سے قبل کووڈ 19- کی ویکسین لگوانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جو لوگ عمرہ ادا کرنے کے خواہشمند ہیں انہیں

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، چیمبر آف کامرس گوادر کے صدر میر نوید کلمتی کی قیادت میں گوادر کا ایک نمائندہ وفد ڈی جی آپریشن نیب پاکستان ظاہر شاہ اور ڈی جی نیب بلوچستان فرمان خان سے ملاقات کر رہے ہیں

جرمن محکمہ موسمیات نے موسمی نظام کا نام احمد رکھ دیا

برلن (این این آئی) جرمن محکمہ موسمیات ڈی ڈبلیو ڈی نے رومانیہ پر موجود، ہوا کے کم دباو والے موسمی نظام کا نام احمد رکھ دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس نام کا باضابطہ اعلان گزشتہ روز کیا گیا۔ یہ نظام جرمنی اور پولینڈ کی سمت بڑھ رہا ہے جو اٹلی پر موجود، ہوا کے ایک اور کم دباو والے نظام لیزا سے اور پھر الیگزینڈر سے ٹکرائے گا جو اسکاٹ لینڈ پر زیادہ دبا والا ایک نظام ہے۔ جرمنی کی سرکاری ویب سائٹ ڈی ڈبلیو کے مطابق یہ پہلا موقع ہے جب جرمنی میں کسی موسمی نظام کو باضابطہ طور پر تارکین وطن کا پس منظر رکھنے والا نام دیا گیا ہے۔ البتہ یہ نام

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

حب، کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کی مناسبت سے منعقدہ ریلی اے سی حب محمد احمد ظہیر کی قیادت میں مقامی شاہراہ سے گزر رہی ہیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

ایڈیٹر و پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پٹیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل اینگل پلازہ، اینگل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا

فون: 2835212 فیکس: 2835212

ای میل imroz.ad@gmail.com

صوبے میں دہشت گردی کا خاتمہ

وزیر اعلیٰ جام کمال خان نے ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ صوبے میں دہشت گردوں کو سخت کوششوں کے بعد حاصل کیئے گئے امن کو سبوتاژ نہیں کرنے دیں گے۔

موجودہ صوبائی حکومت کو بدامنی کا مسئلہ ورثے میں ملا، اس مسئلہ کو چیلنج سمجھتے ہوئے حکومت نے سیکورٹی پلان کو از سر نو مرتب کیا، اور دہشت گردی کے خاتمہ کو اپنی اولین ترجیح قرار دے کر اقدامات اٹھائے۔ صوبے میں مجموعی طور پر امن وامان کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی، دہشت گردی کی کارروائیوں میں کمی سے ترقیاتی امن کو تیز کرنے میں مدد ملی، وہ علاقے جو نو گو ایریاز بن چکے تھے وہاں معاشی سرگرمیوں کا آغاز ہو چکا ہے۔ کوئی علاقہ اب بند نہیں، بلوچستان کے ہر حصہ میں روک ٹوک اور خوف وخطر کے بغیر جایا جاسکتا ہے۔ بحالی امن کے لئے فورسز کی قربانیوں کو عوام قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ افسران اور جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر عوام کی جان و مال اور عزت وآبرو کے تحفظ کے مقصد کو کسی حد تک حاصل کیا ہے لیکن دہشت گردی کی اکا دکا کارروائیاں یہ ظاہر کرتی ہیں کہ بھارت سی پیک منصوبے کو سبوتاژ کرنے کے لئے ایک بار پھر متحرک ہو چکا ہے۔ ہرنائی کا واقعہ بھی اس سلسلے کی کڑی ہے۔ دہشت گرد، فورسز کو نشانہ بنا کر یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ جہاں سیکورٹی ادارے محفوظ نہ ہوں، وہاں عام آدمی کا تحفظ کیونکر ممکن ہے۔ لیکن عوام نے اس منفی سوچ کو مسترد کر دیا ہے۔ لوگ یہ جانتے ہیں کہ اگر فورس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بے مثال قربانیاں نہ دیتے تو صوبہ آج بھی بدامنی کی لپیٹ میں ہوتا۔ اور دو عشرے تک جو صورتحال رہی ہے۔ اس سے نجات حاصل نہ کی جاسکتی۔ امن کے قیام کے لئے حکومت نے جو کوشش کی ہیں، انہیں قائم رکھنا اصل کامیابی ہے۔ اس مقصد کیلئے نیشنل سیکورٹی پلان پر اس کی روح کے عین مطابق عملدرآمد کی ضرورت کو محسوس کیا جارہا ہے۔ دہشت گردوں کے ساتھ ساتھ ان کے سہولت کاروں کیخلاف بھی موثر انداز میں کارروائیاں کیئے بغیر مکمل امن ممکن نہیں، اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ دہشت گردوں کو بیرونی امداد اور مقامی معاونت روکنے کیلئے اس نیٹ ورک کا پتہ لگانا ضروری ہے، جس کا انکشاف بھارتی جاسوس کلبھوشن بھی اپنے بیانات میں کر چکا ہے۔ افغان بارڈر پر باڑ لگانے کا کام کسی حد تک مکمل ہو چکا ہے۔ لیکن دیگر سرحدوں کو محفوظ بنانے کی ضرورت ہے۔ تمام فوکس افغان مہاجرین اور بارڈر پر رکھنا درست طرز عمل نہیں۔ دشمن کوئی بھی بارڈز اور آپشن استعمال کر کے امن کو تباہ کرنے کے درپے ہے۔ صوبائی حکومت نے کوئٹہ سمیت کئی بڑے شہروں میں سیف سٹی پلان کے تحت سیکورٹی انتظامات بڑھانے کے لئے کام شروع کر دیا ہے۔ بدقسمتی یہ رہی ہے کہ اپوزیشن جماعتیں صرف تنقید برائے تنقید کی پالیسی پر عمل پیرا رہی ہیں۔ اگر غیر جانبدار ہو کر تجزیہ کیا جائے تو موجودہ حکومت کو یہ کریڈٹ جاتا ہے کہ اس نے دہشت گردی کے ناسور پر کسی حد تک کنٹرول کر کے امن وامان کی مجموعی صورتحال کو بہتر بنانے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ ہم گوادر میں باڑ لگانے کے معاملہ کا بھی تذکرہ کرنا چاہیں گے۔ اس مسئلہ پر صوبائی اسمبلی میں گرما گرم بحث کے بعد معاملہ کمیٹی کے سپرد کر کے سفارشات طلب کر لی ہیں۔ ہمیں توقع ہے کہ اس معاملے کو سیاسی نہیں بنایا جائے گا۔ گوادر کی خصوصی حیثیت کے تناظر میں سخت سیکورٹی کی ضرورت ہے۔ کسی بھی حکومت کی کامیابی کا پیمانہ عوام کی جان ومال کے تحفظ سے عبارت ہوتا ہے۔ امن کے قیام سے ہی ترقیاتی عمل کو جاری وساری رکھا جاسکتا ہے۔ جو حکومت عوام کو امن فراہم نہ کر سکے۔ اس سے کوئی بڑی توقع نہیں رکھی جاسکتی۔ صوبائی حکومت کو بدامنی کا مسئلہ ورثے میں ملا لیکن حکومت نے انتہائی محنت اور جامع حکمت عملی سے کام لے کر اس ضمن میں جو کامیابی حاصل کی ہے اسے قائم رکھنے کے لئے زیادہ یکسوئی اور نگرانی کی ضرورت ہے۔

پرسنل باؤنڈری کے بارے میں کچھ خیالات

ڈاکٹر طاہرہ کاظمی

"اماں، یہ میری پرسنل باؤنڈری ہے، پلیز اس میں دخل اندازی مت کیجیے"

حیدر میاں سے گرما گرم بحث میں الجھنے کے دوران جونہی یہ الفاظ سنے، ہم نہ صرف اپنی جگہ سے اچھلے بلکہ چودہ طبق بھی روشن ہو گئے۔

"کیا مطلب؟ میں ماں ہوں تمہاری" ہم نے ہکلاتے ہوئے کہا،

"بے شک! اور میں بحیثیت ماں آپ سے بہت محبت کرتا ہوں اور آپ کی رائے کا احترام بھی! مجھے علم ہے کہ آپ بھی مجھ سے بہت محبت کرتی ہیں لیکن مجھے آپ سے توقع ہے کہ بحیثیت فرد آپ بھی میری رائے اور خواہش کو اہم جان کر محترم جانیے"

"اف، یہ نئے ہزاریے کے بچے! کان کترتے ہیں ہمارے۔ ایسا کہاں ہوتا تھا بھلے زمانوں میں؟ کہ بچے ماں باپ کو اپنے سوال وجواب سے زچ کر کے ان کی جان کو آئیں"

ہم کتنی ہی دیر گویا اپنے آپ سے باتیں کرتے رہے۔ نہ جانے کون کون سی آوازیں لاشعور کی تاریک گلی میں گونج پیدا کرتے ہوئے معاشرے کا چلن یاد دلاتی رہیں۔

"کھلاؤ سونے کا نوالہ، دیکھو شیر کی نگاہ"

"دودھ نہیں بخشوں گی اگر کہنا نہیں مانا"

"ساری عمر محنت کر کے تجھے اس قابل بنایا، اب باپ کا کہنا ماننا تیرا فرض ہے"

"بچوں کی کیا مجال کہ وہ والدین کے حکم سے سرتابی کریں"

"میں شوہر ہوں تمہارا، مجازی خدا! میری تابعداری تم پہ فرض ہے"

"اپنی مرضی؟ ارے بی بی، چاند سے اتری ہو کیا؟ سسرال میں تو ہمارے مطابق ہی چلنا ہو گا"

خیالات کے جنگل میں بھٹکتے بھٹکتے ہم پھر وہیں جا پہنچے جہاں سے زندگی کے سب سبق سیکھے تھے۔

بچپن میں طلسم ہوشربا پڑھتے ہوئے جب بھی وہ مقام آتا جب عمرو عیار زنبیل سے چادر نکالتا، اوڑھ کے ان چاہے معاملات و واقعات سے اپنے آپ کو لاتعلق کرتا ہوا بہت سوں کی آنکھ سے اوجھل ہو جاتا، ہمیں عمرو پہ بہت رشک آتا۔ بعد کے آنے والے زمانوں میں بہت سے مقامات پہ بے اختیار دل چاہا، کہ کاش نہ ہوئی عمرو عیار کی چادر پہ دسترس کہ اوڑھ لیتے اور اس کی نرم گرم اوٹ میں زندگی سہل ہو جاتی۔

اب جب پلوں کے نیچے بہت پانی بہہ چکا، ہم زندگی کی شام کو اپنے ملگجے پن کے ساتھ اوڑھ چکے تو سمجھ میں آتا ہے کہ وہ آنکھ سے اوجھل ہونا تو ایک استعارہ تھا اپنی ذات کو مخلوق خدا کے الزام ودشنام سے محفوظ رکھنے کے لئے۔ ہم یہ بھی دیکھ اور سمجھ چکے کہ دنیا کے میلے میں بہاؤ کا حصہ بننے کے باوجود ہر ذی عقل وشعور کی خواہش اپنی ذات کے گرد ایک ایسا حفاظتی حصار کھینچنا ہوتا ہے جہاں وہ اپنی ذات کو سنگسار یا ریزہ ریزہ ہونے سے بچا سکے۔

صاحب، شخصی آزادی کی لکیر کھینچے بنا کسی فرد سے کوئی بھی رشتہ طویل مدت کے لئے قائم نہیں ہو سکتا۔ محبت، الفت اور احترام کے رنگ زندگی کو تبھی قوس قزح بنا سکتے ہیں جب ہر فرد کو نہ صرف اپنی حدود کا علم ہو بلکہ دوسروں کی حدود کی پاسداری بھی کرنا آتی ہو۔

من وتو کا فرق مٹا کے اپنی ذات کو فنا کر دینے کی کتابی باتیں سننے کی حد تک تو بہت دل نشین محسوس ہوتی ہیں۔ لیکن ایک وقت ایسا بھی آتا ہے جب ذات کے اندر سوال وجواب کا الاؤ جل اٹھتا ہے جو لحظہ بہ لحظہ ایک جیتے جاگتے انسان کو راکھ میں بدلتا رہتا ہے۔

جان لیجیے کہ اگر کسی کو مروت کا اظہار کرتے ہوئے "نہیں" کہنا سکھایا نہیں گیا، اگر کسی فرد کی زندگی اپنی ضروریات کی پرواہ نہ کرتے ہوئے دوسروں کو خوش اور مطمئن کرنے میں بسر ہوئی ہے، اگر کسی کو ہمہ وقت تنقید وطنز کی بوچھاڑ کا سامنا ہے، اگر کوئی دم گھٹ جانے والی پابندیوں کا شکار ہو کے زندہ رہنے کی امنگ سے دستبردار ہو چکا ہے تو ایسے ہر فرد کو دوسروں کی پہنائی ہوئی زنجیروں کو توڑ کے اپنے گرد اپنی ذات کے لئے حفاظتی حصار کھڑا کرنا ہے۔

چلیے جانے لیتے ہیں کچھ ایسے حصاروں کے بارے میں جو آپ کو زندگی میں سربلند کر کے جینا سکھائیں۔

جسمانی حصار

ایک ایسی آہنی باڑ جس کا مقصد ذات، جسم کی حفاظت اور ذاتیات میں دخل اندازی کی اجازت نہ دینا ہے۔ ہاتھ ملانا، گلے لگنا، اپنے کمرے میں آنے کی اجازت، کمرہ مقفل کرنا، ہمسائے کا اونچی آواز میں بجتا میوزک، کسی سے ملنے سے انکار کرنا اس کی عام مثالیں ہیں۔

ذہنی حصار

کرہ ارض پر موجود ہر نفس جو کسی بھی رشتے میں دوسرے سے بندھا ہو، یہ حق رکھتا ہے کہ وہ اپنی انفرادیت قائم رکھتے ہوئے ذاتی پسند ناپسند پہ دوسرے فریق کو نہ تو حاوی ہونے دے اور نہ ہی خود کو مسلط کرے۔

اپنے خیالات، رائے، پسندیدہ اقدار، ایمان، اعتقاد اور یقین پر اعتماد اور دفاع اور دوسرے کا احترام اسی صورت میں کیا جاسکتا ہے جب فرد کا اپنا ذہنی حصار مضبوط ہو۔ دوسروں کی رائے کچلنے کا شوق پالنے والے آمریت پسند فرد کے ہم سفر اذیت کا شکار ہو کے ذہنی مریض بن کے زندگی کا سفر تمام کیا کرتے ہیں۔

جذباتی حصار

بال برابر یا تیز دھار سے مماثلت رکھنے والی لکیر جو فرد کے اپنے جذبات کا بچاؤ اور دوسروں کے احساسات کا لحاظ رکھے، ایک ایسا غیر مرئی ہتھیار ہے جو فرد کی طرف اچھالے جانے والے ہر جملے، چاہے مزاحیہ ہو یا استہزائیہ، تنقیدی ہو یا طنزیہ، الزام و دشنام طرازی ہو یا دوستانہ پند ونصائح کو کہنے والی کی زبان پہ ہی روک دے۔ اور ایسا ہی کنٹرول اپنی زبان کے لئے لاگو رکھے، یہ سمجھتے ہوئے کہ خیال خاطر احباب چاہیے ہر دم/انیس ٹھیس نہ لگ جائے ان آبگینوں کو۔

اشیا کا حصار

روپے پیسے ادھار دینا ہیں یا نہیں، دوست و احباب کو گاڑی کے استعمال کی اجازت، ذاتی ملبوسات، میک اپ اور کتابوں کا مشترکہ استعمال مالک کی صوابدید پر ہونا چاہئے اور کسی بھی انکار یا ہچکچاہٹ کے بغیر انا کا مسئلہ نہ بناتے ہوئے اس اصول کا اطلاق ہر فرد کا حق ہے۔

جنسی حصار

بچوں کو اوائل عمری میں جنسی تعلق کی معلومات دینا از حد ضروری ہیں تا کہ وہ اپنی ذات کی حفاظت کے لئے نہ صرف یہ کہ کسی بھی نقب لگانے والے کا مقابلہ بلکہ "نہیں" کہنے کی جرات پیدا کر سکیں۔ جنسی حصار کھینچے جانے کی تربیت حاصل کرنا ہی وہ ہتھیار ہے جو ہر فرد کا بنیادی حق ہے۔

ایشیائی معاشروں میں ازدواجی رشتے میں بندھے فریقین کے لئے اجازت کا تصور دیوانے کی بڑ ہی سمجھا جاتا ہے اور اس میں مذہب کا سہارا لے کر عورت کو ہی تلقین کی جاتی ہے کہ بلاوے پہ آمنا وصدقنا کہنا ہے ورنہ لعنت وملامت ہی مقدر ہو گی۔ لیکن بہت سے اور حصاروں کی طرح اس رشتے کو زنگ آلود ہونے سے بچنے کے لئے اہم ہے کہ فریقین کی مرضی کہاں، کیسے اور کب کے لئے شامل ہو۔

صاحبان دانش، پرسنل باؤنڈری یا ذاتی حصار کھینچنے میں سماجی رویے اور معاشرتی اقدار کیا اور کیسے رخنہ ڈالتی ہیں۔ اس کے لئے دیکھ لیجیے گا ہمارا اگلا مضمون!

ٹوفنگر ٹیسٹ اور میرا ذاتی تجربہ

مقدس رفیق

ٹانگیں سمیٹ کر بیٹھو، ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر مت بیٹھو، تم کمر پر ہاتھ رکھ کر کیوں کھڑی ہو؟ آہستہ چلو، سیڑھیاں آرام سے اترا کرو، اچھل کود مت کرو بڑی ہو گئی ہو، وزن مت اٹھاو، سائیکل مت چلاؤ گر جاؤ گی تو چوٹ لگ جائے گی، بارش ہے زمین پر پاؤں دبا دبا کر رکھنا، تانگے پر ذرا سنبھل کر بیٹھنا، موٹر بائیک پر دونوں طرف ٹانگیں کر کے نہیں بیٹھنا، ماہواری کے دوران پیروں کے بل زیادہ دیر مت بیٹھنا، رقص نہیں کرنا اب تم بڑی ہو گئی ہو، ٹخنوں کو چھوتی ہوئی شلوار پہنا کرو اب۔

یہ تو وہ باتیں ہیں جو ہم تمام لڑکیاں ہوش سنبھالتے سنتی ہیں اور اس پر سختی سے عمل کرنے کے لیے اپنی چٹیا بھی نام نہاد عزت کے ٹھیکیداروں کے ہاتھوں میں دیتی ہیں۔ میں نے اپنی تئیس سالہ زندگی میں یہ سب سنا بھی اور اس پر ڈٹ کر عمل بھی کیا اور نافرمانی کی صورت میں بالکل ایسے ہوا جیسے کسی مدرسے کے کمرہ جماعت میں ایک ٹانگ نیچے بچھائی جاتی ہے اور ایک ٹانگ کو موڑ کر کھڑا کر کے اس پر ہاتھ جما کر پڑھتے جانا ہے، بس اگر ذرا سی بھی تشریف بچھی ہوئی ٹانگ سے سرکی تو آپ کی کمر پر پلاسٹک کے پائپ سے لال مہر ثبت کی جائے گی جو وقت گزرنے کے ساتھ نیلی ہو جائے گی اور پھر اس پر دوزخ کی آگ حرام ہو جائے گی۔ بالکل اسی طرح ہم لڑکیوں کو وہ تمام پریکٹس کروائی جاتی ہے جس سے ہمارے کنوارے پن کا ثبوت ایک سفید چادر پر اپنی پوری آب وتاب سے چمک سکے اور اس چادر پر یہ ثبوت (لال دھبہ) شرماتے ہوئے ہمارے مجازی خدا کو ہماری پاک دامنی کا گھونگھٹ اتارنے کا اجازت نامہ دے۔

اس معاشرے میں سب سے پہلی غلطی جو ہمارے حصے میں ڈال دی گئی ہے وہ ہے لڑکی ہونا اور پھر اس پر ماہواری جیسا ایٹم بم بھی ہمارے حصے میں آتا ہے۔ ماہواری تو وہ 'قبیح چیز' ہے کہ ہمارے جسم کے اندر جس کے ہونے سے ہم ناپاک ہیں، ہر بائیس دن بعد یا تئیس دن بعد اور کبھی تو پندرہ دن بعد اپنی وجائنہ سے خون کی وافر مقدار کے نکل جانے پر بھی ہم قصوروار ہیں۔ ماہواری سے جڑی وہ تمام پیچیدگیاں اور حقائق جو ہم لڑکیوں سے حیا کے نام پر چھپائے جاتے ہیں اس سے ہر لڑکی اپنی روزمرہ زندگی میں کتنی تکلیف اٹھا رہی ہے، اس کا علم اگر مردوں کو ہو جائے تو وہ اپنے کمرے کے کسی کونے میں بیٹھ کر کپکپاتے رہیں گے۔

مردوں کے بارے میں یہاں اس لیے لکھ رہی ہوں کہ ان ہی کی غیرت کی وجہ سے ہمیں حیا کا درس پڑھایا جاتا ہے، انہی کی پدرسری سوچ کے ماتحت ہم لڑکیوں کی بولنے، سننے اور سمجھنے کی آزادی کو ختم کر دیا جاتا ہے۔ ہم لڑکیوں کو اگر بارہ سے گیارہ سال کی عمر میں ماہواری شروع ہو جاتی ہے تو ہمیں اسے چھپانے کو کہا جاتا ہے۔

ذرا سوچیں آپ کی عمر گیارہ سے بارہ سال ہے، آپ اپنے ہم جولیوں کے ساتھ کھیل کود کر رہے ہیں اور آپ کی شلوار پر ماہواری کا پہلا لال دھبہ لگ جاتا ہے، آپ گھر پہنچو تو والدہ وہ دھبہ دیکھ کر گھبراتے ہوئے اپنے منہ پر ہاتھ رکھتی ہے اور آپ کا بازو زور سے پکڑتے ہوئے آپ کو دروازے کے پیچھے لے جایا جاتا اور کہا جائے کہ تم اب بڑی ہو گئی ہو اور خبردار جو اس خون کے بارے میں کسی کو بتایا تو آپ کے ہوش تو اس لفظ پر اڑ جائیں گے کہ کیسا خون؟ کون سا خون؟

ایک سوئی کی نوک چبھنے سے خون نکلے تو ماں تڑپ کر سینے لگا لیتی تھی اور آج کہہ رہی کہ اس خون کے بارے میں کسی کو بتانا نہیں۔ آپ اسی صدمے اور بے یقینی میں ہوں اور آپ کو پھر مزید بتایا جائے کہ اب یہ خون ہر مہینے آئے گا اور تم نماز نہیں پڑھو گی، باہر نہیں جایا کرو گی، لڑکوں کے ساتھ کھیل کو ختم کر دو، اپنے باپ کے سامنے ان دنوں کم جانا اور یہ لو یہ زیر جامہ پہنو، اب اور ساتھ یہ کپڑا ابھی رکھ لو تا کہ تمہاری شلوار گندی نہ ہو اور ہاں میرے ساتھ اب باورچی خانے میں کام کروایا کرو، کھانا پکانا سیکھو، تم اب بڑی ہو گئی ہو۔

اس تمام تصور میں ابھی میں نے ماہواری کا درد، ماہواری کو چھپانے کی الٹی سیدھی ترغیبات اور ماہواری کو چھپائے رکھنے کا جو ذہنی دباو ہے وہ نہیں لکھا تا کہ آپ کے ہوش سلامت رہیں۔ ماہواری سے پہلے اور بعد کی کچھ پیچیدگیاں جو متوازن غذا کی کمی، معاشرتی دباو اور ذہنی دباو کی وجہ سے ہر لڑکی کے جسم میں مختلف تبدیلیوں کی صورت میں آتی ہیں، ان کے بارے میں ہم لڑکیوں کو صرف پریشان ہونے اور چھپانے کا حق ہے نہ کہ اس کے بارے میں جاننے کا کوئی حق ہے۔

اس پر بات کرنا تو سخت گناہ سمجھا جاتا ہے۔ آپ کے کردار پر سوالیہ نشان لگا دیا جاتا ہے۔ مجھے پہلی بار ماہواری ہوئی تو میری عمر سولہ سال تھی، میں بھی ہکا بکا رہ گئی کہ یہ کیا ہو گیا مجھ سے، میری والدہ نے جب یہ سب دیکھا تو انہوں نے یہی کہا کہ کسی کو بتانا نہیں ورنہ تمہاری پڑھائی روک دیں گے۔ میرے کندھے پر ہاتھ زور سے جماتے ہوئے ایک چھوٹا سا کتابچہ میرے ہاتھ میں تھمایا اور کہا یہ پڑھ لو اس پر عمل کرنا اور صفائی کا خاص خیال رکھنا۔

یہ ہدایات دے کر وہ اپنے سسرالیوں کی خدمت کے لیے باورچی خانہ کی طرف ہجرت کر گئیں۔ میری والدہ ایک پڑھی لکھی خاتون ہیں، ان کے پاس وہ جادوئی کتابچہ کہاں سے آیا، مجھے نہیں معلوم مگر اس کتابچے کو میں نے سینے سے لگائے رکھا، اس میں ماہواری کے متعلق تمام ہدایات درج تھیں کہ کیسے پیڈز کو استعمال میں لانا ہے، کس طرح ڈسپوز کرنا ہے اور کس طرح بلوغت کے بالوں (غیر ضروری بالوں) کو صاف کرنا ہوتا ہے۔ پہلی ماہواری کے سات دن بعد جو پہلا غسل فرمانے کے لیے میں گئی تو تب بھی وہ کتابچہ میرے ساتھ تھا۔

اتنے اچھے تعاون اور آگاہی کے باوجود میرے اوپر یہ دباو تھا کہ میری ماہواری کا کسی کو علم نہ ہو۔ اکثر لڑکیوں کو ماہواری کے بعد غیر متوازن غذا، معاشرتی اور ذہنی دباو کی وجہ سے لیکوریا جیسا مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ جس میں چڑچڑاپن، بھوک کی کمی، کمر درد اور وجائنہ کے راستے سے سفید مادہ خارج ہوتا ہے اور لڑکیاں اس پر بھی پریشان رہتی ہیں اور یہ پریشانی ہی اس مرض کو بڑھانے میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتی ہے اور بدقسمتی سے میں اس مرض کی لمبے عرصے تک شکار رہی، جب میری والدہ کو اس بات کا علم ہوا تو انہوں نے میری تائی جان کو میری ماہواری کے بارے میں بتایا اور مزید بتایا کہ اس کو لیکوریا کا مرض بھی ہے۔ تائی جان نے مبارک باد کے ساتھ میری والدہ سے کہا اس کو اپنی خاندانی ڈاکٹر کے پاس لے جاو۔ جس کے پاس میرے خاندان کے بچوں نے آنکھ کھولی تھی۔ میری والدہ مجھے والد کے ساتھ اس ڈاکٹر کے پاس لے گئیں۔

وہاں میں دیکھتی ہوں کہ میری دادی کی عمر کی ڈاکٹر اپنے مریضوں سے محو گفتگو ہیں، والدہ کو دیکھتے ہی وہ آنے کا مقصد پوچھتی ہیں تو میری والدہ ادھر ادھر دیکھ کر ہچکچاتے ہوئے میرے بارے میں بتا دیتی ہیں۔ ساری بات غور سے سننے پر وہ ڈاکٹر مجھے دوسرے کمرے میں جانے کا اشارہ کرتی ہیں تو میں چلی جاتی ہوں کچھ دیر بعد ڈاکٹر آتی ہیں اور کمرے میں لٹکا ہوا پردہ گرا کر ایک چھوٹی میز پر بیٹھ جاتی ہیں اور مجھے اپنی گود میں بٹھا کر میری شلوار اتارنے کے بعد اپنی دو انگلیاں میری وجائنہ میں ڈالتی ہے اور دو تین بار اسی طرح کرتی ہے، اس کے بعد مجھے وہ اپنے ساتھ باہر لے آتی ہے اور امی سے کہتی ہے اس کی عمر بہت کم ہے اس کو بس دوا دیتی ہوں، ٹھیک ہو جائے گی۔

اب جب میں شعوری حیثیت رکھتی ہوں اور وہ لمحہ یاد کرتی ہوں تو خود سے سوال کرتی ہوں کہ وہ سب جو ہوا وہ کیا تھا؟ اس وقت بھی وہ میرے لیے ایسا حادثہ تھا جسے میں آج بھی، آنکھیں بند کر کے اپنے خیال سے گزار دینا چاہتی ہوں مگر نہیں کر پاتی۔ کوئی بھی کسی انسان کے ساتھ ایسے کیسے کر سکتا ہے؟ مجھے اس ڈاکٹر سے شدید نفرت ہوتی ہے، خوف آتا ہے۔ ایسی کون سی بیماری ہے جس کی جانچ کے لیے آپ لڑکی کی وجائنہ میں انگلیاں ڈال دیتے ہو پھر وہ عورت ہو یا مرد یہ کسی صورت قابل قبول نہیں۔

اصولی طور پر کسی بھی مریض کے چیک اپ سے پہلے اس کی آمادگی کے بارے میں جانا جاتا ہے کہ وہ اپنے چیک اپ کے لیے اس ڈاکٹر سے تسلی کی امید رکھتا ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو اس سے آگے دوسری بات کی گنجائش نہیں رہنی چاہیے۔ والدین کو پتہ ہونا چاہیے کہ انہوں نے اپنے بچے کو کسی کے پاس اکیلا نہیں چھوڑنا بھلے وہ ڈاکٹر ہو۔ میری والدہ نے اس کے لیے مجھ سے معذرت بھی کی ہے اور باقی ماؤں کو ہمیشہ ڈاکٹرز کے سر پر موجود رہنے کی تلقین بھی کرتی رہتی ہیں۔

میں اس وقت ایک مریض کی حیثیت سے گئی تھی اور اس ڈاکٹر نے میرا ٹوفنگر ٹیسٹ نہیں معلوم کس جانچ کی خاطر کیا یا پھر اس کے کیا ارادے تھے مگر مجھے وہ اس کا فنگر ٹیسٹ آج بھی تکلیف دیتا ہے، بہت برا محسوس کرتی ہوں، کاش اس احساس سے نکلنے کا کوئی مرہم ہو۔ ایک ایسی خاتون جس کے ساتھ جنسی زیادتی کی گئی ہو اور پھر اس کا ٹوفنگر ٹیسٹ کیا جانا کس قدر تکلیف دہ عمل ہوتا ہو گا اس کو میں بہت قریب سے محسوس کر سکتی ہوں اور اسی ٹو فنگر ٹیسٹ کی بنیاد پر اس کے کردار کا خلاصہ پیش کر دینا کس قدر گھٹیا عمل ہے۔

لاہور ہائی کورٹ نے ٹوفنگر ٹیسٹ کو ختم کر کے غیر آئینی قرار دے کر انتہائی مثبت پیش قدمی کی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ تمام سرکاری و غیر سرکاری اسپتالوں میں اس کی آگاہی کے لیے ایک اور مثبت قدم اٹھائے تا کہ اس گھٹن زدہ معاشرے میں کہیں سے تو ہمیں تحفظ کی کوئی کھڑکی کھلی ہوئی نظر آئے، ماہواری کے متعلق بنائے گئے فرسودہ متھس کو ختم کیا جائے۔

اگر میں ماں ہوتی تو اپنی بیٹی کی پہلی ماہواری پر پیریڈز پارٹی منعقد کرتی جس میں میری بیٹی، اس کا باپ اور میں ہوتے اور اپنی بیٹی کو مل کر تمام فرسودہ باتوں پر ایک ایک چراغ پانی میں چھوڑتے اور اس سے کہتے کہ یہ وہ تمام متھس ہیں جو یہ معاشرہ تم پر لاگو کرے گا مگر تم نے اپنی آزاد اڑان سے یہ چراغ بجھا دینا ہے اور اپنی روشنی خود بنانی ہے جو تمہاری خوشی اور آزادی کو روشن رکھے گی۔

میرے لفظ ختم ہوئے، تمھارے آنسو سوکھ گئے

علی احمد جان

آج چوتھا دن گزر گیا 11 لاشیں سامنے رکھ کر ہزاروں لوگ کوئٹہ شہر کے ویسٹرن بائی پاس پر بیٹھے اپنے ملک کے وزیر اعظم کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ آئیں اور ان کو پرسہ دیں۔ ان کو گلے لگائیں اور یقین دلائیں کہ پھر ایسا نہیں ہوگا۔ ان کے پیاروں کے ہاتھ پاؤں باندھ کر گردنوں پر چھری چلانے والے اس ملک کے قانون کی دفعہ 302 کے تحت قتل عمد کے جرم کی پاداش میں سزائے موت کی قرار واقعی سزا سے بچ نہیں پائیں گے۔

وزیر اعظم نے اپنے با اختیار اور واحد تجربہ کار وزیر داخلہ کو بھیجا مگر لاشیں سامنے رکھ کر دھرنا دینے والوں نے ان کی بات نہیں سنی۔ پھر بات چیت اور بول چال کی مہارت رکھنے والے ایک وزیر اور ایک مشیر کو بھیجا گیا جن کا مسلکی تعلق بھی احتجاج کرنے والوں کو اپنے موقف سے نہیں ہٹا سکا۔

اپنے کنٹینر پر گھنٹوں لوگوں کے جذبات ابھارنے اور خون گرمانے والی تقاریر سے مقبول ہوئے وزیر اعظم عمران خان اپنے دور اقتدار کے اڑھائی سال گزارنے کے بعد شاید یہ جان چکے ہیں کہ اب ایسی تقریر کرنا بھی ان کے اختیار میں نہیں کہ کسی پر الزام دھرا جائے، کسی کو مجرم ٹھہرایا جائے اور وعدہ فردا پر تالیاں بجوائی جائیں۔ اب لوگوں کے تیکھے سوالات کا جواب دینا ہوتا ہے، وعدہ کرنا ہوتا ہے کہ بلا تفریق جنس، ذات، نسل، عقیدہ اور رنگ کے ہر شہری کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، جس کے وہ وزیر اعظم ہیں۔

1988ء□ میں گلگت پر لشکر کشی سے اب تک میں نے سینکڑوں مظاہروں میں شرکت کی ہے، تقاریر کی ہیں، نعرے لگائے ہیں، کالم، خطوط، مضامین لکھے ہیں، مکالمے اور مباحثے کیے ہیں۔ الفاظ بار بار دہرائے گئے ہیں خون کی اس ہولی کی طرح جو تب سے بار بار کھیلی جاتی رہی ہے جس کی صرف جگہ اور مقام تبدیل ہوتا رہا ہے۔ مگر گزشتہ برسوں سے کوئٹہ میں تو ایسا لگتا ہے کہ اب یہ شہر ہزاروں کی قتل گاہ ہے۔ (ہزارہ قبائل سے مراد ہے مگر یہاں لوگ قتل بھی ہزاروں میں ہوئے ہیں)۔

اب نیا کیا لکھا جائے جو پہلے نہیں لکھا، کہا اور سنا نہیں گیا۔ ہم ہر مقتول کو جانتے ہیں اور قاتل بھی معلوم ہے اور وجہ قتل سے بھی واقف ہیں۔ یہ باتیں اب ڈھکی چھپی نہیں بلکہ رات سات سے گیارہ بجے تک ہر ٹی وی چینل پر ایک سے ایک بڑ بولا اپنے انداز میں وہی دہرا رہا ہوتا ہے جس کو سن سن کر بولنے والے کے منہ کھولنے سے پہلے سننے والے کو پتہ چل جاتا ہے کہ وہ کیا کہنے والا ہے۔

میں کیا یہ لکھوں کہ ہمارے ملک میں فرقہ وارانہ دہشت گردی، عدم برداشت اور تکفیری سوچ کی گہرائی کا گڑھا ہماری ریاست نے بحر مبینہ طور پر ہند کے گرم پانیوں کی تلاش میں آنے والے سرخ ریچھ کے لئے کھودا تھا جس میں اب وہ خود گر رہی ہے؟ یہ بات خود ہمارے وزیر اعظم نے ملک کے اندر اور باہر کئی بار کہہ دی ہے۔

کیا یہ لکھا جائے کہ پاکستان میں فرقہ وارانہ فسادات اور ایک دوسرے کی تکفیر کی روش ایران کی ولایت فقیہ اور سعودی عرب کے سلفی فرمان رواؤں نے ایک دوسرے کو جوابی کارروائی کے طور میں ہمارے ہاں درآمد کیا جواب مقامی طور پر ایک منافع بخش کاروبار بن چکا ہے۔ یہ بات بھی سب ہی جانتے ہیں، مانتے ہیں اور زبان زد عام ہے۔

ہمارے دشمنوں کو ہماری ترقی، اسلامی بھائی چارہ اور اخوت ایک آنکھ نہیں بھاتی اس لئے وہ ہمارے خلاف ہر وقت سازشوں میں مصروف رہتے ہیں خاص طور پر ایسے واقعات کے پیچھے ہمارے بد طینت پڑوسی کا ہاتھ ہوتا ہے۔ اس بات کو کیا لکھا جائے جو ہماری حکومت کو کسی واقعہ کی خبر چلنے سے پہلے ہی معلوم ہوتی ہے۔

کیا اس بات پر نوحہ کناں ہوں کہ حالیہ برسوں میں کوئٹہ سمیت ملک بھر میں ہزاروں لوگ فرقہ وارانہ دہشت کے ایسے واقعات میں مارے گئے مگر آج تک کوئی ایک قاتل بھی سزا نہ پا سکا۔ شاہراہ قراقرم پر سفر کرنے والے نہتے مسافروں کے دن دھاڑے کیے گئے قتل عام میں ملوث قاتلوں کی تصاویر اور ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے باوجود آج تک کوئی مجرم ثابت نہ ہو سکا۔ یہ بات تو سب ہی جانتے ہیں کیونکہ یوٹیوب پر وہ ویڈیوز اب بھی موجود ہیں جو کبھی بھی دیکھی جاسکتی ہیں۔

کوئٹہ میں اپنے پیاروں کی لاشیں اٹھائے مظاہرین بھی وزیر اعظم سے کیا نئی بات کہہ دیں گے جو پہلے کبھی نہیں کہی گئی ہو اور کون سا نیا مطالبہ پیش کریں گے جو پہلے منظر عام پر نہیں آیا۔ اگر خلیفہ عمران خان بحالت مجبوری بنی گالہ کی دھوپ سینکنے سے فرصت پا کر بقول محترم ضیغم خان کے سات دن دس گھنٹے کا سفر ایک ہی اونٹ پر آدھا راستہ غلام اور آدھا راستہ خود سواری کر کے کوئٹہ کی سردی میں پدھارے بھی تو کون سی نئی بات کریں گے جو اس سے پہلے کے وزرائے اعظم، صدور اور دیگر ارباب اختیار واقتدار نے نہیں کی ہو گی۔

یہ بات بھی سب ہی جانتے ہیں کہ ایوان صدر، وزیر اعظم اور گورنر ہاؤس میں ہر موقع کی مناسبت سے ایک تقریر اور ایک پیغام لکھا ہوا ہوتا ہے جو میڈیا کو جاری کیا جاتا ہے یا متعلقہ افراد کے حوالے کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات تو ایسے پیغامات وقوعہ سے پہلے ہی جاری کیے جانے کی مثالیں بھی موجود ہیں۔

ایسے واقعات کے لئے بھی ایک تقریر موجود ہوتی ہے جو پڑھی جاتی جس کا لب لباب ہوتا ہے کہ یہ سب ہمارے دشمنوں کی کارستانی ہے خاص طور پر ہمارے ہمسائے کی جو اب مغربی محاذ سے بھی ہم پر حملہ آور ہے۔ دہشت گردی کا شکار ہونے والے غیرت مند، پاکستان کے وفادار اور پر امن لوگ ہیں۔ حکومت نے دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، دہشت گردوں کی کمر توڑ دی ہے وغیرہ وغیرہ۔ زیادہ سے زیادہ کچھ علماء کہلانے والے سیاسی راہنما وزیر اعظم کے سامنے دھواں دھار قسم کی تقاریر جھاڑ کر اپنے دام بھی بڑھائیں گے وہ بھی کوئی نئی بات نہیں ہو گی۔

1988ء□ سے اب تک 32 سال ہو گئے۔ پاکستان میں گیارہ سال تک مارشل لاء□ لگا کر ہیروئین، کلاشنکوف کلچر، مذہبی انتہا پسندی اور تکفیریت کو فروغ دینے والے جنرل ضیاالحق بھی اسی سال ہی دنیا سے رخصت ہوئے تھے۔ اسی سال بے نظیر بھٹو کے بیٹے بلاول کی پیدائش ہوئی تھی جو اب وزیر اعظم بننے کی تیاری کر رہے ہیں۔

اس دوران ایک دفعہ پھر مشرف کے مارشل لاء□ کے علاوہ ایک درجن سے زائد کل وقتی وزرائے اعظم مجھے یاد ہیں۔ تقریر سب کی وہی ہے بیان ایک ہی جیسا ہے۔ اس دوران مہنگائی، بے روزگاری اور ناانصافی کے علاوہ تکفیریت، فرقہ واریت اور انتہا پسندی میں بھی پاکستان نے دن دوگنی رات چوگنی ترقی کی ہے۔

آج میری بھی عمر 55 سال ہو گئی۔ اب میرے پاس بھی پرسہ، دلاسا اور دلجوئی کے الفاظ ختم ہو گئے ہیں۔ لگتا ہے میرے الفاظ کی طرح چار دنوں سے لاشیں دفنائے بغیر دھرنا دینے والوں کے آنسو بھی سوکھ چکے ہیں۔

آپ کی رائے اور تحریروں کا خیر مقدم

سیاسی، سماجی معاشی موضوعات کے مطلق اپنی مختصر تحریریں، پریس ریلیز ہمیں بھیجیے ہم انہیں اپنے اخبار کی زینت بنائیں گے۔

imroz.ad@gmail.com

whatsapp no :03327971944

ادارہ امروز میڈیا گروپ میں چھپنے والے مضامین / کالم اور تجزیے تحریر کنندگان کا اپنا نظریہ ہو سکتا ہے اس سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں (ایڈیٹر)

کالی موت، ہجرت، بیٹیوں کی بے حرمتی اور پھر نکلنا تیل کا

نادرہ مہرنواز

جادونگری جیسے اس دیس ناروے نے کئی اتار چڑھاو دیکھے۔ کئی مشکلات کا سامنا کیا۔ سختیاں جھیلیں پر ہمت نہیں ہاری۔ گرتے پڑتے پھسلتے سنبھلتے سفر جاری رکھا ان دنوں کورونا کی وبا نے دنیا کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے۔ ناروے بھی اس وبا کے متاثرین میں سے ہے۔ لیکن یہ پہلی بار نہیں کہ ناروے میں وبا نے حملہ کیا۔ پرانے زمانے میں بھی کچھ ایسا ہی ہوا تھا۔ طاعون کی وبا۔ سیاہ موت (1346 – 1353) ان برسوں کے دوران طاعون جیسی خوفناک بیماری نے وبا کی صورت میں یورپ کو گھیر لیا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ وبا ایشیا سے پھوٹی اور پھر دور دور تک پھیل گئی۔ برطانیہ متاثر ہوا اور دو سال بعد ناروے تک بھی پہنچ گئی۔ یہ دور ناروے کی سیاہ ترین تاریخ ہے اور اسے سیاہ موت کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ یہ وبا چوہوں سے انسانوں میں منتقل ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک بحری جہاز جو برطانیہ سے ایا تھا، ناروے کے ساحلی شہر برگن پر لنگر انداز ہوا۔ جہاز میں موجود چوہوں کے ذریعہ یہ وبا انسانوں میں پھیل گئی۔ شہر کے لوگ بیمار ہوئے اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے یہ بیماری ملک کے دوسروں شہروں تک پہنچ گئی اور پورے ملک پر سیاہ موت چھا گئی۔ اس کے نتیجے میں یورپ کی ساٹھ فیصد ابادی جان سے گئی اور ناروے کی ایک تہائی ابادی کا صفایا ہوگیا۔ یعنی کل ملا کر پچاس سے اسی ملین لوگ مارے گئے۔ ہر گھر سے لاشیں نکلیں اور محلے کے محلے ویران ہوگئے۔ ناروے کے لوگ اس وبا کو بھولے نہیں۔ اس کی دہشت اور وحشت کا اج بھی ذکر ہوتا ہے۔ اج بھی اسے یاد کرتے ہیں اور اسکول کے بچوں کو بتایا جاتا ہے۔ ناروے پر دہرا صدمہ تھا کیونکہ اسی دوران ملک اپنی سیاسی خودمختاری سے محروم ہو کر ڈنمارک کا محتاج ہوگیا۔ وبا کا نہ کوئی علاج تھا اور نہ ہی اس سے بچاو کی کوئی واضح ترکیب۔ شہر ویران ہو گئے۔ کھیتوں میں کام کرنے والے نہ رہے۔ افرادی قوت پر ضرب لگی۔ پورا اسسٹم ناکارہ ہوگیا۔ اس مشکل ترین وقت نے چرچ اور اس کی انتظامیہ نے پوری کوشش کی کہ عوام کو مدد پہنچائی جائے۔ ملک سیاسی طور پر کمزور اور مالی بدحالی کا شکار ہوا۔ ہجرت (1825) ناروے کی تاریخ کا دوسرا بڑا دور وہ تھا جب ناروے کے باسیوں نے ہجرت کی۔ ناروے جواج کے زمانے میں مہاجرین کو اپناتا ہے۔ لوگ پناہ اور بہتر مستقبل کی خواہش میں یہاں اتے ہیں۔ حیرت ہوتی ہے یہ جان کر کہ کوئی دو سو سال پہلے ناروے کے باشندے پناہ اور بہتر مستقبل کی ارزو میں امریکہ ہجرت کر رہے تھے۔ چار جولائی اٹھارہ سو پچیس کو ناروے کے شہر استوانگر سے ایک پانی کے جہاز میں کچھ افراد سوار ہوئے اور ہجرت کا اغاز ہوا۔ یہ کل باون لوگ تھے۔ ان کی منزل نیویارک تھی۔ سفر میں تین ماہ لگے اور نو اکتوبر کو جہاز نیویارک پہنچ گیا۔ مزید حیرانی ہوتی ہے یہ جان کر کہ اس پہلی ہجرت کی وجہ مذہبی منافرت تھی۔ یہ لوگ ایک مذہبی اقلیت سے تعلق رکھتے تھے جسے کوایکرز (Quakers) کہا جاتا ہے۔ کوایکرز کو فرینڈز بھی کہتے ہیں۔ یہ مسیحیت کی ہی ایک شاخ ہے۔ یہ سوسائٹی سترہویں صدی میں انگلینڈ میں قائم ہوئی۔ اس کے بانی کا نام جارج فوکس تھا۔ اس فرقے کے اپنانے والوں کا یہ ماننا ہے کہ ہر انسان میں خدا کا کچھ نہ کچھ وجود ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ کوایکرز انسان کی عظمت اور توقیر مانتے ہیں۔ ان کے نزدیک ہر پیدا ہونے والا انسان منفرد اور باعث احترام ہے۔ انگلینڈ سے یہ لوگ امریکہ پہنچے۔ ایک برٹش جہاز میں کچھ نارویجین قیدی واپس وطن پہنچے تو وہ ایک نئی مذہبی سوچ اپنے ساتھ لائے۔ اور استوانگر شہر میں نہایت خاموشی سے اپنی میٹنگز اور عبادات کا سلسلہ جاری رکھا۔ یہ نظریاتی سوچ رکھنے والا فرقہ تھا۔ یہ غلامی کے سخت مخالف تھے۔ اسلحے کی نمائش بھی ان کے نزدیک ناقابل قبول تھی۔ سزائے موت کے بھی خلاف تھے۔ عورتوں کے حقوق کے حامی، جنگ کے مخالف اور امن پسند تھے۔ ناروے میں اس مذہبی گروپ کو امتیازی سلوک کا سامنا کرنا پڑا۔ اور چونکہ انگلیڈ سے پہلے ہی ان کے گروپ نے امریکہ نقل مکانی کی لہذا ناروے کے کوایکرز نے بھی سوچا کہ امریکہ ان کے لیے ایک بہتر زمین ثابت ہو گی جہاں مذہب کی بنیاد پر انہیں نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔ لیکن انہیں وہاں بھی اسی امتیازی سلوک کا سامان کرنا پڑا۔ امریکہ میں اکثریت کے مسیحی فرقوں اور غلاموں کی تجارت کرنے والوں کو یہ نظریہ کچھ بھایا نہیں۔ لیکن اس کے باوجود کوایکرز نے وہاں قدم جما لیے۔ امریکہ میں بھی انہوں نے غلامی کے خاتمے کے لیئے بھرپور کوششیں کیں۔ اج بھی اس مذہبی گروہ کا وجود ہے۔ امریکہ میں بھی اور ناروے میں بھی۔ ناروے سے امریکہ ہجرت کرنے کی ایک اور بڑی وجہ غربت بھی تھی۔ پے در پے کئی سال زراعت بہت بری طرح متاثر ہوئی۔ قحط کی سی صورت حال ہوگئی۔ الو کی کھیتی باڑی کرنے والے شدید مفلسی کا شکار ہونے لگے۔ امریکن ڈریم کا بہت چرچا تھا۔ انگلینڈ اور ایئرلینڈ سے جہاز بھر بھر کر لوگ اس سرزمین کا رخ کر رہے تھے جو ان کے خواب پورے کرنے کی نوید دے رہی تھی۔ ناروے سے بھی لوگ اس خواب کے تعاقب میں ہجرت کرنے لگے۔ زیادہ تر نارویجین میڈویسٹرن ایریا میں سٹیل ہوئے۔ اس زمانے میں ناروے کے تقریبا اٹھ لاکھ باشندوں نے امریکہ ہجرت کی۔ اکثریت نے پورے خاندان کے ساتھ یہ سفر کیا۔ جن کو زراعت سے دلچسپی تھی وہ ویسکونسین، مِنی سوٹا اور نارتھ ڈیکوٹا گئے۔ شہروں میں رہنے کے شوقین بروکلین اور مین ہٹن میں بس گئے۔ ہجرت کرنے والے زیادہ تر نارویجین امریکہ میں کامیاب رہے۔ کھیتی باڑی میں بھی، تجارت میں بھی اور سیاست میں بھی۔ ان میں ہوبرٹ ہمفرے اور والٹر مونڈالے امریکہ کی نائب صدارات تک پہنچے۔ اور ارل وارین امریکہ کی سب سے بڑی عدالت کے جج بنے۔ اس وقت امریکہ میں تقریبا پانچ ملین ناروے نژاد لوگ اباد ہیں یعنی اتنے ہی لوگ جتنی ناروے کی اپنی ابادی ہے۔ امریکہ ہجرت کرنے والے اپنے ساتھ تھوڑا سا ناروے ضرور لے گئے۔ اور آہستہ آہستہ اپنی کمیونٹی بنا ڈالی۔ اپنی دوکانیں کھولیں، اپنے کیفے بنائے، اپنے گرجے بھی تعمیر کیئے۔ ناروے کا قومی دن وہاں بھی اسی جوش سے مناتے ہیں۔ اپنا قومی لباس پہن کر ہاتھوں میں ناروے کا جھنڈا لہراتے پریڈ کرتے ہیں۔ عالمی جنگ (1940-1945) پہلی جنگ عالمی جنگ میں ناروے نے خود کو غیر جانبدار رکھا اور محفوظ رہے۔ خیال یہ کیا گیا کہ اس بار بھی ایسا ہی ہوگا۔ لیکن ہٹلر کی نازی فوج سویڈن کی سرزمین سے ناروے میں داخل ہوگئی۔ یہ ناروے کا ایک اور کڑا امتحان تھا۔ ملک پوری طرح جرمنوں کے قبضے میں چلا گیا۔ نئے قوانین بن گئے۔ کھانے پینے کی اشیا پر راشن لگ گیا۔ دوکانیں خالی ہوگیں۔ اٹا، چینی اور کافی بھی راشن کارڈ پر ملتی۔ لوگ پیٹ بھر کر کھانے سے محروم ہوگئے۔ اس دوران بچے بھی نامناسب اور ناکافی غذا ملنے کی وجہ سے بیمار اور کمزور ہوئے۔ لیکن اسی دوران جرمن سپاہیوں اور نارویجین لڑکیوں کے درمیان کچھ محبت کی داستانیں بھی رقم ہوئیں۔ کہا جاتا ہے کہ تقریبا پچاس ہزار نارویجین عورتیں جرمن سپاہیوں کے ساتھ تعلقات میں بندھ گیں اور ان لڑکیوں کو جرمن گرلز کہا جانے لگا۔ اور سال بھر بعد یعنی انیس سو اکتالیس میں اس رشتے سے پہلا بچہ بھی پیدا ہوا۔ کل ملا کر دس ہزار بچے پیدا ہوئے جنہیں جنگی بچے کہا جاتا رہا۔ جرمن حاکموں نے ان بچوں کو فخر سے اپنایا اور نارویجین لڑکیوں کے بطن سے پیدا ہونے والے یہ بچے اعلیٰ نسل کے کہلائے جانے لگے۔ لیکن جنگ ختم ہوتے ہی سپاہی واپس چلے گئے اور ان بچوں اور ان کی ماؤں کو چھوڑ دیا بلکہ بھلا بھی دیا۔ خود ناروے میں بھی ان بچوں اور ان کی ماؤں کے ساتھ نامناسب سلوک کیا گیا۔ ان ماؤں کے لیے الگ نرسنگ ہومز بنائے گئے جہاں وہ بچے کی پیدائش تک رہتیں۔ جرمن فوجی جا چکے تھے۔ ان بچوں کے باپ کون تھے، کہاں تھے، اس کی تلاش کی گئی لیکن اکثر کا پتہ نہ مل سکا۔ ناروے کی موجودہ وزیراعظم ارنا سولبرگ نے حکومتی سطح پر افسوس اور معذرت کا اظہار کیا۔ اور اعتراف کیا کہ ان بچوں اور ان کی ماؤں کے ساتھ امتیازی سلوک کیا گیا۔ تیل کی دریافت (1969) دس سال کی کوششوں اور تلاش کے بعد ناروے کے سمندر میں تیل مل گیا۔ اس کے بعد کئی اور کنویں کھودے گئے اور تیل اور گیس کے وافر ذخائر دریافت کر لیے گئے۔ اس دریافت نے ناروے کی قسمت بدل دی۔ اور کچھ ہی برسوں میں غریب ناروے امیر، امیر سے امیر تر اور اب امیر ترین ملکوں میں اس کا شمار ہے۔ لیکن کیا تیل کی دریافت ہی کسی ملک کو امیر بنا دیتا ہے؟ تیل تو کونگو میں بھی بہت نکلا۔ وینیز ویلا میں تیل کی نہریں ہیں۔ عراق اور دوسرے عرب ممالک بھی تیل سے مالا مال ہیں لیکن کیا ان ممالک کو ترقی یافتہ بھی کہا جا سکتا ہے؟ سویڈن اور فن لینڈ میں تیل نہیں ہے لیکن یہ ممالک ترقی کی بہترین مثال ہیں۔ ناروے کا شمار اب دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں سرفہرست ہے اور کئی سال سے دنیا میں رہنے کے لحاظ سے بہترین سرزمین ہے۔ ملک کی تعمیر و ترقی کے لیئے سیاسی عزم ضروری ہے۔ ملک کی ترقی کی راہ میں حائل کہیں غیر جمہوری رویے ہیں، کہیں بدعنوانی اور کہیں ملٹری یا سویلین ڈکٹیٹرشپ۔ ریاست اور تمام سیاسی پارٹیوں نے اس دولت کو ملک و عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کرنے کا فیصلہ کیا۔ انے والی دولت سے مختلف منافع بخش منصوبوں میں سرمایہ کاری کی اور اس ساتھ ہی اس دولت کو ایک فنڈ میں محفوظ رکھا گیا۔ اپنی انے والی نسلوں کے لیئے یا اضطراری حالات میں۔ کسی شدید ضرورت کے تحت ہی اس فنڈ سے رقم لے کر استعمال کی گئی۔ مثال کے طور پر ان دنوں کورونا کی وبا سے ملک کی معشیت کو ضرب لگی، اسے سنبھالنے اور عوام کو ریلیف دینے کے لیئے اس فنڈ سے مدد لی گئی۔ لیکن اب ناروے میں تیل کے مزید کنویں نہیں کھودے جائیں گے۔ ایک عرصے سے عوام اور سیاسی جماعتوں کی طرف سے مطالبہ کیا جارہا تھا کہ سمندر میں تیل پلیٹ فارم کی تعمیر سے ابی جانداروں کی زندگیاں متاثر ہو رہی ہیں اور گیس کی وجہ سے قدرتی ماحول بھی الودہ ہو رہا ہے۔ گلوبل وارمنگ کو کم کرنا انتہائی ضروری ہے۔ لیذا یہ فیصلہ کرلیا گیا کہ اب اور نہیں۔ توانائی کے لیئے بجلی پر انحصار کیا جائے گا۔

پولیس

ریلوے اسٹیشن	9201490
کینٹ پولیس اسٹیشن	9201087
بجلی روڈ پولیس اسٹیشن	9202042
سٹی پولیس اسٹیشن	9201250
گوالمنڈی پولیس اسٹیشن	1217
پشتون آباد پولیس اسٹیشن	2664040
قائدآباد پولیس اسٹیشن	9202218
انڈسٹریل پولیس اسٹیشن	92111050
پولیس لائن	9201435
کچلاک پولیس اسٹیشن	2890234
سریاب پولیس اسٹیشن	9211080
بروری پولیس اسٹیشن	2853610
نیو سریاب پولیس اسٹیشن	2892033
شالکوٹ پولیس اسٹیشن	2460190
ایمرجنسی سینٹر	15
ایمرجنسی سینٹر (A)	9202555
ایمرجنسی سینٹر (B)	9202777
سول لائن پولیس اسٹیشن	9202730
کرائمز برانچ	9201418
صدر پولیس اسٹیشن	9201435
ٹریفک ایمرجنسی	9201994
سیٹلائٹ ٹاون پولیس اسٹیشن	9211707
سی آئی اے	9202253
ایئرپورٹ پولیس اسٹیشن	2880387

بجلی

مرکزی شکایات سینٹر	18
کوئٹہ سٹی ڈویژن	9202027
ریونیو آفس سریاب	9211341
سب ڈویژن کرانی	2442834
کچلاک سب ڈویژن	2890076
گوالمنڈی سب ڈویژن	2869004
لیاقت بازار شکایت آفس	9201450
بروری سب ڈویژن	2828400
زرغون آفس	2823403
سپرنٹنڈنٹ انجینئر کوئٹہ	9202003

پی آئی اے

انکوائری	117
ایکس چینج	9201993/9202632
ریزرویشن	9201066
ایئرپورٹ انکوائری	114
ایکسچینج	9203873
ایئرپورٹ ایکسچینج	2880213/6
ٹریفک	2880028

ٹیلیفون

ہیلپ لائن	1236
شکایات	1218
بلنگ ہیلپ لائن	1200

ہسپتال

ایدھی سینٹر	283086/115
عمر فاؤنڈیشن	2837296
سول ہسپتال ایمبولینس	9202017
سول ہسپتال ایکس چینج	9202017
کرسچن ہسپتال	2842697
وفاقی میڈیکل سینٹر	9211636
ہیلپر آئی ہسپتال	9211087
ریلوے ہسپتال	9211078
لیڈی ڈفرن ہسپتال	2836532
فاطمہ جناح ٹی بی سینٹوریم	2853618
چلڈرن ہسپتال	2823705/11
مائیکو شہید ٹرسٹ	2824875/2828383
پاکستان جنرل ہسپتال	2842043/2842295
جیلانی ہسپتال	2447183
ایل آر بی ٹی	2850362
شعبہ حادثات سول ہسپتال/ایمرجنسی	137
بی ایم سی	2823618/2830553
فوجی فاؤنڈیشن میڈیکل سینٹر	2664464

فائر بریگیڈ

سٹی فائر بریگیڈ	2841118/920264
سرکلر روڈ	9201066/16
کنٹونمنٹ بورڈ	9201629

واسا شکایات

ایکسین	9211612
سب آفس مالی باغ	9202290
کواری روڈ	9202846
ایوب اسٹیڈیم	9202708

دیگر اہم نمبر

پی ٹی وی سینٹر	9202626
ریڈیو پاکستان	9202393
کوئٹہ پریس کلب	2821731
بلوچستان یونیورسٹی	9202791

بقیہ 1

جاسکتا، ہم کسی بھی صورت لاقانونیت کے آگے سر نہیں جھکائیں گے اور آئین کے تحت اپنی ذمہ داری ادا کرتے رہیں گے۔ امریکی آئین کے مطابق انتخابات کے بعد کانگریس کو ریاستوں کی جانب سے جمع کرائے گئے الیکٹورل کالج کے ووٹس کی گنتی کرنا ہوتی ہے جس کے تحت جو بائیڈن نے 306 جب کہ ٹرمپ نے 232 ووٹ حاصل کیے۔ گزشتہ روز نائب امریکی صدر مائیک پنس کی سربراہی میں نومنتخب صدر جو بائیڈن کی الیکٹورل کالج میں جیت کی باقاعدہ تصدیق کے لیے کانگریس اور سینیٹ کا مشترکہ اجلاس جاری تھا کہ ٹرمپ کے حامیوں نے کیپٹل ہل کے باہر رکاوٹیں توڑ دیں اور عمارت کے اندر داخل ہوگئے تھے جس کے بعد مشترکہ اجلاس کچھ وقت کے لیے معطل کیا گیا۔ ٹرمپ کے حامیوں کی جانب سے پرتشدد مظاہروں کے دوران 4 افراد ہلاک بھی ہوئے جس کے بعد واشنگٹن اور دیگر ریاستوں میں نیشنل گارڈ کے دستے بلالیے گئے اور دارالحکومت میں کرفیو نافذ کردیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے حالیہ انتخابات کے نتائج کو ماننے سے انکار کرتے ہوئے کہا تھا کہ انتخابات میں دھاندلی کی گئی ہے، ڈونلڈ ٹرمپ امریکا کی کئی وفاقی اور ریاستی عدالتوں سے انتخابات میں دھاندلی کے مقدمات خارج کیے جانے کے باوجود سپریم کورٹ بھی گئے تھے۔ صدر ٹرمپ نے پینسلوینیا کے انتخابی نتائج کے خلاف سپریم کورٹ میں دائر پٹیشن میں استدعا کی تھی کہ ڈاک کے ذریعے ڈالے گئے ووٹوں میں بے ضابطگیاں ہیں اس لیے عدالت پینسلوینیا کی جنرل اسمبلی کو از خود ریاست کے الیکٹرز کا انتخاب کرنے کی اجازت دے۔

بقیہ 2

صدر ڈونلڈ ٹرمپ سمیت 30 افراد کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے، ایران نے امریکی صدر کی گرفتاری کے لیے ریڈ پول سے مطالبہ بھی کیا کہ صدر ٹرمپ کے ریڈ وارنٹ جاری کیے جائیں۔ چند روز قبل بھی ایران نے جنرل قاسم سلیمانی اور مہدی المہندس کی بغداد ایئرپورٹ پر امریکی حملے میں ہلاکت پر صدر ٹرمپ اور 47 اعلیٰ امریکی حکام کی گرفتاری کے لیے ایک بار پھر انٹرپول میں درخواست جمع کرائی تھی۔

بقیہ 3

جانب سے کیپٹل ہل حملے اور اس کے نتیجے میں 4 افراد کی ہلاکت کے بعد امریکی صدر کے نائب قومی سلامتی کے مشیر میٹ پوٹنگر نے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق میٹ پوٹنگر کے قریبی ساتھیوں نے تصدیق کی کہ انہوں نے کیپٹل ہل حملوں پر صدر ٹرمپ کے ردعمل کے نتیجے میں استعفیٰ دیا۔ اس کے علاوہ امریکی صدر کی اہلیہ اور خاتون اول میلانیا ٹرمپ کی چیف آف اسٹاف بھی اپنے عہدے سے استعفیٰ دے چکی ہیں، وہ وائٹ ہاس کی سابق کمیونیکیشن ڈائریکٹر اور پریس سیکرٹری بھی رہ چکی تھیں۔ کیپٹل ہل حملوں کے بعد وائٹ ہاؤس کی سوشل سیکرٹری نے بھی فوری طور پر اپنا استعفیٰ جمع کرادیا جس کی وائٹ ہاس حکام کی جانب سے تصدیق کی گئی ہے۔ امریکی میڈیا کا بتانا ہے کہ خاتون اول کی چیف آف اسٹاف اور سوشل سیکرٹری ٹرمپ انتظامیہ کے ساتھ طویل عرصے سے کام کررہی تھیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق وائٹ ہاؤس کی ایک اور پریس عہدیدار سارا میتھیوس نے بھی اپنا استعفیٰ جمع کرایا جس میں ان کا کہنا تھا کہ کیپٹل ہل واقعے نے انہیں بری طرح متاثر کیا ہے، امریکی قوم کو ایک پرامن انتقال اقتدار کی ضرورت ہے۔ امریکی میڈیا کا کہنا تھا کہ اس کے علاوہ قومی سلامتی کے مشیر رابرٹ او برائن سمیت دیگر اہم قومی سلامتی کے عہدیداران بھی استعفے دینے پر غور کررہے ہیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق ٹرمپ کے ڈپٹی چیف آف اسٹاف کی جانب سے بھی جلد استعفیٰ دیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ 4

زیتون کے پھل دار درختوں کا قتل عام کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اسرائیلی فوج کے ہاتھوں کاٹ کر پھینک دیئے گئے زیتون کے درختوں کی تعداد دو ہزار سے زاید ہے۔ مکی عودہ نے اخباری نمائندوں کو بتایا کہ دیر بلوط میں ہونے والی اس کارروائی میں فلسطینی شہریوں کے نجی باغات کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فلسطینیوں کے باغات میں زیتون کے درختوں کے قتل عام کا مقصد فلسطینی اراضی پر قبضے کی راہ ہموار کرنا ہے۔ ادھر ی سیاق میں ایک دوسری خبر میں بتایا گیا کہ یہودی آباد کاروں نے غرب اردن کے شمالی شہر نابلس میں جالود کے مقام پر ایک باغ میں زیتون کے 150 پودے تلف کر دیے۔ شمالی غرب اردن میں یہودی آباد کاری پر نظر رکھنے والے غسان دغلس نے بتایا کہ احیا نامی یہودی کالونی سے آنے والے یہودی بلوائیوں نے مقامی فلسطینی شہری محمود فوزی حج محمد کے باغ میں گھس کر زیتون کے ڈیڑھ سو پودے کاٹ ڈالے۔ فلسطینی لینڈ ریسرچ سینٹر کے مطابق سال 2019 کے بعد یہودی آباد کاروں اور قابض فوج کے ہاتھوں فلسطین میں زیتون کے 9 ہزار 660 پھل دار پودوں کو کاٹا جاچکا ہے۔ اقوام متحدہ اور دوسری غیر سرکاری عالمی تنظیموں جن میں انسانی حقوق کونسل اور دوسرے اداروں نے فلسطین میں زیتون کے باغات اور اس کے پھل کو تحفظ فراہم کرنے پر زور دیا ہے۔ عالمی اداروں نے فلسطینی علاقوں میں اسرائیلی فوج اور یہودی آباد کاروں کے ہاتھوں زیتون کے درختوں کے قتل عام پر تشویش کا بھی اظہار کیا ہے۔

بقیہ 5

کرتے ہیں۔ اس سے سوڈان کو استحکام، سلامتی اور اقتصادی مواقع مہیا کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سمجھوتے سے سوڈان، اسرائیل اور معاہد ابراہیم پر دستخط کرنے والے دوسرے ممالک کو خطے میں باہمی اعتماد کی فضا ساز گار بنانے اور تعاون کے فروغ میں مدد ملے گی۔ سوڈانی وزیراعظم عبداللہ حمدوک کے دفتر کے مطابق وزیر انصاف نصرالدین عبدالباری اور امریکا کے وزیر خزانہ اسٹیفن نوشین نے خرطوم میں معاہد ابراہیم پر دستخط کیے۔ اس موقع پر امریکی وزیر خزانہ نے کہا کہ یہ ایک بہت ہی اہم سمجھوتا ہے۔ اس کے اسرائیل اور سوڈان کے عوام پر پرنمایاں اثرات مرتب ہوں گے۔ وہ ثقافتی، اقتصادی اور تجارتی مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے کام جاری رکھ سکیں گے۔ نصرالدین عبدالباری کا کہنا تھا کہ سوڈان خطے میں اسرائیل اور دوسرے ممالک کے درمیان روابط اور سفارتی تعلقات کے آغاز کا خیرمقدم کرتا ہے۔ اس کے لیے ہم مستقبل قریب میں مل جل کر کام کریں گے۔ ہم سوڈان اور خطے کے دوسرے ممالک کے مفاد میں ان تعلقات کو وسعت دیں گے اور مضبوط بنائیں گے۔

بقیہ 6

اسیران کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ قابض فوج کی بھاری نفری 'عوفر' جیل میں گھس گئی اور قیدیوں کے کمروں کی تلاشی کی آڑ میں تمام کمرے سیل کردیے۔ اس کے بعد جیل کے وارڈ نمبر 21 اور 22 میں تلاشی کے دوران قیدیوں پر اشک آور گیس کی شیلنگ کی۔ کلب برائے اسیران کا کہنا تھا کہ اسرائیلی فوج کی طرف سے قیدیوں پر تشدد میں اضافہ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب دوسری طرف کرونا کی وبا کی وجہ سے قابض حکام نے قیدیوں پر سختیاں پہلے ہی بڑھا دی ہیں۔ اسیران کلب کا کہنا تھا کہ اسرائیلی فوج کا کسی احتیاطی تدبیر کے بغیر جیل پر اس طرح دھاوا قیدیوں میں کرونا وبا پھیلانے کی منظم کوشش ہوسکتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل کی کئی جیلوں میں جیلروں اور قیدیوں میں کرونا پھیلنے کی اطلاعات ہیں۔ ایسے میں صہیونی فوج کا فلسطینی قیدیوں کے ساتھ ناروا سلوک، ان کے کمروں میں گھس کر تلاشی کی آڑ میں قیدیوں کو زدوکوب کرنا صہیونی فوج کی منظم چال کی عکاسی کرتا ہے، عوفر جیل میں فلسطینی قیدیوں پر تشدد کا یہ پہلا موقع نہیں۔ گذشتہ برس اسرائیلی فوج نے اسی جیل پر کئی بار چھاپے مارے اور قیدیوں کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ عوفر جیل میں بچوں سمیت 800 فلسطینی پابند سلاسل ہیں۔

بقیہ 7

جیت پر اعتراض بھاری اکثریت سے مسترد کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ امریکی سینیٹ پر ٹرمپ کے حامیوں کی جانب سے دھاوا بولا گیا جس کے نتیجے میں پولیس کے ساتھ ہنگامہ آرائی میں خاتون سمیت 4 افراد کی ہلاکت کے بعد واشنگٹن کی میئر موریل باوزر نے شہر میں پبلک ایمرجنسی نافذ کردی۔ ی ج

بقیہ 8

نافذ کردیا گیا تھا، واشنگٹن کی سڑکوں پر سناٹا ہو گیا، لوگ گھروں میں چلے گئے۔ پولیس نے کیپٹل ہل عمارت کا کنٹرول سنبھال لیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق کانگریس اور وائٹ ہاؤس کے باہر ٹرمپ کے حامیوں کا انتخابی نتائج پر احتجاج جاری تھا۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے حامی کیپٹل ہل (پارلیمنٹ بلڈنگ) کی عمارت میں داخل ہو گئے تھے۔ ٹرمپ کے حامیوں اور پولیس میں جھڑپیں ہوئیں۔ جھڑپوں کے بعد کیپٹل بلڈنگ کو لاک ڈاون کر دیا گیا۔ نائب صدر مائیک پنس کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا۔ سکیورٹی فورسز نے کیپٹل ہل کی عمارت کو خالی کرالیا۔ تاہم اب تمام انتخابی مراحل مکمل ہو گئے ہیں اور جو بائیڈن کی فتح کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ قبل ازیں امریکہ کے نومنتخب صدر جو بائیڈن نے اپنی معاشی ٹیم کا اعلان کیا تھا۔ بائیڈن نے وزیر خزانہ کے لیے فیڈرل ریزرو کی سابق سربراہ جینٹ ییلن کے نام کا اعلان کیا ہے امریکی محکمہ خزانہ کی 231 سالہ تاریخ میں پہلا موقع ہو گا جب ایک خاتون امریکہ کے محکمہ خزانہ کی قیادت کریں گی۔ بائیڈن نے انتظامی اور بجٹ کے امور سے متعلق محکمے کی ڈائریکٹر کے لیے بھارتی نژاد نیرا ٹنڈن کا انتخاب کیا ہے سینیٹ سے ان کی منظوری کی صورت میں ٹنڈن پہلی ایشیائی امریکی خاتون ہوں گی جو اس عہدے کی سربراہی کریں گی ٹنڈن اس وقت سینٹر فار امریکن پروگریس نامی تنظیم کی صدر ہیں۔ نومنتخب صدر نے ویلی ایڈیوموکو وزیر خزانہ ییلن کا نائب مقرر کیا ہے وہ پہلی افریقی امریکن ہیں جو محکمہ خزانہ میں ییلن کے بعد عہدے میں دوسرے نمبر پر ہوں گی جو بائیڈن نے لیبر اکنانومسٹ سیسیلیا روز کو وائٹ ہاس کونسل آف اکنامک ایڈوائزرز کی سربراہ نامزد کیا ہے وہ پہلی سیاہ فام خاتون ہوں گی جو یہ عہدہ سنبھالیں گی بائیڈن نے جیرڈ برنسٹین اور ہیتھر بوشی کو اکنامک کونسل کا رکن منتخب کیا ہے۔

بقیہ 9

فلسطین میں قیام اسرائیل کے بعد اب تک ایک لاکھ فلسطینی شہید کیے جاچکے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق رپورٹ میں بتایا گیا کہ سنہ 1948 کے بعد سے اب تک صہیونیوں کے ہاتھوں ایک لاکھ فلسطینیوں کو شہید کیا گیا۔ ان میں سے 11 ہزار فلسطینیوں کو انتفاضہ الاقصی کے دوران سنہ 2000 سے 2005 کے دوران شہید کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سنہ 2014 فلسطینی تاریخ میں ایک خونی سال ہے۔ اس سال 2240 فلسطینیوں کو شہید کیا گیا۔ ان میں سے 2181 غزہ کی پٹی پر مسلط کی گئی جنگ کے دوران شہید کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق سنہ 2019 کے دوران اسرائیلی فوج کی ریاستی دہشت گردی میں 151 فلسطینیوں کو شہید کیا گیا۔ سنہ 2020 کے دوران 48 فلسطینی صہیونی زندانوں کی بھینٹ چڑھے۔ سال 2021 کے پہلے ہفتے میں الخلیل میں ایک نہتے فلسطینی کو گولیاں مار کر شہید کیا گیا۔

بقیہ 10

ہے۔ اس نے ریت پر جی سی سی کا لوگو بنا کر ایک بے مثال پینٹنگ تیار کی، جس میں العلا کی تاریخی اہمیت اور جی سی سی کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔ عرب ٹی وی سے بات کرتے ہوئے بسمہ نے کہا کہ میرا تعلق العلا سے ہے۔ جب مجھے معلوم ہوا کہ اس بار جی سی سی سربراہ اجلاس العلا میں منعقد ہو رہا ہے تو میری خوشی کی انتہا نہ رہی۔ میں نے اس موقع پر جی سی سی کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے کچھ الگ کرنے کا سوچا۔ میں نے العلا کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ جی سی سی کی اہمیت کو باہم مربوط کرتے ہوئے ریت پر اس کی خاکہ سازی کی۔ اس نے بتایا کہ میں نے ریت پر خلیج تعاون کونسل کا لوگو تیار کیا۔ اس کے لیے میں برسوں پہلے جزیرۃ العرب میں استعمال ہونے والے المسند رسم الخط کو استعمال کیا اور اللحیانی حروف میں اس کا ڈیزائن تیار کیا گیا۔

بقیہ 11

گاؤں میں واقع محمد مروح کے دو منزلہ مکان کو مسمار کرنے کا حکم صادر کیا ہے۔ مروح قبہا پر استیر ہورگان نامی ایک یہودی خاتون کو قتل کرنے کا الزام ہے۔ گذشتہ ہفتے اسرائیلی فوج کی بھاری نفری نے 36 سالہ اسیر قبہا کے گھر پر چھاپہ مار کر اس کی مسماری کے لیے ایک جائزہ رپورٹ تیار کی تھی۔ دوسری جانب انسانی حقوق کی تنظیموں نے فلسطینی شہری کا مکان مسمار کرنے کے حکم کو فلسطینیوں کو اجتماعی سزا دینے کی مجرمانہ کارروائی قرار دیتے ہوئے اس کی شدید مذمت کی ہے۔ اسیر کے اقارب کا کہنا تھا کہ اسرائیلی فوج نے 24 دسمبر کے بعد ان کے گھر پر تین بار چھاپے مارے اور مکان کی مسماری کے لیے نوٹس جاری کیے ہیں۔ قبل ازیں اسرائیلی حکام نے دعوی کیا تھا کہ زیر حراست فلسطینی شہری محمد قبہا نے اعتراف کیا ہے کہ اس نے مغربی جنین میں الطور کے مقام پر ایک فدائی حملے کے دوران یہودی آباد کار خاتون کو ہلاک کیا تھا۔ صہیونی حکام کا کہنا تھا کہ یہ کارروائی شہید کمال ابو وعر کی شہادت کے انتقام میں کی گئی ہے۔ خیال رہے کہ اسرائیلی فوج نے سابق اسیر 36 سالہ محمد مروح قبہا کو 24 دسمبر کو گرفتار کیا تھا۔ اس کا تعلق غرب اردن کے شمالی شہر جنین کے جنوبی قصبے الطور سے ہے۔ گرفتاری کے وقت اس کے اہل خانہ کو بھی زدوکوب کیا گیا۔ اسرائیلی اسپیشل فورسز نے قبہا کے ساتھ ایک دوسرے فلسطینی نوجوان کو بھی اس کارروائی کے شبے میں گرفتار کیا تھا۔ ان پر 'استر ہورگان' یہودی کالونی میں 20 دسمبر 2020 کو ایک یہودی آباد کار خاتون کو ہلاک کرنے کا الزام عاید کیا گیا ہے۔ اسرائیلی فوج نے 20 دسمبر کو ایک یہودی آباد کار خاتون کی لاش برآمد کرنے کا دعویٰ کیا تھا اور کہا تھا کہ خاتون کی لاش مغربی جنین میں جھاڑیوں سے ملی ہے۔ شمالی غرب اردن میں یہودی کالونیوں کے امور کے ذمہ دار یوسی بن ڈاگان نے کہا تھا کہ خاتون کا قتل ایک فدائی حملے کا نتیجہ ہے۔ اس کے سر میں پتھر مار کر اسے قتل کیا گیا تھا۔

بقیہ 12

نتیجے روزگار کی عالمی مارکیٹ میں بے نظیر اثرات مرتب ہوئے لیکن خطہ خلیج میں بہت سے پیشوں سے وابستہ ملازمین کی تن خواہوں پر کوئی فرق نہیں پڑا۔ جیس گلف ریجن کے مینجنگ ڈائریکٹر کرس گریوس نے رپورٹ کے اجراء کے موقع پر کہا کہ جہاں تک تن خواہوں کا معاملہ ہے تو خطے میں مختلف پیشوں سے وابستہ افراد کی ملی جلی تصویر سامنے آئی۔ جیس کے اس سروے میں خطے سے تعلق رکھنے والے 3500 سے زیادہ آجروں اور اجیروں سے سوالات پوچھے گئے تھے۔ رپورٹ میں سروے کے نتائج کی روشنی میں بتایا گیا کہ 2020 میں 18 فی صد پیشہ وروں کی تن خواہوں میں 2019 کے مقابلے میں کمی واقع ہوئی۔ 34 فی صد کی تن خواہوں میں اضافہ ہوا ہے جبکہ 48 فی صد پیشہ ور حضرات کی تن خواہوں میں کوئی کمی وبیشی واقع نہیں ہوئی اور وہ بدستور پہلے کی سطح پر برقرار رہی ہیں۔ اس رپورٹ میں بتایا گیا کہ تمام ملازمتوں میں سے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مختلف ٹیکنالوجی شعبوں میں کام کرنے والے پیشہ وروں کی تن خواہوں میں 2020 میں سب سے زیادہ 38 فی صد اضافہ ہوا ہے جبکہ انتظامیہ اور دفاتر میں کام کرنے والے ملازمین کی تن خواہوں میں سب سے کم 26 فی صد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ 2020 کے دوران میں ٹیلی کام، فارماسیوٹیکلز اور لائف سائنسز، بنک کاری اور مالیاتی خدمات کی صنعتوں کو سب سے زیادہ ترقی ملی ہے۔ تاہم ان تینوں شعبوں کے ملازمین کی تن خواہوں میں چھے فی صد کی بھی واقع ہوئی۔ کرونا وائرس کی وبا کی وجہ سے گذشتہ سال شہری ہوا بازی، مہمان نوازی اور سیاحت، انجینئرنگ اور پراپرٹی کے شعبے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ چناں چہ ان شعبوں میں کام کرنے والے ملازمین کی تن خواہوں میں سب سے زیادہ 34 فی صد کٹوتی ہوئی ہے۔ رواں سال کے دوران میں خطہ خلیج کے 47 فی صد آجر حضرات اپنے ملازمین کی تن خواہوں میں اضافے کا ارادہ رکھتے ہیں اور اس بات کا امکان ہے کہ وہ اپنے عملہ کی تن خواہوں میں پانچ سے 10 فی صد تک اضافہ کریں گے۔

بقیہ 13

امریکی کانگریس نے جو بائیڈن کی صدارتی انتخاب میں جیت کی توثیق کردی ہے جس کے بعد وہ امریکا کے 46 ویں آئینی صدر بن گئے۔ اس سے قبل ٹرمپ نے اپنے حامیوں کے کیپٹل ہل عمارت پر حملے سے متعلق بیان میں کہا تھا کہ صدارتی الیکشن میں نتائج کو چرایا گیا، جمہوریت کو پنپنے نہ دیا جائے تو ایسا ہی ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ امریکی صدر کے اس متنازع بیان پر ان کا ٹویٹر اکاونٹ 12 گھنٹے کیلئے معطل کر دیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ جب ٹرمپ کے حامیوں نے کیپٹل ہل کی عمارت کا گھیرا کیا تو جو بائیڈن کی صدارت کی تصدیق کا عمل روک دیا گیا تھا۔ انتظامیہ نے نائب صدر مائیک پنس کو محفوظ مقام پر منتقل کیا اور امریکی کانگریس کے دفاتر خالی کرالئے تھے۔

بقیہ 14

80% لوگ آٹھ گھنٹوں سے کم عرصے میں بحر احمر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پہنچ سکیں گے۔ سال 2030 میں منصوبے کی تکمیل کے بعد ہوائی اڈے پر مسافروں کے استقبال کی سالانہ گنجائش دس لاکھ کے قریب ہوگی۔ انتہائی ہجوم کے اوقات میں ایک گھنٹے میں 900 مسافروں کو فارغ کیا جاسکے گا۔ بحر احمر منصوبے کے ہوائی اڈے کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ ایئر کنڈیشن پلانٹ پر انحصار کم کیا جائے۔ ہوائی اڈے پر مختلف نوعیت کے رن وے بنائے جائیں گے۔ مزید برآں ہیلی پیڈز اور آبی طیاروں کے رن وے بھی شامل ہوں گے۔ بحر احمر کے منصوبے کی تکمیل کے بعد یہاں 50 ہوٹلوں کے ذریعے 8 ہزار کمرے اور تقریبا 1300 رہائشی جائیداد دستیاب ہوں گی۔ یہ 22 جزیروں اور 6 داخلی مقامات پر موجود ہوں گی۔

دیں۔ اپنے 10 منٹ کے خطاب میں بائیڈن نے مظاہرین کو پرامن رہنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ بے انتہا تقسیم ملک اب بھی ایک ہوسکتا ہے، انہوں نے میں تمام امریکیوں اور ان لوگوں کا بھی صدر ہوں جنہوں نے مجھے ووٹ نہیں کیا۔ لیکن بائیڈن نے موجودہ صورتحال پر غم اور غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہرگز مہذب

امروز شوبز

کنگنا رناوت کے ٹوئٹر پر تین ملین فالوورز ہو گئے

میرے لہجے، بالوں، کپڑوں، میری کمزور انگلش کا مذاق اڑایا جاتا تھا، بالی ووڈ اداکارہ

جب انڈسٹری میں آئی تو ہر ایک مجھ پر ہنستا تھا، آوازیں کسنے والے آج بھی چیختے چلاتے نظر آتے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ ایکٹریس کنگنا رناوٹ جو کہ متنازع معاملات پر اپنے خیالات شیئر کرنے کے حوالے سے خاصی مشہور ہیں نے حال ہی میں سوشل میڈیا پر ان لوگوں پر کڑی نکتہ چینی کی جوان کے فلمی صنعت کے ابتدائی کیریئر کے دوران ان کا مذاق اڑایا کرتے تھے۔ مشہور فلم کوئن میں اداکاری کے ذریعے خود کو منوانے اور شہرت کی بلندی پر پہنچنے والی کنگنا نے حال ہی میں ٹوئٹر پر تین ملین (تیس لاکھ) سے زیادہ فالورز کی تعداد کو کراس کیا ہے۔ انہوں نے خود پر ہنسنے والوں کے بارے میں کہا کہ جب وہ فلم انڈسٹری میں آئیں تو ہر ایک مجھ پر ہنستا تھا، یہ میرے لہجے، میرے بالوں، میرے کپڑوں اور میری کمزور انگلش کا مذاق اڑایا کرتے تھے، آوازیں کسا کرتے تھے، اور یہ آج بھی چیختے چلاتے نظر آتے ہیں۔ مشہور فلم کوئن میں اداکاری کے ذریعے خود کو منوانے اور شہرت کی بلندی پر پہنچنے والی کنگنا نے حال ہی میں ٹوئٹر پر تین ملین (تیس لاکھ) سے زیادہ فالورز کی تعداد کو کراس کیا ہے۔ انہوں نے خود پر ہنسنے والوں کے بارے میں کہا کہ جب وہ فلم انڈسٹری میں آئیں تو ہر ایک مجھ پر ہنستا تھا، یہ میرے لہجے، میرے بالوں، میرے کپڑوں اور میری کمزور انگلش کا مذاق اڑایا کرتے تھے، آوازیں کسا کرتے تھے، اور یہ آج بھی چیختے چلاتے نظر آتے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر اپنے فالوررز سے اظہار تشکر کیا۔ اور کہا کہ میں اپنے ایک ایک پرستاروں کا شکریہ ادا کرتی ہوں، میں نے اپنی ٹیم کے ہمراہ گزشتہ برس اگست میں سوشل میڈیا کو چند ہزار پرستاروں کے ساتھ جوائن کیا اور میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ اتنی جلدی تین ملین کی حد کو پار کر جاؤں گی۔

سونو سود کے خلاف مقدمہ درج کرنے کیلئے پولیس کو درخواست دیدی گئی

سونو سود نے اپنی رہائش کو بغیر اجازت ایک ہوٹل میں تبدیل کر دیا ہے، میونسپل کارپوریشن

ممبئی (این این آئی) گزشتہ چند سالوں کے دوران اپنے فلاحی کاموں سے خبروں کی زینت بننے والے اداکار سونو سود کے خلاف ممبئی میں ایف آئی آر درج کروانے کے لیے میونسپل کارپوریشن کی جانب سے درخواست جمع کروائی گئی ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ممبئی کی میونسپل کارپوریشن نے پولیس کو ایک تحریری درخواست دی جس میں اداکار کے خلاف فوری ایف آئی آر درج کروانے کی استدعا کی۔ میونسپل کارپوریشن نے موقف اختیار کیا کہ سونو سود نے اپنی رہائش کو بغیر اجازت ایک ہوٹل میں تبدیل کر دیا ہے۔ ادارے کا کہنا تھا کہ انھوں نے اس حوالے سے سونو سود کو متعدد نوٹسز جاری کیے، جس کا انھوں نے کوئی جواب نہیں دیا، تاہم اس کے بعد ادارہ مجبوری میں ایف آئی آر درج کروانے کی اقدام کی جانب بڑھا۔ پولیس کو اندراج مقدمہ کے لیے موصول درخواست میں سونو سود اور ان کی اہلیہ سونالی سود پر غیر قانونی تعمیرات کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ سونو سود فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے اداکاروں کی فہرست میں شامل ہو گئے ہیں، جن کے کام کو سراہا بھی جاتا ہے۔

نور بخاری کی بیٹی کی پہلی جھلک منظرِ عام پر

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی سابقہ اداکارہ نور بخاری نے آخر کار اپنی چھوٹی بیٹی 'شربانو' کی تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کر دی۔ اداکاری کو خیر باد کہہ کر باقی کی زندگی اسلامی تعلیمات کے لیے وقف کر دینے والی نور بخاری نے اپنی چھوٹی بیٹی 'شربانو' کی پہلی سالگرہ کے موقع پر اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ خصوصی پوسٹ کی ہے۔ نور بخاری نے اپنی انسٹا پوسٹ میں اپنی چھوٹی بیٹی شربانو کی پہلی تصویر شیئر کی ہے اور اُس کے ساتھ بیٹی سے اظہار محبت کرنے کے لیے ایک پیغام بھی جاری کیا ہے۔ تصویر میں نور بخاری کی بیٹی خوبصورت سی گلابی فراک میں ملبوس ہیں جبکہ اُن کے اردگرد بہت غبارے بھی موجود ہیں۔ سابقہ اداکارہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ 'میری پیاری بیٹی! میں الفاظ میں بیان نہیں کر سکتی ہوں کہ تمہیں اپنی زندگی میں پانا، میرے لیے کتنی بڑی خوش قسمتی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ 'میری شربانو اللّٰہ تعالیٰ تمہیں شیطان کے شر سے محفوظ رکھے اور تم ہمیشہ ایک ستارے کی طرح چمکتی رہو۔ نور بخاری نے مزید کہا کہ 'تمہیں دُنیا و آخرت میں بلندی ملے، آمین۔ اس کے علاوہ نور بخاری نے انسٹاگرام پر مختلف اسٹوریز بھی شیئر کیں جن میں اُنہوں نے شربانو کے کیک کی تصویر شیئر کی اور اُس جگہ کی بھی تصویر شیئر کی جہاں اُنہوں نے بیٹی کی سالگرہ منائی۔ انہی تصویروں کے ساتھ نور بخاری نے اپنی بیٹی شربانو کی پہلی جھلک بھی مداحوں کو دکھائی ہے۔ نور بخاری نے انسٹا اسٹوری میں بیٹی کی پہلی تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ 'اپنی بہن اور مداحوں سے کیے گئے وعدے کو پورا کرتے ہوئے آج میں نے شربانو کی پہلی تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کی ہے۔ سابقہ اداکارہ نے کہا کہ براہِ کرم میری بیٹی کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ واضح رہے کہ نور بخاری کے ہاں گزشتہ سال بیٹی کی پیدائش ہوئی تھی۔ پاکستان فلم انڈسٹری کو خیر باد کہہ کر نور بخاری گزشتہ کئی عرصے سے اپنے زندگی اسلامی تعلیمات کے مطابق بسر کر رہی ہیں۔

ماورہ حسین اور امیر گیلانی کی جوڑی کے انٹرنیٹ پر چرچے

ماورہ حسین کی جانب سے اپنی ایک قریبی دوست کی شادی سے ایک تصویر سوشل میڈیا پر بھی شیئر کی گئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) معروف اداکارہ و سپر ماڈل ماورہ حسین اور اُبھرتے ہوئے اداکار امیر گیلانی کی جوڑی کے سوشل میڈیا پر خوب چرچے ہو رہے ہیں۔ ماورہ حسین آج کل اسلام آباد میں ہیں اور اپنی دوستوں کی شادیوں کی ہر رسم میں خوب تیاری کے ساتھ جا رہی ہیں اور اپنی نئی نئی خوبصورت تصاویر اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر بھی شیئر کر رہی ہیں جنہیں اُن کے مداحوں کی جانب سے خوب پسند کی جا رہا ہے۔ ماورہ حسین کی جانب سے اپنی ایک قریبی دوست کی شادی سے ایک تصویر سوشل میڈیا پر بھی شیئر کی گئی ہے جس میں اُن کے ساتھ شوبز انڈسٹری کے اُبھرتے اداکار امیر گیلانی کو بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ ماورہ حسین کی یہ تصویر سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہو رہی ہیں اور اس پر اب تک ہزاروں لائیکس اور کمنٹس آ چکے ہیں جن میں زیادہ تر انسٹا صارفین کی جانب سے ماورہ اور امیر کو ایک تصویر میں دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ بے شمار انسٹا صارفین کی جانب سے کہا جا رہا ہے کہ ماورہ حسین امیر گیلانی کے ساتھ خوب جچتی ہیں، مداحوں کا کہنا ہے کہ ماورہ حسین اور امیر گیلانی کی جوڑی اُن کی پسندیدہ جوڑی ہے۔

اداکار علی رحمن میں بھی کورونا وائرس کی تصدیق

کراچی (این این آئی) عالمی وبا کورونا وائرس کے دوران اب پاکستان میں یومیہ کیسز اور اموات کی تعداد میں کچھ حد تک ٹھہراؤ تو آیا ہے لیکن اب بھی عوام کے وبا سے متاثر ہونے کا سلسلہ جاری ہے۔ اور اب پاکستانی اداکار علی رحمن خان میں بھی کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی ہے اور وہ اس وقت آئسولیشن میں ہیں۔ اداکار علی رحمن خان نے اپنے مداحوں کو کورونا وائرس سے متاثر ہونے کی خبر فوٹو اینڈ شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر جاری ایک پوسٹ میں دی۔ انسٹاگرام پر جاری ایک پوسٹ میں علی رحمن خان نے لکھا کہ انتہائی محتاط رہنے اور تمام احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے کے باوجود بدقسمتی سے میرا کورونا وائرس کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے خود سے رابطے میں رہنے والے تمام افراد کو آگاہ کر دیا ہے اور الحمدللہ وہ سب محفوظ ہیں۔ اداکار نے مزید کہا کہ برائے مہربانی مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں، ماسک پہنیں، خود کے لیے اور اپنے اردگرد موجود لوگوں کے لیے ایس او پیز (اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز) پر عمل کریں۔

آئمہ بیگ کی تصویر پر مداحوں کے مشوروں کی بارش

آئمہ بہت کمزور ہیں، صحیح سے کھانا کھانا چاہیے، لباس کا وزن اُن سے زیادہ لگ رہا ہے، انسٹا صارفین

کراچی (این این آئی) پاکستانی معروف گلوکارہ آئمہ بیگ نے سوشل میڈیا پر اپنی خوبصورت چند تصاویر شیئر کی ہیں جو تیزی سے وائرل ہو رہی ہیں۔ انسٹاگرام پر 3 ملین فالوورز رکھنے والی گلوکارہ آئمہ بیگ کے مداح دنیا بھر میں موجود ہیں، آئمہ بیگ نے بہت کم عرصے میں اپنی سریلی اور جادوئی آواز کے بل بوتے پر شہرت حاصل کی ہے۔ آئمہ بیگ کی جانب سے اپنی نئی تصاویر شیئر کی گئی ہیں جن پر اُن کے مداحوں کی جانب سے خوب تعریفی کمنٹس آ رہے ہیں جن میں اُن کی آواز اور خوبصورتی کی تعریف کی جا رہی ہے۔ جہاں آئمہ بیگ کی تصویروں پر تعریفی کمنٹس آ رہے ہیں وہیں چند انٹرنیٹ صارفین کی جانب سے آئمہ بیگ پر تنقید بھی کی جا رہی ہے اور انہیں بن مانگے مشورے دیئے جا رہے ہیں۔ آئمہ کی تصاویر پر مداحوں اور اُن کے فالوورز کا کہنا ہے کہ وہ بہت کمزور ہیں انہیں صحیح سے کھانا کھانا چاہیے، اُن کے لباس کا وزن اُن سے بھی زیادہ لگ رہا ہے۔

انوشکا شرما میڈیا سے تنگ آگئیں

اداکارہ نے فوٹو گرافر کو نجی زندگی میں دخل اندازی سے باز رہنے کی وارننگ دیدی

ممبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے کپتان ویرات کوہلی اوران کی اہلیہ انوشکا شرما بھی میڈیا سے تنگ آگئے، بالی ووڈ اداکارہ نے فوٹو گرافر کو ان کی نجی زندگی میں دخل اندازی سے باز رہنے کی وارننگ دے دی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق حاملہ انوشکا شرما اور ویرات کوہلی اپنے گھر کی بالکونی میں بیٹھے ایک تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی۔ اس تصویر میں دیکھا جاسکتا ہے کہ دونوں پرسکون ماحول میں بیٹھے ہیں جہاں انوشکا شرما ویرات کوہلی کی جانب دیکھ رہی ہیں جبکہ ویرات خود گیجٹ دیکھنے میں مصروف ہیں۔ انوشکا نے اپنے ایک نوٹ میں کہا کہ وہ پہلے بھی متعلقہ فوٹو گرافر اور اس کے ادارے کو متنبہ کر چکی ہیں کہ یہ ان کی نجی زندگی میں دخل اندازی نہ کریں۔ انوشکا نے کہا کہ درخواست کرنے کے باوجود یہ ہماری نجی زندگی کی تصاویر بنا رہے ہیں، اب اس طرح کسی کی نجی زندگی کی تصاویریں بنانے کا سلسلہ بند ہونا چاہیے۔

صنم جنگ نے کراچی والوں کی دُکھتی رگ پر ہاتھ رکھ دیا

کون کون کراچی میں گیس کی کمی کا سامنا کر رہا ہے؟، اداکارہ کا سوال

کراچی (این این آئی) پاکستان کی خوبرو اداکارہ و میزبان صنم جنگ نے انسٹاگرام سٹوری کے ذریعے بتایا ہے کہ آج کل اُنہیں گیس کی کمی کے سبب کھانا پکانے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ انسٹاگرام پر ایک سٹوری لگا کر کراچی والوں کی دُکھتی رگ پر ہاتھ دیا ہے، صنم جنگ کی سٹوری میں دیکھا جا سکتا ہے کہ وہ کھانا بنا کر ویڈیو اپنے مداحوں کے ساتھ شیئر کرنا چاہ رہی ہیں کہ وہ مختلف دنوں میں کیا پکاتی اور کھاتی ہیں مگر اس دوران گیس کی کمی کے سبب وہ کافی پریشان نظر آ رہی ہیں۔ صنم جنگ کی جانب سے انسٹا سٹوری پر بومرنگ شیئر کرتے ہوئے اپنے مداحوں اور فالوورز سے پوچھا گیا ہے کہ 'اور کون کون کراچی میں گیس کی کمی کا سامنا کر رہا ہے؟' صنم جنگ کے اس سوال کے پیچھے چھپی بے بسی اور اُکتاہٹ کو اس وقت تقریباً کراچی میں رہنے والے سب ہی گیس صارفین خصوصی طور پر خواتین بخوبی محسوس کر سکتی ہیں۔

گوگل نے ماہرہ خان کو زارا نور عباس کی ماں بنا دیا

کراچی (این این آء) دنیا کے سب سے بڑے سرچ انجن گوگل اور وکی پیڈیا کو معلومات کا ذریعہ کہا جاتا ہے لیکن اگر گوگل کا سرچ انجن ہی کوئی غلط معلومات دکھانے لگے تو یہ دنیا بھر کے لیے تشویش کی بات ہے۔ گزشتہ دنوں گوگل پر ترکش اداکارہ اسرا البجیک کو پاکستانی اداکار یاسر حسین کی والدہ کے طور پر دکھایا گیا اور اب اداکارہ ماہرہ خان کو اداکارہ زارا نور عباس کی ماں کے طور پر درج پیش کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گوگل پر جب زارا نور عباس کی والدہ لکھ کر سرچ کیا گیا تو وہاں اسماء عباس کے بجائے سپر اسٹار ماہرہ خان کا نام درج تھا جو کہ مکمل طور پر غلط معلومات ہے۔ اگرچہ اب گوگل کی جانب سے اس غلطی کو درست کیا جا چکا ہے تاہم اس کے باوجود گوگل اور وکی پیڈیا انتظامیہ کو اس بے ترتیب اپ ڈیٹ نظام کی درستگی کی ضرورت ہے تاکہ کوئی بھی غلط معلومات کسی کے ذریعے بھی پوسٹ نہ کی جا سکیں۔

Imroz Sports امروز کھیل

پاکستان کپ ون ڈے ٹورنامنٹ کراچی کے تین وینیوز پر 8 سے 31 جنوری تک کھیلا جائیگا

ٹورنامنٹ کے فاتح کو 5 ملین، رنرز اپ کو 2.5 ملین روپے ملیں گے، ایک ملین روپے بہترین پرفارمرز کے درمیان یکساں تقسیم کیے جائیں گے

سیمی فائنلز اور فائنل سمیت 13 میچز پاکستان میں براہ راست نشر کیے جائیں گے اور دنیا بھر میں لائیو اسٹریمنگ کی جائیگی، پی سی بی میچز کے راؤنڈز اپس انگلش اور اردو میں مہیا کرے گا

کراچی (این این آئی) قائد اعظم ٹرافی فرسٹ کلاس میں ریڈ بال کرکٹ کے اعلیٰ کوالٹی کے میچز مکمل ہونے کے بعد اب وائٹ بال کرکٹ ٹورنامنٹ پاکستان کپ 8 جنوری سے شروع ہو رہا ہے، 33 میچز پر مشتمل ٹورنامنٹ ڈبل لیگ کی بنیاد پر کھیلا جائیگا، میچز کراچی کے تین وینیوز این بی پی اسپورٹس کمپلیکس، اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم اور یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلے جائیں گے، اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم 29 اور 30 جنوری کو سیمی فائنلز اور 31 جنوری کو فائنل کی میزبانی کرے گا۔ بال بائی بال ڈومیسٹک کرکٹ ایکشن کو فینز تک براہ راست پہنچانے کی پالیسی کو برقرار رکھتے ہوئے پاکستان کپ کے 10 گروپ اور تین ناک آؤٹ میچز کو براڈ کاسٹ کیا جائے گا۔ پی ٹی وی اسپورٹس پر پاکستان میں ان میچز کو براہ راست نشر کیا جائے گا۔ جبکہ پی سی بی یوٹیوب چینل پر دنیا بھر میں لائیو اسٹریم کیا جائے گا جب پاکستان کرکٹ ٹیم 26 جنوری سے ساؤتھ افریقہ کے خلاف پہلا ٹیسٹ میچ کھیلے گی تو پاکستان کپ کے میچز پی ٹی وی نیشنل پر منتقل ہو جائیں گے۔ ٹورنامنٹ میں تقریباً 10 ملین روپے کی پرائز منی رکھی گئی ہے ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم کو 5 ملین روپے ملیں گے جبکہ رنرز اپ کو 2.5 ملین روپے دیئے جائیں گے۔ ٹورنامنٹ کے بہترین پرفارمرز جن میں پلیئر آف دی ٹورنامنٹ، بہترین بیٹسمین، بہترین بولر اور بہترین وکٹ کیپر شامل ہیں ان میں ایک ملین روپے کی رقم یکساں تقسیم کی جائے گی جبکہ 8 لاکھ روپے کی رقم گروپ اور دونوں سیمی فائنل کے مین آف دی میچ کا اعزاز حاصل کرنے والوں میں تقسیم کیے جائیں گے پلیئر آف دی فائنل کو 35 ہزار روپے ملیں گے۔ علاوہ ازیں 6 ہیڈ کوچز نے اپنے اپنے 16 رکنی اسکواڈز کو حتمی شکل دے دی ہے۔ ان میں نوجوان کرکٹرز کو موقع دیا گیا ہے۔ جنہوں نے 21-2020 میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ قائد اعظم ٹرافی میں اپنی ٹیم کے غیر معمولی کم بیک میں اہم کردار ادا کرنے والے حسن علی ہی سنٹرل پنجاب کی قیادت کریں گے سنٹرل پنجاب میں 11 وہ کھلاڑی شامل ہیں جنہوں نے فائنل کھیلا۔ ان کے ساتھ احمد بشیر، بلال آصف، رضوان حسین، صہیب اللہ اور طیب طاہر شامل ہیں۔ خالد عثمان خیبر پختونخواہ کی قیادت کریں گے۔ جارحانہ بیٹنگ کرنے والے فخر زمان جنہوں نے نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں سب سے زیادہ رنز بنائے خیبر پختونخواہ کے نائب کپتان ہوں گے۔ ہیڈ کوچ عبدالرزاق نے قائد اعظم ٹرافی کے ٹاپ بولر ساجد علی اور ٹاپ بیٹسمین کامران غلام کو اسکواڈ میں برقرار رکھا ہے۔ بلوچستان کے کپتان تجربہ کار بیٹسمین عمران فرحت ہوں گے بسم اللہ خان کو نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے۔

میڈرڈ، رئیل میڈرڈ وومن کی گولکیپر اسلانی میڈرڈ سی ایف ایف کی پاولا سے گیند بچانے کی کوشش کر رہے ہیں

پاکستان ٹیم کی کارکردگی پر تنقید جائز ہے، مصباح الحق

ہمارا سب سے بڑا مسئلہ ڈراپ کیچز ہی تھا ہمیں اپنی فیلڈنگ میں بہتری لانا ہوگی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مصباح الحق نے پاکستان ٹیم کی کارکردگی پر تنقید کو درست قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہم تینوں شعبوں میں اچھا کھیل پیش نہیں کر سکے، ہمارے پاس مواقع بھی آئے فائدہ نہیں اٹھایا، ہمارا سب سے بڑا مسئلہ ڈراپ کیچز ہی تھا ہمیں اپنی فیلڈنگ میں بہتری لانا ہوگی، ساؤتھ افریقہ کے خلاف سیریز میں اچھی کارکردگی دکھانا ہوگی۔ پی سی بی کے پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے ہیڈ کوچ نے کہا کہ نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز کے بعد تنقید جائز ہے، یہ تنقید درست ہو رہی ہے کیونکہ تنقید وہی کرتے ہیں جنہیں ٹیم کی صلاحیتوں پر یقین ہوتا ہے۔ ہیڈ کوچ مصباح الحق نے کہا کہ پہلے ٹیسٹ میچ میں پاکستان ٹیم نے فائٹ کر کے اپنے پوٹینشل کا مظاہرہ کیا۔ پاکستان ٹیم میچ کو آخری پانچ اوورز تک لے کر گئی، حالانکہ صورتحال مشکل تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس کے بعد جب فینز آپ سے فائٹ کرنے کی توقعات وابستہ کر لیتے ہیں تو آپ توقعات پر پورا نہیں اترتے تو تنقید درست ہوتی ہے، ہم نے صلاحیتوں سے کم تر کھیل پیش کیا ہے، اس لیے تنقید بنتی ہے۔ مصباح الحق نے کہا کہ ہم نے تینوں شعبوں میں اچھا کھیل پیش نہیں کیا، ہم نے ایسی صورتحال سے آئندہ کے لیے نکلنا ہے کیونکہ کسی بھی کھیل میں مقصد جیت ہوتا ہے اور جب آپ نہیں جیت پاتے تو مایوسی ہوتی ہے، اس لیے مایوسی بھی ہے اور افسوس بھی توقعات کے مطابق نہ کھیلنے پر افسوس ہوتا ہے۔ مصباح الحق نے کہا کہ ہم اس ٹور پر اچھا کر سکتے تھے لیکن ہم نے موقعوں سے فائدہ نہیں اٹھایا، ہمارے پاس کئی مواقع آئے لیکن ہم نے ان موقعوں کو اپنے ہاتھ میں نہیں لیا۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ میں ایسا ہوتا ہے لیکن یہ دیکھنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ہمارے ساتھ ایسا کیوں ہوتا ہے ہم میچز کو قریب لے کر جا سکتے تھے لیکن ایسا کر نہیں پا رہے۔ ہیڈ کوچ مصباح الحق نے کہا کہ ڈراپ کیچز ہمارا پہلے بھی مسئلہ رہا ہے یہاں بھی ہمارا سب سے بڑا مسئلہ ڈراپ کیچز ہی تھا ہمیں اپنی فیلڈنگ میں بہتری لانا ہے، اس سیریز میں چانس مس کرنے سے بہت فرق پڑا۔ مصباح نے کہا کہ اب ہم نے ہوم سیریز ساؤتھ افریقہ کے خلاف کھیلنا ہے یہ ایک اچھا موقع ہے کہ ہم ہر شعبے میں بہتری لائیں، اچھا کھیل کر اعتماد کو بحال کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو غلطیاں کیں ان کا جائزہ لے کر آگے بڑھنا ہے، ہوم کنڈیشنز اور حریف ٹیم کو سامنے رکھ کر ضروری تبدیلیوں کے بارے میں دیکھیں گے۔

بھارتی کرکٹ بورڈ نے 208-19 میں میڈیا حقوق سے 828 کروڑ روپے کمالئے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ نے 19-208 میں میڈیا حقوق سے 828 کروڑ روپے کمالئے جس کے بعد بھارتی کرکٹ بورڈ دنیا کا سب سے امیر ترین کرکٹ بورڈ بن گیا بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی ٹیم کے میڈیا حقوق کی فروخت کے سبب بی سی سی آئی کی آمدنی میں گزشتہ برسوں میں کافی اضافہ دیکھا گیا، میڈیا کے ان حقوق میں ہوم گراؤنڈز پر کھیلے جانے والے دوطرفہ ٹیسٹ، ون ڈے اور ٹی 20 میچز شامل ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بی سی سی آئی نے 19۔2018 میں بھارتی ٹیم کے میڈیا حقوق سے بہت فائدہ اٹھایا تھا، بورڈ نے اب 2020 کی بیلنس شیٹ جاری کر دی ہے۔ دنیا کے امیر ترین کرکٹ بورڈ نے مالی سال 19۔2018 کے دوران صرف کرکٹ ٹیم کے میڈیا حقوق سے 828 کروڑ روپے کمائے، جو آج تک کسی بورڈ کو نہیں دیئے گئے۔ بی سی سی آئی کا سرکاری براڈ کاسٹر اسٹار انڈیا بھارت میں کھیلے جانے والے ہر بین الاقوامی میچ کے لیے 43.20 کروڑ کی ادائیگی کرتا ہے۔ مالی سال 2018 کے دوران بورڈ نے 22 بین الاقوامی میچز کی میزبانی کی، جس میں 7 ٹیسٹ، 10 ون ڈے اور پانچ ٹی 20 میچز شامل تھے۔

ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب عدنان ارشد اولکھ سے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے وفد کی ملاقات

انٹر ڈویژن ہاکی چیمپئن شپ جلد کرائیں گے جس میں گراس روٹ لیول سے نیا ٹیلنٹ تلاش کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب عدنان ارشد اولکھ سے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے وفد نے جمعرات کے روز نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں ملاقات کی، وفد میں سیکرٹری پاکستان ہاکی فیڈریشن آصف باجوہ، سیکرٹری پنجاب ہاکی ایسوسی ایشن کرنل (ر) آصف ناز کھوکھر شامل تھے، اس موقع پر ڈائریکٹر ایڈمن جاوید چوہان، ڈائریکٹر سپورٹس حفیظ بھٹی، پنجاب کے تمام ڈویژنل سپورٹس افسران بھی موجود تھے، ملاقات میں انٹر ڈویژن ہاکی چیمپئن شپ کرانے، ہاکی کے جونیئر کھلاڑیوں کے لئے کیمپ لگانے اور سکول آف ایکسیلینس قائم کرنے پر اتفاق کیا گیا، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب عدنان ارشد اولکھ نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہاکی کے فروغ اور ترقی کے لئے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں تاکہ پاکستان ہاکی میں کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کر سکے، ہاکی کا نیا ٹیلنٹ سامنے لانے کے لئے ماضی میں بہت سے ایونٹس کرائے ہیں، مستقبل میں بھی یہ کام جاری رکھیں گے، انٹر ڈویژن ہاکی چیمپئن شپ بہت جلد منعقد کرائی جائے گی جس میں گراس روٹ لیول سے نیا ٹیلنٹ تلاش کیا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ ہاکی کے فروغ کے لئے پاکستان ہاکی فیڈریشن سے تعاون کرتے رہیں گے، سیکرٹری پاکستان ہاکی فیڈریشن آصف باجوہ نے کہا کہ ہاکی کے فروغ کے لئے ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب عدنان ارشد اولکھ کی خدمات قابل تحسین ہیں، انٹر ڈویژن ہاکی چیمپئن شپ ہاکی کی ترقی کے لئے سنگ میل ثابت ہوگی۔

پہلی قائد اعظم اوپن انٹر ڈویژن سپورٹس چیمپئن شپ 2021ء

آرچری ٹیم ایونٹ، بوائز اور گرلز 30 میٹر ایونٹ فیصل آباد ڈویژن نے جیت لیا

لاہور (این این آئی) سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام ہونے والی پہلی قائد اعظم اوپن انٹر ڈویژن سپورٹس چیمپئن شپ 2021ء کے مقابلے دوسرے روز بھی نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس میں جاری رہے، مقابلوں میں مرد وخواتین کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا، سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب فواد ہاشم ربانی نے پنجاب سٹیڈیم میں آرچری اور ایتھلیٹکس کے مقابلے دیکھے اور اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی قائد اعظم اوپن انٹر ڈویژن سپورٹس چیمپئن شپ کے بہترین مقابلے ہو رہے ہیں اس سے نیا ٹیلنٹ سامنے آئے گا اور اس طرح کے ایونٹس ہم کرواتے رہیں گے تاکہ سپورٹس کو فروغ حاصل ہو، آرچری ٹیم ایونٹ میں بوائز اور گرلز 30 میٹر ایونٹ فیصل آباد ڈویژن نے جیت لیا، ٹینس میں لاہور اور ملتان ڈویژنز، بیڈمنٹن (مرد) ٹیم ایونٹ میں گوجرانوالہ اور راولپنڈی ڈویژنز، بیڈمنٹن (گرلز) ٹیم ایونٹ میں لاہور اور گوجرانوالہ ڈویژنز کی ٹیمیں فائنل میں پہنچ گئیں، تفصیلات کے مطابق جمعرات کے روز آرچری ٹیم ایونٹ میں بوائز 30 میٹر مقابلوں میں فیصل آباد ڈویژن نے 945 پوائنٹس حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔

قائد اعظم اوپن انٹر ڈویژن سپورٹس چیمپئن شپ کے آرچری مقابلے میں کھلاڑی نشانہ لے رہے ہیں

پی ایس ایل 6، ٹاپ غیر ملکی کھلاڑیوں کی شرکت مشکوک ہوگئی

پاکستان سپر لیگ کے چھٹے ایڈیشن کا پلیئرز ڈرافٹ 10 جنوری کو منعقد ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پی سی بی کی جانب سے جاری کردہ پلاٹینم کیٹیگری کے پلیئرز میں سے اکثر لیگ کے تمام میچز کے لیے دستیاب نہیں ہوں گے یا ان کی دستیابی ٹیم کی سیریز اور ٹیموں میں شمولیت سے مشروط ہو گی۔ تفصیلات کیمطابق پاکستان سپر لیگ کے چھٹے ایڈیشن کا پلیئرز ڈرافٹ 10 جنوری کو منعقد ہوگا جس کیلئے پی ایس ایل انتظامیہ نے فرنچائزز کو 400 سے زائد کھلاڑیوں کی فہرست بھیج دی تاہم بیشتر کھلاڑیوں کی اپنی اپنی نیشنل ٹیموں کے ساتھ ڈیوٹیز کی وجہ سے مکمل دستیابی نہ ہونا ٹیموں کو کامبی نیشن بنانے کیلئے زیادہ سوچنے پر مجبور کر دیا۔ پی ایس ایل کا چھٹا ایڈیشن 20 فروری سے 22 مارچ کے درمیان کھیلا جائیگا اور اس دوران تقریباً ہر ٹیم انٹرنیشنل سیریز میں مصروف ہوگی جس کی وجہ سے متعدد ٹاپ پلیئرز پوری پی ایس ایل کیلئے دستیاب نہیں ہوں گے۔ پی ایس ایل کی تاریخوں سے جو سیریز متصادم ہیں ان میں جنوبی افریقا اور آسٹریلیا کی ٹیسٹ سیریز، انگلینڈ کا دورہ انڈیا، بنگلا دیش کا دورہ نیوزی لینڈ، سری لنکا کا دورہ ویسٹ انڈیز اور افغانستان کی زمبابوے سے سیریز شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی کی جانب سے جاری کردہ پلاٹینم کیٹیگری کے پلیئرز میں سے اکثر لیگ کے تمام میچز کے لیے دستیاب نہیں ہوں گے یا ان کی دستیابی ٹیم کی سیریز اور ٹیموں میں ان کی شمولیت سے مشروط ہو گی۔ ایسی صورتحال میں امکان ہے کہ ٹیمیں دستیاب وسائل اور ریٹینشن پر زیادہ انحصار کریں گی، ہر ٹیم مجموعی طور پر 8 کھلاڑیوں کو برقرار رکھ سکتی ہے۔ ایسی صورتحال میں ڈیل اسٹین، رائلی روسو، عمران طاہر، ایلکس ہیلز، ڈیوڈ ملر، مورنے مورکل، کرس گیل، کولن انگرم، کرس لین، کارلوس بریتھ ویٹ، سندیپ لمی چانی وہ پلاٹینم پلیئرز ہیں جو پی ایس ایل کے دوران ٹیموں کو مکمل طور پر دستیاب ہوں گے۔ افغانستان کے راشد خان، محمد نبی، اور مجیب الرحمان کی دستیابی زمبابوے اور افغانستان کے درمیان سیریز سے مشروط ہے، یہ سیریز فروری میں کھیلی جانی ہے۔ انگلینڈ کے ڈیوڈ ملان اور معین علی بھارت سے شیڈول سیریز کی وجہ سے جزوی طور پر ہی دستیاب ہوں گے، سری لنکا اور ویسٹ انڈیز کے درمیان سیریز کی وجہ سے اڈانا اور تھسارا پریرا کی مکمل دستیابی پر سوالیہ نشان ہے، براوو بھی اس ہی سیریز میں مصروف ہو سکتے ہیں۔

وسیم اکرم کو کراچی کی سردی نے حیران کر دیا، تصویر بھی شیئر کردی

کراچی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان وسیم اکرم کو کراچی کی سردی نے بھی حیران کر دیا۔ وسیم اکرم نے سوشل میڈیا سائٹ انسٹاگرام پر ایک تصویر شیئر کی جس میں وہ ایک پارک میں موجود ہیں اور جیکٹس بھی پہنی ہوئی ہیں۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ 'سلام، آج سے پہلے میں نے کبھی کراچی میں جمپر پہننے کا سوچا بھی نہیں تھا تاہم صبح 7 بجے مجھے اسکی ضرورت محسوس ہوئی جس نے مجھے حیرت زدہ بھی کر دیا۔ وسیم اکرم نے پہلے ہی شمالی علاقہ جات کا حوالہ دے کر سردی کا بتانے والوں کیلئے بھی پیغام لکھا اور کہا کہ اب آپ لوگ مجھے شمالی علاقہ جات اور پنجاب کی سردی کے حوالے سے بتائیں گے تو میں پہلے ہی بتا دوں کہ کراچی والوں کیلئے یہ سردی براعظم انٹارکٹیکا میں رہنے کے مترادف ہے۔

پاکستان ہاکی فیڈریشن کی ایشیا کپ کی میزبانی کے لئے پیشکش

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان ہاکی فیڈریشن ایشیا کپ کی میزبانی کے لئے میدان میں آ گئی۔ پی ایچ ایف نے ایشین ہاکی فیڈریشن کے اجلاس میں ایشیا کپ کی میزبانی کی پیش کش کر دی۔ پی ایچ ایف نے ایشین ہاکی فیڈریشن کو ٹیموں کی سیکیورٹی کی یقین دہانی کرادی۔ پی ایچ ایف کا موقف ہے کہ پاکستان اب کھیلوں کے لئے محفوظ ملک ہے۔ پاکستان بین الاقوامی ہاکی کے لیے اہم ملک ہے۔ تمام ٹیموں کو فول پروف سیکیورٹی فراہم کریں گے۔ پی ایچ ایف ایشیا کپ لاہور میں کروانے کی خواہش مند ہے۔ ایشیا کپ ہاکی اس سال جولائی میں شیڈول ہے۔ اے ایچ ایف نے ابتدائی طور پر بنگلہ دیش میں ایشیا کپ کروانے کا اعلان کیا تھا۔ ایشین ہاکی فیڈریشن کے آئندہ اجلاس میں ایشیا کپ کی میزبانی کا فیصلہ کیا جائے گا۔

کراچی، میں کلفٹن کے سامنے نیشنل سیلنگ چیمپئن شپ کا ایک منظر

مالم جبہ، ریڈ بل 13 فروری کو مالم جبہ میں ہوم رن کے مقابلے میں شریک کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

34 — نقیب

قانون کے مطابق انصاف ملے۔ جمعرات کو پہلوان جرار کی برداری کے اجتماعی کیس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ہزارہ برادری کے متعلق جو واقعہ کی کارروائی کیسے کرتے ہیں تو ہمیں تسلی کوئی کام جاری ہے کہ ہمارے ساتھ کیا ہوا ہے کہ ہمارے بچوں کو بہتر مستقبل دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے بچے

شاہد خاقان نے ایل این جی منگوائی تو نیب نے گرفتار کرلیا، ایاز صادق

کیا بروقت ایل این جی نہ منگوانے اور مبینہ بدعنوانی پر نیب ایکشن لے گا یا صرف شاہد خاقان کو پکڑنا تھا؟

تین حکومتی پاور پلانٹس کے ساتھ ایل این جی کا معاہدہ دوہزار اکیس کے دوران ختم ہو جائیگا، پٹرولیم ڈویژن حکام

اسلام آباد (این این آئی) سابق اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ شاہد خاقان نے ایل این جی منگوائی تو نیب نے گرفتار کرلیا، کیا بروقت ایل این جی نہ منگوانے اور مبینہ بدعنوانی پر نیب ایکشن لے گا یا صرف شاہد خاقان کو پکڑنا تھا؟ جبکہ پٹرولیم ڈویژن حکام نے کہا ہے کہ قطر سے ایل این جی خریداری کا معاہدہ منسوخ کرنے پر اربوں ڈالر نقصان کا خدشہ ہے، تین حکومتی پاور پلانٹس کے ساتھ ایل این جی کا معاہدہ دوہزار اکیس کے دوران ختم ہو جائیگا جس پر کمیٹی نے وفاقی وزیر عمر ایوب کو آئندہ اجلاس میں طلب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک سو بائیس ارب روپے کی ایل این جی خریداری میں

بقیہ 29 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

شاہ محمود قریشی کا قطر کے وزیر خارجہ سے رابطہ

دوطرفہ تعلقات اور خلیجی ممالک کے مابین تنازعات کے حل کیلئے کوششوں پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیرخارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے قطر کے وزیر خارجہ محمد بن عبدالرحمان ال تھانی کیساتھ ٹیلیفونک رابطہ کیا جس میں دونوں وزرائے خارجہ کے مابین دوطرفہ تعلقات اور خلیجی ممالک کے مابین تنازعات کے حل کیلئے کی جانیوالی سفارتی کاوشوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خارجہ نے خلیجی ممالک کے باہمی تنازعات کے حل کیلئے خلیجی ریاستوں کی جانب

بقیہ 30 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پشاور ایئرپورٹ کے اطراف علاقوں میں ہوائی فائرنگ

لیزر لائٹ، کبوتر بازی اور چھوٹے ڈراون اڑانے پر پابندی

پشاور (این این آئی) پشاور ایئرپورٹ کے اطراف کے علاقوں میں ہوائی فائرنگ، لیزر لائٹ، کبوتر بازی اور چھوٹے ڈرون اڑانے پر پابندی عائد کردی اور کہا قانون کی خلاف ورزی پر گرفتاری بھی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پشاور ایئرپورٹ پر طیاروں سے پرندے ٹکرانے اور لیزر لائٹ مارنے کے معاملے پر ضلعی انتظامیہ نے پشاور ایئرپورٹ کے

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پنجاب یونیورسٹی کوڑے سے کھاد اور ایندھن بنائے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی کوڑے سے کھاد اور ایندھن بنائے گی، 8 کنال اراضی پر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تنصیب کیلئے یونیورسٹی نے ایل ڈبلیو ایم سی سمیت مختلف کمپنیوں سے تعاون مانگ لیا۔ پنجاب

بقیہ 32 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سید امجد علی زیدی کی سربراہی میں گلگت بلتستان اسمبلی کے وفد کی شیر علی ارباب سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر گلگت بلتستان اسمبلی سید امجد علی زیدی کی سربراہی میں گلگت بلتستان اسمبلی کے وفد نے پارلیمانی کمیٹی برائے سی پیک کے چیئرمین شیر علی ارباب سے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات

بقیہ 33 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ملتان، قتل کے مقدمے میں ملوث قیدی کی ٹک ٹاک ویڈیوز وائرل

ملتان (این این آئی) ملتان کے ڈسٹرکٹ جیل میں قتل کے مقدمے میں ملوث قیدی کی ٹک ٹاک ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق جیل کے اندر موبائل کی ممانعت کے باوجود بھی ملزم ٹک ٹاک

بقیہ 34 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم خاص شخصیت کی منع پر کوئٹہ نہیں جاتے، قادر پٹیل

اسلام آباد (این این آئی) ممبر قومی اسمبلی رہنما پیپلزپارٹی قادر پٹیل نے کہا ہے کہ وزیراعظم خاص شخصیت کی منع پر کوئٹہ نہیں جاتے۔ اپنے بیان میں قادر پٹیل نے کہا کہ عمران خان کو بتایا گیا جہاں میت ہو جانے سے گریز

بقیہ 35 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی وزیر مٹھا خان کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

پیپلزپارٹی نے گیس بحران کے معاملے کی تحقیقات کا مطالبہ کردیا

شدید سردیوں میں عوام کو گیس کی عدم فراہمی ناقابل قبول ہے، نفیسہ شاہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی نے گیس بحران کے معاملے کی تحقیقات کا مطالبہ کردیا۔ اپنے بیان میں نفیسہ شاہ نے کہا کہ ملک میں گیس کا بحران شدت اختیار کرتا جارہا ہے، شدید سردیوں میں عوام کو گیس کی عدم فراہمی ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ سخت سردیوں میں گیس بحران کے باعث اس وقت عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، پیپلزپارٹی بروقت

بقیہ 37 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

افغان حکومت دہشتگردوں کیخلاف فوری کاروائی کرے، پاکستان

پاکستان افغان سرزمین سے ہونیوالے دہشتگرد حملے کے شدید مذمت کرتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان افغان سرزمین سے ہونے والے دہشت گرد حملے کے شدید مذمت کرتا ہے۔ جاری ہونے والے ایک بیان میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ افغانستان سے دہشت گردوں نے ضلع مہمند میں پاک فوج کی چیک پوسٹ پر فائرنگ کی جس کی پاکستان شدید مذمت کرتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ افغان سرزمین سے

بقیہ 38 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی سفیر کی نیول چیف سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب کے پاکستان میں سفیر نواف بن سعید المالکی نے نیول چیف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لالہ موسیٰ، پرانی دشمنی کی بنا پر پیشی پر عدالت جانیوالوں پر مخالفین کی فائرنگ، پولیس اہلکار سمیت تین افراد زخمی

لالہ موسیٰ (این این آئی) پرانی دشمنی کی بنا پر پیشی پر عدالت جانے والوں پر مخالفین کی فائرنگ سے سرکاری ڈیوٹی پر تعینات پولیس اہلکار سمیت تین افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر لالہ موسیٰ کے علاقہ تندووال کے رہائشی علی اکمل، محمد ریاض، محمد رضوان، ماجد ہمراہ سرکاری گارڈ محمد بلال جمعرات کے روز تھانہ سٹی اور صدر میں درج مقدمہ قتل کے سلسلہ میں کھاریاں کچہری پیشی کے لیے کار میں روانہ ہوئے تو مین چوک بجاڑ نوالہ تندووال پر ملزمان شاہد بشیر، مسعود عزیز، منیب طارق، شاہزیب، ہاشم، جہانگیر سرور، عزیز،

بقیہ 39 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پیپلزپارٹی نے حکومتی بدعنوانیوں کیخلاف ریفرنسز دائر کرنے کیلئے لائرز کمیٹی قائم کردی

لائرز کمیٹی حکومت اور حکومتی ارکان کی کرپشن چور بازاری، سرکاری مالیاتی بددیانتی کے خلاف ریفرنسز دائر کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی نے حکومتی بدعنوانیوں کے خلاف ریفرنسز دائر کرنے کیلئے لائرز کمیٹی قائم کردی۔ کمیٹی سردار لطیف کھوسہ، حیدر زمان قریشی، امجد اقبال قریشی، سید مجتبیٰ حیدر شیرازی، شکیل عباسی، سید جرار حسین بخاری پر مشتمل ہوگی، پیپلزپارٹی کی لائرز کمیٹی حکومت اور حکومتی ارکان کی کرپشن چور بازاری، سرکاری مالیاتی بددیانتی کے خلاف ریفرنسز دائر کرے گی، پیپلز

بقیہ 41 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پمز ملازمین کا احتجاج شدت اختیار کرگیا، نان کلینیکل سروسز کے دفاتر بند کردیئے

اسلام آباد (این این آئی) پمز ملازمین کا احتجاج شدت اختیار کرگیا، پمز ملازمین نے تمام نان کلینیکل سروسز کے دفاتر بند کروادیئے، سکول آف ڈینٹسٹری نرسنگ کالج سمیت ایڈمنسٹریشن کے تمام دفاتر کو تالے لگادیئے گئے۔

بقیہ 40 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

قانون بنانا حکومت کا کام، عدالتیں عملدرآمد کراتی ہیں، سپریم کورٹ

قانون سازی میں کسی کا موقف سننے کا تصور نہیں ہے، جب قانون پر گورنر کے دستخط ہوگئے تو معاملہ ختم ہوگیا، جسٹس اعجاز الاحسن

چند سول سرونٹس کے تحفظات پر قانون کو غلط قرار نہیں دیا جاسکتا، صرف وضاحتوں سے قانون چیلنج نہیں ہوتے، قانون بنانا حکومت کا کام ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد نے ریمارکس دیئے ہیں کہ قانون بنانا حکومت کا کام، عدالتیں عملدرآمد کراتی ہیں۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے خیبر پختونخوا میں سول سرونٹ ایکٹ میں ریٹائرمنٹ کی عمر سے متعلق کیس پر سماعت کی۔ سرکاری ملازمین کے وکیل نے کہا کہ سول سرونٹ ایکٹ میں ریٹائرمنٹ کی عمر 55 سال کردی گئی، 25 سال کی سروس پر ریٹائرمنٹ کا قانون ختم کردیا گیا اور اسمبلی میں کسی کو سنے بغیر اور بنا بحث کیے بل منظور کیا گیا۔ جسٹس منیب اختر نے ریمارکس دیئے کہ جب روٹی پک چکی تو یہ

بقیہ 42 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

تعمیرات کے شعبہ سے معیشت مستحکم اور روزگار کے مواقع پیدا ہو رہے ہیں، عمران خان

امید ہے صوبائی حکومتیں مراعات میں توسیع سے بھرپور فوائد حاصل کریں گی، وزیراعظم کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ تعمیرات کے شعبہ سے معیشت مستحکم اور روزگار کے مواقع پیدا ہو رہے ہیں، امید ہے صوبائی حکومتیں مراعات میں توسیع سے بھرپور فوائد حاصل کریں گی۔ وزیراعظم کی زیرصدارت قومی رابطہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ، تعمیرات و ڈیولپمنٹ کا ہفتہ وار اجلاس منعقد ہوا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے اجلاس کو سیکٹر ای الیون میں

بقیہ 46 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر ریلوے کا کراچی پورٹ ٹرسٹ کا دورہ

مارشلنگ یارڈ کے قیام سے ریلوے فریٹ سروس میں انقلاب آئیگا، اعظم خان سواتی کی گفتگو

کراچی (آن لائن) وزیر ریلوے اعظم خان سواتی نے گزشتہ روز کراچی پورٹ ٹرسٹ کا دورہ کیا جہاں ان کو تفصیلی آگاہی دی گئی۔ وزیر ریلوے کو بتایا گیا کہ اگر وزیر مینشن میں مارشلنگ یارڈ قائم کیا جائے تو اس کے بے انتہا فوائد سامنے آئیں گے۔ مارشلنگ یارڈ کے قیام سے ریلوے فریٹ سروس میں نہ صرف ایک انقلاب آئیگا بلکہ شہر سے کنٹینر ٹریفک ختم ہو جائیگی۔ میٹنگ کے دوران

بقیہ 47 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اٹلس ہونڈا نے موٹرسائیکلوں کی قیمت میں 3 ہزار روپے تک اضافہ کردیا

چائنیز بائیکس کے مینوفیکچررز نے بھی اپنی موٹرسائیکلوں کی قیمت میں 500 سے 10 ہزار روپے تک بڑھادیں

لاہور (این این آئی) اٹلس ہونڈا نے موٹرسائیکلوں کی قیمت میں 3 ہزار روپے تک اضافہ کردیا، چائنیز بائیکس کے مینوفیکچررز یونائیٹڈ، سپر پاور، ہائی اسپیڈ اور یونیک نے بھی اپنی موٹرسائیکلوں کی قیمت میں 500 سے 10 ہزار روپے تک بڑھادیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں سب سے زیادہ فروخت ہونے والی ہونڈا سی ڈی 70 موٹرسائیکل 1600 روپے مہنگی ہوکر 79 ہزار

بقیہ 48 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈی ایس پی ٹریفک نعیم احمد چیمہ کا تاجروں کے ہمراہ ریلوے روڈ کا دورہ

غیر قانونی پارکنگ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا، نعیم احمد چیمہ

قصور (این این آئی) ڈی ایس پی ٹریفک قصور نعیم احمد چیمہ کا تاجروں کے ہمراہ ریلوے روڈ کا دورہ، ٹریفک پولیس شہریوں کو ٹریفک روانی کے حوالے سے درپیش مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائے گی، غیر قانونی پارکنگ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا۔ تفصیل کے مطابق ڈی پی او قصور عمران کشور کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی ٹریفک نعیم احمد چیمہ نے

بقیہ 49 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ضلعی انتظامیہ نے مختلف سیکٹرز میں جاری غیر قانونی تعمیرات پر پابندی عائد کردی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کی زمین پر غیر قانونی تعمیرات معاملہ، ایف جی ای ایچ اے کے چند سیکٹرز میں غیر قانونی تعمیرات پر ضلعی انتظامیہ نے مختلف سیکٹرز میں جاری غیر

بقیہ 43 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی وی حملہ کیس، عوامی تحریک کے کارکن کی بریت کی درخواست پر نوٹس جاری

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے پی ٹی وی حملہ کیس میں پاکستان عوامی تحریک کے کارکن احسن سہیال کی جانب سے بریت کی درخواست پر متعلقہ حکام کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 4 فروری تک

بقیہ 44 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ نے کے پی کے ملازمین ریٹائرمنٹ عمر بڑھانے کیخلاف ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے کے پی کے ملازمین ریٹائرمنٹ عمر بڑھانے کیخلاف ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا۔ جمعرات کو چیف جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے کیس کی سماعت

بقیہ 45 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے نرسنگ ہاسٹل کے کمرے میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

پشاور (این این آئی) لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے نرسنگ ہاسٹل کے کمرے میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس نے

بقیہ 50 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

قائمہ کمیٹی برائے پارلیمانی امور اراکین کا بروقت ایجنڈے سے متعلق ورکنگ پیپر نہ ملنے پر احتجاج

بروقت ایجنڈا کیوں نہ دیا گیا سب برداشت نہیں، آئندہ ایسا ہوا تو پھر وزارت کے تمام افسران کو تبدیل کروں گا، وزیر مملکت علی محمد خان اپنے سٹاف پر برس پڑے

بائیومیٹرک سسٹم کیلئے صرف مشینوں کی تنصیب پر ہی تیس ارب روپے خرچ ہونگے، حکام الیکشن کمیشن...... بائیومیٹرک سسٹم کی سیکورٹی اور تقدس بھی ضروری ہے، علی محمد خان......بل موخر

راولپنڈی (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے پارلیمانی امور کے اراکین نے بروقت ایجنڈے سے متعلق ورکنگ پیپر نہ ملنے پر احتجاج کیا جس کے بعد وزیر مملکت علی محمد خان اپنے سٹاف پر برس پڑے اور واضح کیا کہ بروقت ایجنڈا کیوں نہ دیا گیا یہ سب برداشت نہیں، آئندہ ایسا ہوا تو پھر وزارت کے تمام افسران کو تبدیل کروں گا۔ جمعرات کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے پارلیمانی امور کا اجلاس ہوا جس میں سانحہ مچھ میں شہید ہونے والے افراد کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی، دہشت گردی کے واقعات اور وطن کے دفاع کے لیے جانیں قربان کرنے والوں کے لیے بھی دعائے مغفرت کی گئی۔ اراکین نے بروقت ایجنڈے سے متعلق ورکنگ پیپر نہ ملنے پر احتجاج کیا۔ وزیر مملکت پارلیمانی امور علی محمد خان اراکین کے احتجاج پر اپنے سٹاف پر برس پڑے۔ علی محمد خان نے کہا کہ بروقت ایجنڈا کیوں نہ دیا گیا یہ سب برداشت نہیں، آئندہ ایسا ہوا تو پھر وزارت کے تمام افسران کو تبدیل کروں گا۔ اراکین نے مطالبہ کیا کہ الیکشن قوانین میں ترامیم اہم معاملہ ہے اس میں جلد بازی نہ کی جائے، یہ معاملہ سپریم کورٹ میں بھی زیر التوا ہے ان کے

بقیہ 51 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان امن وامان بارے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیر اطلاعات کا ادارہ برائے شماریات کا دورہ

اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ سے متعلق بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیراطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے ادارہ برائے شماریات پاکستان کا دورہ کیا اور وفاقی وزیر کو شماریات ڈویژن کے حکام کی جانب سے اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ وزیراطلاعات نے وزیراعظم عمران خان کے ویژن کی روشنی میں پہلی مرتبہ "سینٹرلائزڈ ڈیٹا کولیکشن" پر کام شروع کردیا گیا ہے، پاکستان کے عوام کو

بقیہ 18 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کبھی کوئی چوری نہیں کی، میرے خلاف کوئی سکینڈل نہیں، امیر مقام

عمران خان کو مخالفین کیخلاف کارروائی سے تسکین ملتی ہے، صوبائی صدر مسلم لیگ ن

پشاور (این این آئی) صوبائی صدر مسلم لیگ ن امیر مقام نے کہا ہے کہ کبھی کوئی چوری نہیں کی، میرے خلاف کوئی سکینڈل نہیں، جو سوالات نیب نے کئے سب کے جوابات دیئے۔ امیر مقام نیب پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امیر مقام کا کہنا تھا میں کبھی کوئی چوری نہیں کی، میرے خلاف کوئی سکینڈل نہیں، جو سوالات نیب نے کئے سب کے جوابات دیئے، تین

بقیہ 19 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کو دہشتگردی سے متاثرہ مظلوموں کے مطالبات تسلیم کرنا چاہئیں، بلاول بھٹو زرداری

انجن کے نہ چلنے کے سبب ہمیں کراچی سے کوئٹہ جانے والے طیارے سے اتار دیا گیا ہے، چیئرمین پیپلزپارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وزیراعظم کو دہشتگردی سے متاثرہ مظلوموں کے مطالبات تسلیم کرنا چاہئیں۔ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ میں وزیراعلیٰ سندھ اور سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کے ہمراہ کوئٹہ جانے کے لئے کوشاں ہوں۔ انہوں نے کہا کہ انجن کے نہ چلنے کے سبب ہمیں کراچی سے کوئٹہ

بقیہ 20 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

نیب اور امریکی ایجنسی کے درمیان معاہدہ

ہائی کورٹ نے وفاق کو نوٹس جاری کرتے ہوئے دو ہفتے میں جواب طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) نیب اور امریکی ایجنسی ایف بی آئی کے درمیان سمجھوتے کیخلاف درخواست پر سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ نے وفاق، سیکرٹری دفاع، سیکرٹری خارجہ، سیکرٹری قانون وانصاف کو نوٹس جاری کرکے دو ہفتے میں جواب طلب کرلیا اور کہا ہے کہ ڈپٹی اٹارنی جنرل آئندہ سماعت پر ہدایات لیکر عدالت کو آگاہ کریں۔ جمعرات کو جسٹس عامر فاروق نے کابینہ کی جانب سے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا وائرس سے مزید 50 افراد جاں بحق، 2 ہزار سے زائد مثبت کیسز رپورٹ ہوئے

پاکستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 95 ہزار 507 ہوگئی ہے، سرکاری اعداد وشمار

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں کورونا وائرس سے مزید 50 افراد جاں بحق اور 2 ہزار سے زائد مثبت کیسز رپورٹ ہوئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 40 ہزار 509 کورونا ٹیسٹ کئے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 ٹیسٹس کی تعداد 69 لاکھ 64 ہزار 337 ہوگئی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سانحہ مچھ، قائد ملت جعفریہ کے حکم پر شیعہ علماء کونسل (آج) ملک گیر احتجاج کریگی

جب تک مطالبات تسلیم نہیں ہونگے احتجاج جاری رہے گا، علامہ عارف واحدی

اسلام آباد (این این آئی) قائد ملت جعفریہ پاکستان سید ساجد علی نقوی کے حکم پر سانحہ کیشتری مچھ کیخلاف، مظلوموں سے اظہار یکجہتی اور مطالبات پر عملدرآمد کیلئے (آج) جمعہ 8 جنوری کو ملک گیر احتجاج ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق قائد ملت جعفریہ پاکستان سید ساجد علی نقوی کے حکم پر سانحہ کیشتری مچھ کیخلاف، مظلوموں سے اظہار یکجہتی اور مطالبات پر عملدرآمد کیلئے (آج) جمعہ

بقیہ 23 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کمشنر بنوں ڈویژن کی زیر صدارت انسداد پولیو کے حوالے سے ڈویژنل ٹاسک فورس اجلاس

بنوں ڈویژن میں پولیو کے خاتمے کیلئے سٹاف کی کمی کو ہنگامی بنیادوں پر پورا کیا جائے، شوکت علی یوسفزئی کی ہدایت

پشاور (این این آئی) کمشنر بنوں ڈویژن شوکت علی یوسفزئی نے انسداد پولیو کے حوالے سے منعقدہ ڈویژنل ٹاسک فورس اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بنوں ڈویژن میں پولیو کے خاتمے کیلئے سٹاف کی کمی کو ہنگامی بنیادوں پر پورا کیا جائے تاکہ حکومتی سطح پر پولیو کے خاتمے کیلئے اٹھائے گئے سنجیدہ اقدامات کو عملی جامہ پہنایا جاسکے۔ انہوں نے سیکورٹی کو یقینی بنانے کیلئے حکمت عملی

بقیہ 24 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

منشیات کے روک تھام کیلئے ریسرچ پر زیادہ کام ہونا چاہیے، اعجاز شاہ

اکیڈمی میں موجود سہولیات اور کورسز قابل تعریف ہیں، منشیات کے روک تھام کے لئے ریسرچ پر زیادہ کام ہونا چاہیے

بہتر ریسرچ سے مدد لے کر مزید موثر اقدامات لئے جاسکتے ہیں، ٹریننگ میں مزید بہتری کے لئے بھرپور تعاون کریں گے، وفاقی وزیر

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر انسداد منشیات بریگیڈیئر ریٹائرڈ اعجاز شاہ نے کہا ہے کہ منشیات کے روک تھام کے لئے ریسرچ پر زیادہ کام ہونا چاہیے، بہتر ریسرچ سے مدد لے کر مزید موثر اقدامات لئے جاسکتے ہیں، ٹریننگ میں مزید بہتری کے لئے بھرپور تعاون کریں گے۔ جمعرات کو وفاقی وزیر انسداد منشیات اعجاز احمد شاہ نے اے این ایف اکیڈمی اسلام آباد کا دورہ کیا، ڈی جی اے این ایف میجر جنرل عارف ملک بھی وفاقی وزیر انسداد منشیات اعجاز احمد شاہ کے ہمراہ تھے۔ وفاقی وزیر انسداد منشیات اعجاز احمد شاہ کو اکیڈمی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اکیڈمی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

موٹروے زیادتی کیس میں ملوث ملزمان کو پکڑنیوالی پولیس ٹیموں کو 30 لاکھ روپے انعام دیا جائیگا

کانسٹیبل سے لے کر انسپکٹر رینک کے 40 افسران واہلکاروں کو آئی جی پنجاب انعامی رقم سے نوازیں گے

لاہور (این این آئی) سانحہ لاہور سیالکوٹ موٹروے میں خاتون زیادتی کیس میں ملوث دونوں ملزمان کو پکڑنے والی پولیس ٹیموں کو 30 لاکھ روپے انعام دیا جائے گا، کانسٹیبل سے لے کر انسپکٹر رینک کے 40 افسران واہلکاروں کو آئی جی پنجاب انعامی رقم سے نوازیں گے۔ سانحہ موٹروے کیس کو حل کرنے، ملزمان عابد ملہی اور شفقت کو گرفتار کرنے والے کانسٹیبل سے لے کر انسپکٹر

بقیہ 2 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، رواں سال کے دوران 4146 ملزمان کو گرفتار کیا گیا

صدر زون پولیس کی سال 2020 کی کارروائیوں کی تفصیل جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ایس پی صدر زون محمد سرفراز ورک نے صدر زون پولیس کی سال 2020 میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کی تفصیل جاری کردی جو کہ رواں سال کے دوران 4146 ملزمان کو گرفتار کیا، ملزمان سے گاڑیاں، موٹر سائیکل و دیگر چھینا گیا و لوٹا گیا مال مسروقہ مالیتی 52 کروڑ 85 لاکھ 31 ہزار 260 روپے برآمد کرکے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، سوئی ناردرن گیس کی کارروائیاں

کئی غیر قانونی کنکشنز منقطع، مقدمہ درج، پولیس اسٹیشن میں درخواست جمع کروادی گئی

اسلام آباد (این این آئی) سوئی ناردرن گیس کی یو ایف جی کنٹرول اسپیشل ٹاسک فورس ہیڈ آفس نے پشاور ریجن کے مختلف علاقوں میں کامیاب کاروائی کرتے ہوئے متعدد براہ راست غیر قانونی گیس استعمال اور گھریلو سے تجارتی استعمال کے کیسز پکڑے ہیں۔ پہلی کاروائی باغ کالونی چارسدہ کے قریب کی گئی جس میں گھریلو منقطع شدہ گیس میٹر سے ایک ہوٹل میں گیس تجارتی مقصد کے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

علی امین گنڈاپور سے گلگت بلتستان کے وزیر صحت کی ملاقات، صحت کے شعبے سے متعلق تفصیلی بات چیت

ہسپتالوں میں سی ٹی سکین، الٹراساؤنڈ مشینز، لیبارٹریز اور جدید بیڈز کی سہولیات کو یقینی بنائیں گے، وفاقی وزیر علی امین گنڈاپور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین خان گنڈاپور سے گلگت بلتستان کے وزیر صحت حاجی گلبر خان نے ملاقات کی جس میں گلگت بلتستان کے صحت کے شعبے سے متعلق تفصیلی بات چیت کی گئی۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ماضی میں گلگت بلتستان کے صحت کے شعبے کو نظر انداز کیا گیا، گلگت بلتستان کے بڑے منصوبوں کے لیے فنڈز پی ٹی آئی کی حکومت نے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، نائب صدر ن لیگ مریم نواز ہزار برادری کے دھرنے کے شرکاء سے خطاب کررہی ہیں

مظفرگڑھ، 2 بچیوں کو پٹرول چھڑک کر جلا دیا گیا

مظفرگڑھ (این این آئی) پنجاب کے ضلع مظفرگڑھ میں گھریلو رنجش میں مبینہ طور پر 2 بچیوں کو پٹرول چھڑک کر جلا دیا گیا، دونوں بچیاں جاں بحق ہوگئیں۔ مظفرگڑھ پولیس نے مقدمہ درج کرکے 2 افراد کو گرفتار کرکے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ریٹائرمنٹ کی عمر بڑھانے کیخلاف پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار

اسلام آباد (این این آئی) عدالت عظمیٰ نے خیبرپختونخوا کے ملازمین کی ریٹائرمنٹ کی عمر بڑھانے کے خلاف پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کو کالعدم قرار دے دیا۔ چیف جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے سماعت

بقیہ 6 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پمز ہسپتال کے مظاہرین کا بدھ کو احتجاج کیلئے بنی گالہ جانے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پمز ہسپتال میں ایم ٹی آئی آرڈیننس کے خلاف جاری احتجاج کو 40 روز مکمل ہوگئے، مظاہرین نے بدھ کے روز احتجاج کیلئے بنی گالہ جانے کا اعلان بھی کردیا۔ جمعرات کو احتجاج کے دوران

بقیہ 7 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، ہسپتالوں کے عملے نے کورونا ویکسی نیشن ٹریننگ شروع کردی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد ہسپتالوں کے عملے نے کورونا ویکسی نیشن ٹریننگ شروع کردی۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد کے سرکاری ہسپتالوں کے عملے کی ویکسی نیشن ٹریننگ شروع کردی گئی، ویکسی نیشن ٹیمز کا ٹریننگ سیشن نیشنل ہیلتھ کمپلیکس میں جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق ای پی آئی کے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

معاون خصوصی برائے توانائی تابش گوہر نے استعفیٰ دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے توانائی تابش گوہر مستعفی ہوگئے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ تابش گوہر نے واٹس ایپ کے ذریعے اپنا استعفیٰ بھیجا۔ ذرائع کے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وفاقی وزیر پٹرولیم نے دریا خان میں سوئی گیس فراہمی منصوبہ کا افتتاح کردیا

اپوزیشن جماعتیں اپنی چوریاں چھپانے میں مصروف ہیں، پی ڈی ایم کے غبارے سے ہوا نکل چکی ہے، گفتگو

وزیراعظم کی قیادت میں اجتماعی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں، عوام کو ریلیف دینے پر یقین رکھتے ہیں، عمر ایوب خان

دریا خان (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم عمر ایوب خان نے دریا خان میں سوئی گیس فراہمی منصوبہ کا افتتاح کردیا وفاقی وزیر کا دریا خان پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا۔ ایم این اے ثناء اللہ مستی خیل، ایم پی اے سعید اکبر نوانی، ایم پی اے امیر محمد خان بھی ہمراہ تھے سوئی نادرن گیس کے افسران نے وفاقی وزیر کو بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر عمران ایوب نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں اجتماعی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں، دریا خان کیلئے 76 کروڑ روپے کی لاگت سے سوئی گیس لارہے ہیں۔ پی ٹی آئی حکومت عوام کو ریلیف دینے پر یقین رکھتی ہے۔ پی ڈی ایم اور اپوزیشن

بقیہ 11 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سبی، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس جمال مندوخیل سیشن کورٹ سبی کا معائنہ کررہے ہیں

احیاء پشاور پلان کے تحت تاریخی مقامات پر تقریبات منعقد کی جائیں، تیمور جھگڑا

جامع حکمت عملی کے تحت محکمہ بلدیات ہر ایسے منصوبے میں کلیدی کردار ادا کرے، اکبر ایوب

پشاور (این این آئی) احیاء پشاور پلان صوبائی دارالحکومت کی تاریخی اور تمدنی حیثیت کو دوبارہ بحال کرنے اور اسے دوام بخشنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ پشاور کے تاریخی مقامات اور گھروں میں ثقافتی تقریبات منعقد کی جائیں اور عوام کے لیے کھولی جائیں۔ صوبائی دارالحکومت میں اس طرح کے تمام منصوبوں اور پروگراموں کے لیے جامع حکمت عملی اپنائی جائے جس

بقیہ 25 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ساجدہ سے دوستی تھی، گھر بلا کر میری غیر اخلاقی ویڈیو بنائی، بلیک میل کرتی تھی

بہن کو بھی ساتھ لے آئی، اعجاز کیساتھ مل کر دونوں کو قتل کرکے لاشیں نالے میں پھینک دیں

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقہ کاہنہ میں دو بہنوں کے قتل کے معاملے میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ ملزم نعیم نے دوران تفتیش پولیس کو بتایا کہ میری ساجدہ سے دوستی تھی، اس نے مجھے گھر بلایا، مقتولہ ساجدہ نے گھر بلا کر میری غیر اخلاقی ویڈیو بنائی، وہ مجھے ویڈیو کے ذریعے بلیک میل کرتی تھی۔ ملزم نے پولیس کو بتایا کہ فیکٹری میں ساتھ کام کرنے والے اعجاز کے ساتھ ساجدہ کے قتل کا

بقیہ 26 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سیالکوٹ، 11 جنوری سے 5 روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز کیا جائیگا

انسداد پولیو مہم میں 5 سال سے کم عمر کے 6 لاکھ 70 ہزار 190 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائینگے

سیالکوٹ (این این آئی) ضلع سیالکوٹ میں 11 جنوری سے 5 روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز کیا جائے گا جبکہ 5 روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران 5 سال سے کم عمر کے 6 لاکھ 70 ہزار 190 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے اور معاشرے کو پولیو جیسے موذی مرض سے پاک کرنے کیلئے حکومت کی جانب سے چلائی جانے والی انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے

بقیہ 27 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

داخلوں کیلئے اشتہارات دینے کا معاملہ

پاکستان میڈیکل کمیشن کی جانب سے نوٹس، یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کو ہدایات جاری

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب میں میڈیکل کالجز کی جانب سے داخلوں کیلئے اشتہارات دینے کے معاملے پر پاکستان میڈیکل کمیشن کی جانب سے نوٹس، یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کو ہدایات جاری کردی گئیں۔ پی ایم سی کے مطابق میڈیکل کالجز میں داخلے کے اوقات کار کو فوری طور پر درست کیا جائے۔ ترجمان کے مطابق پی ایم سی کی جانب سے میڈیکل کالجز میں داخلوں کی آخری تاریخ

بقیہ 28 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

چمن، وزیراعظم کے معاون خصوصی محمد شہزاد ارباب چمن بارڈر کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کررہے ہیں

خیبرپختونخوا کو درپیش مسائل وفاقی سطح پر حل کررہے ہیں، اسد قیصر

سی پیک کی وجہ سے صوبے کو زیادہ فائدہ اور یہاں کے عوام کو روزگار کے زیادہ مواقع میسر آرہے ہیں

خالص بجلی منافع اور گیس رائلٹی کے فنڈز کی ادائیگی میں درپیش مسائل حل کرلیے ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی کا جھگڑا ہاؤس پشاور میں تقریب سے خطاب

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کو درپیش مسائل وفاقی سطح پر حل کررہے ہیں۔ سی پیک کی وجہ سے صوبے کو زیادہ فائدہ اور یہاں کے عوام کو روزگار کے زیادہ مواقع میسر آرہے ہیں اور مزید آئیں گے۔ خالص بجلی منافع اور گیس رائلٹی کے فنڈز کی ادائیگی میں درپیش مسائل حل کرلیے ہیں۔ صوبائی قیادت احسن طریقے سے عوام کی خدمت کررہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے جھگڑا ہاؤس پشاور میں اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزراء اور ممبران قومی وصوبائی اسمبلی نے بھی شرکت کی جن میں صوبائی وزیر صحت وخزانہ تیمور

بقیہ 12 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم احمد کھوسہ اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

اسلام آباد، تھانہ سہالہ کی حدود کاک پل کے قریب مسلح ڈاکو تاجر سے دس لاکھ روپے لوٹ کر فرار

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ سہالہ کی حدود کاک پل کے قریب مسلح ڈاکو تاجر سے دس لاکھ روپے لوٹ کر فرار ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق مسلح افراد تاجر سے دس لاکھ

بقیہ 13 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، تھانہ ترنول کے علاقہ میں ایک اور حوا کی بیٹی قتل کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ ترنول کے علاقہ میں ایک اور حوا کی بیٹی قتل کردی گئی۔ ترجمان پولیس کے مطابق تھانہ ترنول کی حدود سے نامعلوم بچی کی لاش

بقیہ 14 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سیالکوٹ، ٹریفک کے مختلف حادثات میں خاتون ہلاک، چار افراد زخمی

سیالکوٹ (این این آئی) ٹریفک کے مختلف حادثات میں ایک خاتون ہلاک اور چار افراد زخمی ہوگئے جبکہ ایک لڑکا نالی میں ڈوب گیا۔ بتایا گیا ہے کہ آڈھا سٹاپ ڈسکہ

بقیہ 15 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

فرنٹ لائن ورکرز اور ہیلتھ پروفیشنلز ہمارے ہیرو ہیں، ڈاکٹر فیصل سلطان

وہ معاشرے جو اپنے کمزور طبقے کا خیال رکھتے ہیں وہ ہی اوپر اٹھتے ہیں، معاون خصوصی کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی صحت ڈاکٹر فیصل سلطان نے فرنٹ لائن ورکرز اور ہیلتھ پروفیشنلز کو ہیرو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے ہیلتھ ورکرز کی عزت اس لیے ہے کہ وہ اپنے آپ کو خطرے میں ڈال کر آگے آئے۔ جمعرات کو وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل سلطان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تقریب کا مقصد

بقیہ 16 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مچھ واقعہ بدامنی پھیلانے کی سازش، بلوچستان کے امن کو کرچی کرچی کردیا گیا، مخدوم جاوید ہاشمی

ملک میں خانہ جنگی کی سی کیفیت ہے جس کے ڈانڈے اسلام آباد سے مچھ تک ملتے جلتے ہیں، بات دہشتگردی سے بھی آگے نکل گئی ہے

حکمرانوں کو ضمیر کی خلش محسوس کرنی چاہیے اور عوام کو مزید سزا دینے کے بجائے اقتدار چھوڑ دینا چاہیے، لیگی رہنما چوہدری خلیل احمد گھمن سے ملاقات میں گفتگو

جہانیاں (این این آئی) سینئر سیاستدان مخدوم جاوید ہاشمی نے کہا ہے کہ ملک میں خانہ جنگی کی سی کیفیت ہے جس کے ڈانڈے اسلام آباد سے مچھ تک ملتے جلتے ہیں، بات دہشت گردی سے بھی آگے نکل گئی ہے، مچھ سانحہ کے لواحقین کے زخموں پر پھاہا رکھنے کے بجائے حکومت کی جانب سے ان کے زخموں پر نمک پاشی کی جارہی ہے، کوئٹہ واقعہ بدامنی پھیلانے کی سازش ہے، بلوچستان کے امن کو کرچی کرچی کردیا گیا، اس واقعہ میں مذہبی منافرت نہیں بلکہ دشمن ملک کا ہاتھ ہوسکتا ہے، حکمرانوں کی ضمیر کی خلش محسوس کرتے ہوئے اقتدار چھوڑ دینا چاہیے کہ ملک چلانا ان کے بس کی بات نہیں ہے۔ انہوں

بقیہ 17 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں